اسلام گناہوں کی تشہیر کو پسند نہیں کرتا۔ کوئی خلوت میں گناہ کرتا ہے تو ممکن ہے اللہ کبھی اس کو توبہ کی توفیق دے دیں ورنہ اللہ کے اختیار میں ہے کہ چاہے اسے سزا دیں یا اسے معاف کر دیں۔ معاف کرنے اور سزا دینے کا اختیار سراسر اللہ رب العزت ہی کے پاس ہے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقه محمد وعلی صحبه وسلم

☆☆☆☆☆

ماہِ رجب میں پیش آنے والے تاریخی واقعات

- رجب ۲ھ: بیت المقدس سے مکہ مکرمہ کی طرف قبلہ تحویل ہوا۔
- رجب ۹ھ: غزوۂ تبوک پیش آیا۔ نبی کریم ﷺ تیس ہزار مسلمانوں کی جماعت کے ساتھ مدینہ منورہ سے بلاد روم کی طرف رومی لشکر کو روکنے کی خاطر روانہ ہوئے، جو مدینہ منورہ پر چڑھائی کے لیے آ رہا تھا۔ چنانچہ معرکہ پیش نہ آیا اور مسلمانوں کی واپسی ہوئی۔ اس غزوہ کی بدولت منافقین اور جن کے دلوں میں مرض تھا آشکارا ہوئے۔
- رجب ۱۴ھ: مسلمانوں نے دمشق فتح کر دیا اور اہل دمشق نے مسلمانوں سے صلح کا مطالبہ کیا۔
- ۲۵ رجب ۱۰۱ھ: امیر المومنین حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کی ۳۹ سال کی عمر میں وفات ہوئی اور یزید بن عبدالملک کے ہاتھ پر بیعتِ خلافت ہوئی۔
- رجب کی آخری شب ۲۰۴ھ: امام شافعی رحمہ اللہ کی ۵۴ سال کی عمر میں وفات ہوئی۔ آپؒ نے اصول فقہ کے موضوع پر عظیم تالیفات تصنیف فرمائیں جن میں اہم کتابیں الرسالہ اور کتاب الام شامل ہیں۔
- ۲۸ رجب ۵۸۳ھ: ۸۸ سال بیت المقدس پر صلیبیوں کے قبضے کے بعد سلطان صلاح الدین ایوبی کی قیادت میں مسلمانوں نے بیت المقدس کو فتح کر دیا۔ آپؒ بیت المقدس میں داخل ہوئے اور مسجد اقصیٰ میں نماز جمعہ ادا فرمائی۔
- ۳۰ رجب ۹۲۲ھ: آخری عباسی خلیفہ متوکل علی اللہ کے انتقال کے بعد دولتِ عثمانیہ کے سلطان سلیم اول کو خلافت منتقل ہوئی اور خلافت عثمانیہ کے پہلے خلیفہ بنے۔

سورۃ الانفال

خواطر، نصائح اور تفسیر

شہید عالمِ ربانی استاد احمد فاروق عِشْلِيّه

الحمد لله رب العالمين، والصلاة والسلام على سيد الانبياء والمرسلين محمد و على آله و صحبه و ذريته اجمعين اما بعد

فقد قال الله سبحانه وتعالى في كتابه المجيد بعد أعوذ بالله من الشيطان الرجيم، بسم الله الرحمان الرحيم

وَإِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِيُثْبِتُوكَ أَوْ يَقْتُلُوكَ أَوْ يُخْرِجُوكَ وَيَمْكُرُونَ وَيَمْكُرُ اللَّهُ وَاللَّهُ خَيْرُ الْمَاكِرِينَ ۝ (سورۃ الانفال: ۳۰)

صدق الله مولانا العظيم

رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي، وَيَسِّرْ لِي أَمْرِي، وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّن لِّسَانِي، يَفْقَهُوا قَوْلِي

اللہ سبحانہ وتعالیٰ فرماتے ہیں:

وَإِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِينَ كَفَرُوا اور یاد کیجیے وہ وقت کہ جب کافر آپ کے خلاف چال چل رہے تھے، لِيُثْبِتُوكَ کہ آپ کو پکڑ لیں، آپ کو قید کر دیں، أَوْ يَقْتُلُوكَ یا آپ کو قتل کر دیں، أَوْ يُخْرِجُوكَ یا آپ کو نکال دیں، جلاوطن کر دیں، وَيَمْكُرُونَ وَيَمْكُرُ اللَّهُ اور یہ (یعنی کافر) مکر کرتے ہیں اور اللہ ان کے خلاف چال چلتا ہے، وَاللَّهُ خَيْرُ الْمَاكِرِينَ اور اللہ بہترین چال چلنے والا ہے۔

اس آیت مبارکہ میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے مسلمانوں کے خلاف، انبیاء اور انبیاء کے پیروکاروں کے خلاف کفار کے جو ہتھکنڈے ہوتے ہیں، ان کا بیان فرمایا ہے، اور بنیادی طور پر تین ہتھکنڈوں کا ذکر کیا ہے: قید کرنا، قتل کرنا اور جلاوطن کرنا۔ یہی ہتھکنڈے رسول اکرم ﷺ کے خلاف بھی استعمال ہوئے اور یہی ہتھکنڈے آج تک انبیاء کے رستے پہ جو بھی چل رہا ہے اس کے خلاف استعمال کیے جاتے ہیں۔ بنیادی طور پہ کسی بھی دین پر چلنے والے کے خلاف کافروں کا آخری حربہ یا زیادہ سے زیادہ کوئی چال ہے جو وہ اختیار کر سکتے ہیں تو وہ یہی تین چیزیں ہیں کہ قید کرنا، قتل کرنا یا جلاوطن کر دینا۔ اللہ کے نبی ﷺ کے دور میں بھی وہ یہی سمجھتے تھے کہ غالباً ان ذرائع سے، ایسے ظلم سے وہ بات کو دبا لیں گے اور اللہ کے دین کی دعوت کو روک لیں گے۔ لیکن بالآخر یہ ثابت ہوا کہ اللہ کی چال غالب رہی اور ان کا ہر حربہ انہی کے خلاف پڑا اور دین کو جتنا دبانے کی کوشش کی اتنا زیادہ وہ پھیلا۔ آج بھی جو راہ حق کو اختیار کرے گا، بالخصوص جہاد کے رستے پر آئے گا، جہاد کے لیے دعوت دے گا، جہاد کے لیے نکلے گا، قتال کے میدانوں کا رخ کرے گا، اس کو ان میں سے کسی نہ کسی چیز کا سامنا کرنا پڑے گا۔ جہاد کے رستے پر آنے والے کو ان تینوں حربوں کے لیے ذہناً تیار ہونا چاہیے: قید، قتل اور جلاوطنی۔ تو یہ انبیاء کا رستہ ہے۔ کسی بھی نبی کی سیرت آپ اٹھا کر دیکھ لیں تو ان کی زندگی میں آپ کو بالکل سکون، اور سالوں تک ایک سے تسلسل سے چلتی زندگی جو کبھی متاثر نہ ہوئی ہو، کبھی کسی نے ان کو اف نہ کہا ہو، کبھی کسی نے ان کے خلاف ظالمانہ اقدام نہ کیے ہوں، ایسی زندگی کبھی نہیں ملتی آپ کو انبیاء کی۔ انبیاء کی زندگیوں میں ہجرتیں آتی ہیں، قتل آتا ہے، شہادتیں آتی ہیں، اعزاو اقربا کا چھننا آتا ہے، اپنوں کا مخالف ہونا آتا ہے، پوری قوم کا اپنے خلاف کھڑا ہو جانا آتا ہے، یہ سب آزمائشیں انبیاء کی زندگی میں آتی ہیں۔ یہ صرف اللہ کے آخری نبی ﷺ ہی کے ساتھ خاص نہیں ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی زندگی دیکھیں! شروع کہاں سے ہوتی ہے؟ عراق کے ایک علاقے سے اور فلسطین اور شام اور گھومتے گھومتے مکہ، اتنا طویل سفر ہے، ہجرتیں در ہجرتیں جو آپ کو کرنی پڑتی ہیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام ہیں، ہجرتوں ہی ہجرتوں کا سفر ہے، پہلے فرعون کے خوف سے بھاگتے ہیں، پھر قوم سمیت فرعون کے خوف سے وہاں سے نکلتے ہیں اور اللہ سبحانہ تعالیٰ اس قوم سمیت صحرا کے اندر ایک طویل سفر کرواتے ہیں، مستقل دربدری کی زندگی ہے، کٹھن اور مشکلات اور دشواریوں والی زندگی ہے۔ کتنے انبیاء ہیں کہ جن کی شہادتیں ہوئیں ان کی قوم کے ہاتھوں، انہوں نے اپنی جان دی اس رستے کے اندر، تو انبیاء کی زندگی ایسی ہے۔

دعوتِ حق اہلِ باطل پر رعب طاری کر دیتی ہے

جیسا کہ روایات کے اندر کسریٰ کے حوالے سے آتا ہے کہ جب اس تک یہ دعوت پہنچی تو اس نے کہا کہ: 'إنّ هذا أمرٌ يكرهُهُ الملُوك'، یہ ایک ایسی دعوت ہے جسے بادشاہ نہیں برداشت کر سکتے۔ تو یہ دعوت اپنی تاثیر کے اعتبار سے ایسی ہی ہے کہ اللہ کے سوا کسی کی حاکمیت قبول نہیں کرتی۔ اللہ کے سوا اللہ کی زمین میں، اللہ کی مخلوق پہ کسی اور کا نظام چلنا قبول نہیں کرتی۔ تو جو بھی یہ دعوت دیتا ہے وہ چاہے تنہا ہی کیوں نہ ہو، مخالفین اس کی دعوت کی قوت و تاثیر سے کانپنے لگتے ہیں۔

آپ دیکھتے ہیں کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام ایک فرد تھے، ان کے ساتھ ان کے بھائی ہارون علیہ السلام تھے، دونوں فرعون کے دربار میں جاتے ہیں، ان کے ساتھ کوئی لشکر کوئی طاقت کچھ بھی نہیں۔ فقط دو بندے ہیں جن کے پاس ان کی زبان ہے بس اور اللہ کا سہارا ہے۔ تو وہ جب فرعون کے دربار میں بات کرتے ہیں تو فرعون اپنی قوم سے کیا کہتا ہے؟ کہتا ہے کہ یہ دو ساحر ہیں جو تمہیں تمہاری زمین سے نکال دینا چاہتے ہیں۔ عجیب بات ہے کہ دو بندے جو خالی ہاتھ آئے ان سے لشکروں کے حامل فرعون کو اتنا خطرہ محسوس ہوتا ہے کہ وہ کہتا ہے کہ

قَالُوْٓا اِنْ هٰذٰىنِ لَسٰحِرٰنِ يُرِيْدٰنِ اَنْ يُّخْرِجٰكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهِمَا وَيَذْهَبَا بِطَرِيْقَتِكُمُ الْمُثْلٰى○(سورۃ طہ: ٦٣)

”انھوں نے کہا کہ: یقینی طور پر یہ دونوں (یعنی موسیٰ اور ہارون) جادو گر ہیں جو یہ چاہتے ہیں کہ اپنے جادو کے زور پر تم لوگوں کو تمہاری سر زمین سے نکال باہر کریں، اور تمہارے بہترین (دینی) طریقے کا خاتمہ ہی کر ڈالیں۔“

یہ تمہیں تمہاری زمین سے نکال دیں گے اور تمہارا جو بہترین طرز زندگی ہے، تمہاری جو اقدار ہیں تمہاری جو ویلیوز ہیں اس کے اور تمہارے لائف اسٹائل (جیسا کہ امریکہ آج کہتا ہے) کے دشمن ہیں، یہ تمہاری اُس زندگی کو ختم کر دینا چاہتے ہیں۔ دو بندوں کے پاس ایسی کیا قوت تھی کہ فرعون، جسے قرآن 'ذو الاوتاد' کہتا ہے، یعنی جو لشکروں والا ہے، جس کے لشکر جب پھیلتے تھے تو خیمے ہی خیمے گڑ جاتے ہر طرف، اتنے بڑے بڑے اس کے لشکر تھے، اور جس نے سالہا سال اپنی قوت کے زور سے بنی اسرائیل کو غلام بنائے رکھا، وہ خطرہ محسوس کرتا ہے اس دعوت سے؟ اسی طرح مکہ کے اندر رسول اکرم ﷺ ایک فرد ہیں، آپ کے پاس کوئی لشکر نہیں ہے، قریش کے مقابلے میں آپ کے پاس کوئی طاقت نہیں ہے، لیکن قریش کے بڑے اکٹھے ہوتے ہیں، آپ کے خلاف سازشوں کے جال بنتے ہیں، طرح طرح کے حربے اختیار کرتے ہیں، لالچ دیتے ہیں، اس لیے کہ پتہ ہے کہ وہ لوگ باطل پہ ہیں اور جو دعوت سامنے سے آرہی ہے وہ حق دعوت ہے۔ ان کو حق دعوت کا آنا اپنی موت نظر آتا ہے۔ ان کو یہ پتہ ہے کہ یہ حق دعوت پھیلے گی تو ان کی جھوٹی خدائیاں پاش پاش ہوں گی اور دنیا کے اندر اللہ کا نظام پھیلے گا۔ ابو جہل سمجھتا تھا کہ لا الہ الا اللہ کتنی خطرناک چیز ہے کفار کے لیے اور باطل کی پیروی کرنے والوں کے لیے۔

جو دعوت بلا مزاحمت قبول کر لی جائے اس میں کچھ نقص ہے

آج دین کی دعوت کو نہ سمجھنے والے اس کو اتنا ہلکا پھلکا پیش کرتے ہیں کہ وہ دعوت آپ جا کر عین امریکہ میں بھی کھڑے ہو کر بیان کرنا چاہیں تو امریکی خود ان کو ویزہ دیتے ہیں کہ لیں جی بسم اللہ! آیئے اور آکر دعوت دیں۔ اس دعوت میں کچھ نقص ہے۔ جو دعوت اتنی کمزور اور پھسپھسی ہو کہ کہنے کو کوئی دین کی دعوت دے رہا ہو اور اسے کوئی کافر کچھ نہ کہتا ہو، کوئی اس سے تعرض نہ کرتا ہو، کوئی اسے روکتا نہ ہو، کوئی اسے پکڑ تا نہ ہو، کوئی اس کو گرفتار نہ کرتا ہو، تو یقیناً اس دعوت میں کوئی کمزوری ہے، یقیناً اس دعوت میں کہیں نہ کہیں کوئی نقص پایا جاتا ہے، ورنہ کفار کبھی بھی دین کی دعوت ٹھنڈے پیٹوں برداشت نہیں کرتے۔

انبیاء کی لائی ہوئی دعوت میں تصادم کا آنا ناگزیر ہے

تو وہ دعوت جو رسول اکرم ﷺ لے کر آئے، وہ دعوت جو تمام انبیاء لے کر آئے اس میں تصادم کا آنا ناگزیر ہوتا ہے۔ باطل پر چلنے والوں سے ٹکر ہونا ناگزیر ہوتا ہے اس دعوت میں۔ یہ دعوت آدھے پونے حل قبول نہیں کرتی، یہ دعوت مداہنت قبول نہیں کرتی، اللہ کے نبی ﷺ کے ساتھ ہر قسم کی ڈیل کرنے کی کوشش کی کفار نے جس سے وہ اپنے اصولوں پر سودے بازی کر لیں، مال کی پیشکش، سلطنت کی پیشکش۔ آج جو لوگ کرسی تک پہنچنے کے لیے تمام جائز و ناجائز ذرائع استعمال کرنا چاہتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ ہم دین کے لیے کر رہے ہیں، اگر یہی کرنا ہوتا تو نبی اکرم ﷺ کو تو انہوں نے آکر کہا تھا کہ ہم آپ کو سردار بنا دیتے ہیں! اگر آج کے ذہن سے سوچیں تو اس وقت آپ ﷺ کو یہی کرنا چاہیے تھا کہ آپ کرسی تک پہنچ جاتے اور پھر جب قوت مل جاتی تو نافذ کر دیتے اور بتدریج دین کو لے آتے کسی اور ذریعے سے، لیکن آپ نے اپنے اصولوں پر سودے بازی کرنا نہیں قبول کیا، اپنی دعوت کو ہمیشہ صاف ستھرا اور واضح رکھا۔

جب نبی کریم ﷺ پر پہلی وحی نازل ہوئی تو آپ ﷺ ورقہ بن نوفل کے پاس گئے تو ان کا پہلا ردعمل یہ تھا کہ تم جو دعوت لے کر آئے ہو وہ تم سے پہلے جو بھی لے کر آیا ہے ضرور اس سے عداوت رکھی گئی ہے، ضرور اس سے دشمنی کی گئی ہے۔ اور کہا کہ کاش میں اس وقت جوان ہوتا، قوت میں ہوتا جب تمہاری قوم تمہیں جلاوطن کر دے گی، کاش اس وقت میں تمہاری مدد کرنے کے قابل ہوتا۔ تو آپ ﷺ نے حیرت سے دریافت فرمایا کہ مجھے! میری قوم مجھے نکالے گی؟ آج یہ قوم جسے صادق کہتی ہے، امین کہتی ہے، احترام کرتی ہے اس سے محبت کرتی ہے، وہ ہستی کہتی ہے کہ مجھے قریش کے لوگ یہاں سے نکال دیں گے؟ مکہ والے یہاں سے نکال دیں گے؟ تو اس کے جواب میں وہ یہ کہتے ہیں کہ جو دعوت تم لے کر آئے ہو وہ جو بھی لے کر آتا ہے اس کے ساتھ یہی ہوتا ہے۔

دین کی قدر آزمائشوں سے گزر کر ہی آتی ہے

تو یہ رستہ ہے ہی ایسا پیارے بھائیو کہ جو اس رستے پر چلے گا اسے ان تین چیزوں کے لیے تیار رہنا چاہیے، قید کے لیے، قتل کے لیے، جلاوطنی کے لیے۔ اور جب ان آزمائشوں کی بھٹی سے کوئی داعی گزرتا ہے، کوئی دین کا حامل فرد گزرتا ہے پھر اس کو اپنے دین کی قدر آتی ہے، جب دین کی خاطر اس کا خون گرتا ہے تو اس دین کی محبت تب اس کے سینے میں پیدا ہوتی ہے، جب وہ اس کی خاطر کچھ قربان کرتا ہے، جب اس کی خاطر وہ کچھ دیتا ہے۔

ایک ایسا دین کہ جس کی خاطر آپ نے کچھ بھی نہ دیا ہو، کچھ بھی نہ قربان کیا ہو، آپ اس کی قدر نہیں کر سکتے۔ قدر دل میں پیدا تب ہوتی ہے جب آپ کا بھائی اس کی خاطر شہید ہوتا ہے، جب آپ کا باپ اس کی خاطر جیل جاتا ہے، جب آپ کی بہنیں اس کی خاطر اذیتیں برداشت

کرتی ہیں، جب آپ خود اپنے جسم کا خون اس رستے میں دیتے ہیں، پھر آپ کو قدر آتی ہے کہ یہ کتنا قیمتی دین ہے اور یہ آپ کو اپنی جان سے، اپنے مال سے اپنے اہل وعیال سے ہر چیز سے زیادہ عزیز ہے۔

تو یہ تین چالیں ہیں کفار کی۔ کفار نے اُس دور میں بھی یہ سمجھا کہ وہ ان کے ذریعے دین کو دبا لیں گے۔ لیکن وہ یہ نہیں جانتے کہ یہ دین کتنی قوی چیز ہے۔ یہ اللہ کا دین ہے۔ یہ اللہ کا وہ نور ہے جو پھونکوں سے نہیں بجھایا جاتا۔

پہلا حربہ: (سنت انبیاء) قید

آج کے دور میں بھی کتنے ہی لوگ ہیں جو اللہ کے رستے پر چلے، وہ علمائے حق ہوں، وہ مجاہدین ہوں، وہ دین کے داعی ہوں کہ جن کو دین پر چلنے کی پاداش میں قید کیا گیا۔ تو اُس دور میں بھی قید کا حربہ استعمال کیا گیا۔ ابتدائی دور تھا اسلام کا، مسلمان کمزوری کے عالم میں تھے، حضرت بلال رضی اللہ عنہ، حضرت خباب رضی اللہ عنہ، خواتین میں حضرت سمیہ رضی اللہ عنہا اور اسی طرح دیگر بہت سے خواتین و حضرات صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین تھے کہ جن کو قید کا سامنا کرنا پڑا۔ اور یہ قید انبیاء کی سنت ہے۔ یہ یوسف علیہ السلام کی سنت ہے۔ اس قید کے ذریعے انہوں نے چاہا کہ دین کو دبائیں۔ لیکن وہ دبا نہیں۔ وہ اُس دور میں بھی پھیلا۔ اِس دور میں بھی ہم دیکھتے ہیں کہ جیل مدرسے کا کام دیتے ہیں۔ طالبان کی صفوں میں دیکھیں افغانستان کے اندر تو وہاں بھی قائدین کی سطح پہ بہت سے لوگ آپ کو وہ نظر آتے ہیں جو جیلوں سے ڈگری لے کر نکلے، مدرسے کا کام دیا ان کے لیے جیل نے، کوئی چھ سال لگا کے نکلا کوئی آٹھ سال لگا کے نکلا۔ اسی طرح قبائلی پٹی کے محاذ پر دیکھیں تو یہاں بھی طالبان ہوں، القاعدہ سے وابستہ مجاہدین ہوں یا دیگر مجموعات سے وابستہ مجاہدین ہوں ان میں سے بھی قیادت کا ایک بہت بڑا حصہ وہ ہے جو جیلوں سے فارغ التحصیل ہے، جو جیلوں سے اپنی اپنی ڈگریاں لے کر نکلا ہے۔ آپ دیکھتے ہیں کہ ایک عام مجاہد ہوتا ہے، وہ جیل میں داخل ہوتا ہے، جب جیل سے کچھ سال بعد باہر آتا ہے تو قرآن حفظ کر چکا ہوتا ہے، ان علماء سے جو دین پر چلنے کے جرم میں جیل میں ہوتے ہیں ان سے وہ حدیث کی کتابیں پڑھ چکا ہوتا ہے، کئی ساتھی ایسے ہیں جو جیل جانے سے پہلے عامی تھے اور جیل سے نکلے تو باقاعدہ علماء بن چکے تھے۔ تو اللہ تعالیٰ نے ان کی تربیت کا انتظام کیا۔ ہو سکتا ہے کہ وہ ویسے کبھی بھی نہ پڑھتے، ساری زندگی بندوقوں میں ہی گم رہتے لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کو چھ سات سال جیل کی ہوا سے گزار کے ان کی سطح کہیں سے کہیں پہنچا دی۔

پھر علم دین سے ہٹتے ہوئے بھی جیل ایک بھرپور تربیت گاہ ہے۔ آپ کو وہاں دنیا کی بدترین مخلوق سے لے کر بہترین مخلوق تک سب مل جاتی ہے۔ اور ہر قسم کے لوگوں کے ساتھ کٹھن حالات میں رہنے سے جو تجربہ حاصل ہوتا ہے وہ سالوں میں کبھی نہیں حاصل ہوتا جو جیل کے چند ایام میں حاصل ہو جاتا ہے۔ انسان انسانوں کو پہچاننا سیکھ جاتا ہے، انسانوں سے تعامل کرنا سیکھ جاتا ہے، تنگیاں اور آزمائشیں سہنا سیکھ جاتا ہے، صبر کرنا سیکھ جاتا ہے۔ تو جیل سے نکلے ہوئے افراد بہت قیمتی ہوتے ہیں۔ کافروں نے اپنے تئیں یہ سمجھا کہ وہ گوانتانامو سے، بگرام سے، ابو غریب سے امت کو توڑیں گے یا خوفزدہ کر دیں گے، اس کی تصویریں نشر کر کر کے ڈرائیں گے، لیکن اس کا نتیجہ ہمیشہ الٹا ہوا کہ وہاں سے ایسے ایسے ہیرے موتی برآمد ہوئے اور ایسے ایسے لوگ نکلے جو آج تک ان کے لیے ناک میں دم کرنے کا سبب بنے ہوئے ہیں۔ تو یہ ایک حربہ ہے جو وہ اختیار کرتے ہیں کہ قید کے ذریعے روکیں۔

دوسرا حربہ: قتل (یعنی شہادت)

دوسرا حربہ قتل ہے۔ اور یہ حربہ بھی صرف رسول اکرم ﷺ کے ساتھ خاص نہیں بلکہ قرآن بار بار ذکر کرتا ہے، اصحاب کہف کا ذکر کرتا ہے:

إِنَّهُمْ إِن يَظْهَرُوا عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوكُمْ أَوْ يُعِيدُوكُمْ فِي مِلَّتِهِمْ وَلَن تُفْلِحُوا إِذًا أَبَدًا ○ (سورۃ کہف: ۲۰)

”کیونکہ اگر ان (شہر کے) لوگوں کو تمہاری خبر مل گئی تو یہ تمہیں پتھراؤ کر کے ہلاک کر ڈالیں گے، یا تمہیں اپنے دین میں واپس آنے کے لیے مجبور کریں گے، اور ایسا ہوا تو تمہیں کبھی فلاح نہیں مل سکے گی۔“

اصحاب کہف جب بیدار ہوتے ہیں تو ایک دوسرے سے کہتے ہیں کہ جب باہر نکلو گے تو ہوشیار رہنا، گر انہوں نے تم پہ قبضہ پالیا تو یا تمہیں رجم کر دیں گے، سنگسار کر کے قتل کر دیں گے، یا تمہیں واپس اپنی ملت میں پلٹا لیں گے۔ تو جب کوئی اور رستہ نہیں بچتا تو کافر یہی دو رستے چھوڑتے ہیں۔ یا وہ کہتے ہیں، جو ہمیں بھی دعوت دی جاتی ہے کہ main stream (مرکزی دھارے) میں واپس آجاؤ، یہی دعوت اُس وقت بھی تھی کہ ہمارے قومی دھارے میں، ہماری ملت میں، جو ہمارے گمراہ طریقے ہیں ان پر واپس آجاؤ یا پھر سنگسار ہونے کے لیے، قتل ہونے کے لیے تیار ہو جاؤ۔ تو ہر دور میں انبیاء کو اسی طرح پکارا گیا، اسی طرح ان کو دھمکی دی گئی کہ یا سنگسار ہو گے یا اپنے قومی دھارے میں واپس آجاؤ۔ تو یہ کوئی نئی بات نہیں ہے۔

قرآن کے تبصرے دائمی تبصرے ہوتے ہیں، ایسے تبصرے جو قیامت تک آپ کو رہنمائی دیتے ہیں۔ جیسے تک جو کل کا فرعون کہتا تھا وہی آج کا فرعون کہتا ہے۔ جو کل کے اہل ایمان کہتے تھے وہی آج کے اہل ایمان کہتے ہیں۔ وہی تصویریں ہیں۔ لیکن ضرورت اس بات کی ہے کہ اس امت کے نوجوان قرآن کی روشنی میں زندگی گزارنا سیکھیں۔ قرآن کو ایک جامد چیز کے بجائے ایک زندہ کتاب کے طور پر پڑھیں جو ہر وقت ہر لمحے میں ان کو رہنمائی دیتی ہے۔ تو یہ دھمکیاں تھیں جو کل بھی دی گئیں کہ قتل کر دیں گے، مار دیں گے، بوٹیاں علیحدہ کر دیں گے، لیکن جواب ہمیشہ اہل ایمان کا ایک سا ہوتا ہے۔ وہ جواب ہوتا ہے جو ساحروں نے فرعون کو دیا جب وہ ایمان لے آئے، جب ان کو دھمکی دی گئی کہ:

فَلَاُقَطِّعَنَّ اَيۡدِيَكُمۡ وَاَرۡجُلَكُمۡ مِّنۡ خِلَافٍ وَّلَاُوصَلِّبَنَّكُمۡ فِيۡ جُذُوۡعِ النَّخۡلِ (سورۃ طہ: ۷۱)

”اب میں نے بھی پکا ارادہ کر لیا ہے کہ تمہارے ہاتھ پاؤں مخالف سمتوں سے کاٹوں گا، اور تمہیں کھجور کے تنوں پر سولی چڑھاؤں گا۔“

تو ان کا کیا جواب تھا؟

فَاقۡضِ مَآ اَنۡتَ قَاضٍ (سورۃ طہ: ۷۲)

کر لو جو کرنا ہے! جو فیصلہ کرنا ہے تم نے کر لو، جو تمہارے بس میں ہے، جو چال چلنی ہے چل لو۔ تو یہ وہ جواب ہے جو اہل ایمان کی طرف سے ہمیشہ ایسی دھمکیوں کے جواب میں ملتا ہے اور اس سے کافروں کا ذلیل و حقیر ہونا اور ان کا عاجز و بے بس ہونا پوری طرح کھل کے سامنے آجاتا ہے۔

ایک بندے کے پاس سلطنت ہے، لاکھوں کی فوجیں ہیں، آپ کو پکڑا ہوا ہے، ایک بے بس آدمی ہے جس کے خلاف وہ ہر قسم کے اذیت کے حربے استعمال کر رہا ہے اور وہ اس سے اتنی سی بات کہلانا چاہتا ہے جو وہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے کہلانا چاہتا تھا کہ احد احد کہنا بند کر دو اور دین سے واپس لوٹ جاؤ، پر وہ ایک بندے کے عزم کو نہیں توڑ پاتا۔ اس سے زیادہ عاجز کون ہو گا جو ایک بندے کے سینے میں جو عزم ہے اس کو نہ توڑ سکتا ہو؟ تو وہ ﴿فَاقۡضِ مَآ اَنۡتَ قَاضٍ﴾ کا جواب ہمیشہ کے لیے اہل ایمان کی طرف سے جاتا ہے اور کافروں کو یہ واضح پیغام دیتا ہے کہ اللہ کے اوپر ایمان جب سینے میں راسخ ہو جائے تو وہ اس ظلم سے اس جبر سے، وہ جیٹ جہازوں کے استعمال سے، وہ ہیلی کاپٹروں سے، وہ توپیں داغنے سے، وہ ان چیزوں سے نہیں ختم ہو سکتا۔

تو یہ وہ پیغام ہے جو آج امریکہ کو دے رہے ہیں مجاہدین اپنے عمل سے۔ یہ وہ پیغام ہے جو آج پاکستانی فوج کو دے رہے ہیں مجاہدین اپنے عمل سے۔ چھ ماہ تک پاکستانی فوج نے محسود میں آپریشن سے قبل دن رات بمباری کی۔ جیٹ جہازوں کا اس قدر استعمال یقین سے ہم کہتے ہیں کہ انہوں نے کبھی نہیں کیا کہ چھ ماہ تک تو ان کی کوئی جنگ کبھی نہیں رہی۔ نہ انہوں نے سن پینسٹھ بھی کبھی استعمال کیا نہ اکہتر میں اس طرح استعمال کیا، کبھی کسی کافر کے خلاف نہیں استعمال کیا۔ تو چھ ماہ تک ہمارے اوپر بلا توقف بمباری ان کی ہوتی رہی۔ اور آج بھی ان کا خیال ہے کہ انہوں نے سوات سے لے کر خیبر اور کرزئی اور جگہ جگہ مجاہدین پر زمین تنگ کی ان کو پیچھے دھکیلا۔ سوال ان سے بس اتنا سا ہے کہ کیا مجاہدین اپنی دعوت سے پیچھے ہٹ گئے؟ کیا مجاہدین اپنے مشن سے پیچھے ہٹ گئے؟ کیا مجاہدین اپنے رستے سے پیچھے ہٹ گئے؟ الحمد للہ وہ آج بھی ادھر ہی جمے ہوئے ہیں اور یہ اونچ نیچ، یہ تو وقتی ہوتی ہے اور یہ جنگ کا حصہ ہوتا ہے، جنگ کی فطرت ہی یہ ہے، جو احادیث کے اندر آتا ہے کہ ’الحرب سجالٌ و دُوَل‘، وہ ڈول کی طرح ہے، کبھی کوئی ڈول بھر کے لے جاتا ہے کبھی کوئی اور۔ کبھی ایک کو فتح ملتی ہے کبھی دوسرے کو فتح ملتی ہے۔ تو یہ تو سب کچھ واپس پلٹ جانا ہے۔ اصل فیصلہ اس بات کا ہوتا ہے کہ کیا وہ اس عزم کو توڑ پائے؟ کیا وہ اس نظریے کو بدل پائے؟ تو وہ نہیں بدل پائے اور نہ وہ بدل سکتے ہیں، اس لیے کہ جو حق پہ کھڑا ہو وہ کبھی بھی باطل کے اس قسم کے حربوں سے نہیں رکتا۔

تو قتل وہ دوسرا حربہ ہے جو انہوں نے استعمال کیا، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف بھی استعمال کرنا چاہا لیکن جواب ہمیشہ وہی ملا، نہ صحابہ کبھی اس کی وجہ سے پیچھے ہٹے اور نہ صحابہ کے رستے پہ چلنے والوں کو ان دھمکیوں یا آزمائشوں کی وجہ سے پیچھے ہٹنا چاہیے۔ اس کی اگر ماضی قریب میں کوئی مثال ملتی ہے تو عبد الرشید غازی رحمۃ اللہ علیہ کی شہادت کے جو آخری چند دن ہیں وہ عین اسی ﴿فَاقۡضِ مَآ اَنۡتَ قَاضٍ﴾ کی تفسیر ہیں کہ کر لو جو کرنا ہے۔ گھیرے میں ایک بندہ ہو، پانی بند ہو، بجلی کٹی ہو، زندگی تنگ ہو اور ہر طرف سے اس کو پتا ہو کہ یہاں سے بچ کر جانا ممکن ہے، یہاں لڑنے کا مطلب شہادت ہی ہے اور اس کو پیشکش کی جا رہی ہو کہ ہتھیار ڈال دو، گرفتاری دے دو، اور وہ نہ پیچھے ہٹے، تو بہت عظمت والی موت ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی شہادت قبول فرمائے، بہت عظمت والی موت ہے یہ۔ تو یہ ہے دوسرا حربہ۔

تیسرا حربہ: جلاوطنی (یعنی ہجرت)

تیسرا حربہ جلاوطنی ہے۔ قید جو ہے وہ مدرسہ ہوتا ہے مجاہدین کا، قتل مجاہدین کے لیے شہادت ہوتی ہے، قتل کی تو وہ خود تمنا کرتے ہیں اور اگر مجاہدین کے بس میں ہو تو ان میں سے ہر ایک وہ کرے جو سورۃ البروج کی تفسیر میں واقعہ آتا ہے کہ نوجوان کو قتل کرنے کی ہر طرح سے کوشش کر دیکھتا ہے، اس کے ایمان کی پاداش میں اسے قتل کیا جا رہا ہوتا ہے لیکن وہ نہیں قتل ہو رہا ہوتا، اللہ تعالیٰ اس کی حفاظت فرماتے ہیں تو آخر میں وہ پھر طریقہ سجھاتا ہے کہ تم ’بسم رب ھذا الغلام‘، یعنی اس لڑکے کے رب کے نام کے ساتھ کہہ کر مجھے تیر مارو گے پھر میں شہید ہوں گا۔ یعنی اپنے آپ کو شہید کرنے کا طریقہ وہ اسے خود سجھاتا ہے۔ مجاہدین کے تو دل کی یہ کیفیت ہوتی ہے۔ وہ تو نکلتے ہی اس لیے ہیں کہ شہادت حاصل کریں تو ان کو شہید کر کے کوئی خوش ہوتا ہے تو وہ تو احمق ہے، وہ تو چاہتے ہی یہ تھے، یہی تو ہدف تھا ان کا، سب سے بڑی تمنا ان کی زندگی کی یہ تھی، تو قید ان کا مدرسہ ہوتا ہے، قتل ان کے لیے شہادت ہوتی ہے اور تیسری چیز جلاوطنی ہے جو ان کے لیے سفر و سیاحت ہوتا ہے، جیسا کہ حدیث میں آتا ہے، ’سِيَاحَةُ أُمَّتِي الجِهاد‘، میری امت کی سیاحت جہاد ہے۔ تو مجاہد کو اور کیا چاہیے! وہ تو گھومنے پھرنے کے لیے ویسے ہی موقع کی تلاش میں ہوتا ہے۔ جب اس کی دوڑ لگتی ہے، جب ایجنسیاں چھاپے مارتی ہیں، جب دشمن اس کے پیچھے بھاگتا ہے، تو اس کے لیے ایک اور دنیا کھول دیتی ہے وہ چیز۔ اور جس طرح مکہ سے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نکلے تو کافروں نے ایک لمحے کے لیے تو سکھ کا سانس لیا کہ چلو یہاں سے تو گئے، لیکن دس سال گزرنے کی دیر تھی کہ وہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم دس ہزار کا لشکر لے کر مکہ کے دروازے پر کھڑے تھے اور دوبارہ کسی کے اندر لڑنے کی ہمت نہیں تھی۔

تو اللہ تعالیٰ مزید دروازے کھولتے ہیں جو کافروں کے وہم و گمان میں نہیں ہوتے۔ امارت اسلامیہ پر حملہ کیا تو ان کا خیال تھا کہ انہوں نے سارے مجاہدین کی قوت توڑ دی، ان کو نکال دیا، امارت سے سب بکھر گئے، وہ شہد کی مکھیوں کی طرح سب بکھرے اور وہی دس سال گزرے اور اس کے بعد انہی مجاہدین میں سے ایک صومالیہ میں جہاد کی قیادت کر رہا ہے، ایک الجزائر میں قیادت کر رہا ہے، ایک یمن میں قیادت کر رہا ہے جو جیلوں سے چھوٹ کر نکلا اور ایک عراق کے اندر قیادت کر رہا ہے۔ وہی جہاد جو ایک جگہ بند تھا، وہ چھ سات محاذوں پر پھیل گیا، اور دیکھتے ہی دیکھتے ان کے لیے مصیبت کا سامان ہو گیا۔

تو یہی وہ تیسرا حربہ ہوتا ہے جس کو وہ مجاہدین کے خلاف یا اللہ کے دین پر چلنے والوں کے خلاف استعمال کرتے ہیں، جلاوطنی اور یہ جلاوطنی ہمیشہ واپس انہی کے خلاف الٹی پڑتی ہے۔ کسی مجاہد کے لیے یا دین پر چلنے والے کے لیے وہ ہجرت کا رستہ ہے جو اس کو بہت کچھ سکھاتا ہے۔ ہجرت کے اندر انسان پختہ ہوتا ہے، وہ طرح طرح کے لوگوں سے ملتا ہے، طرح طرح کے حالات سے گزرتا ہے، اپنے وطن اپنی قوم سے دور ہوتا ہے، اجنبی علاقوں میں گھاٹ گھاٹ کا پانی پینے کا موقع ملتا ہے، طرح طرح کے حالات سے گزرنے کا، تو اس بھٹی سے گزر کے جو انسان تیار ہوتا ہے وہ کچھ اور چیز ہوتا ہے، وہاں قیادتیں تیار ہوتی ہیں، ان آزمائشوں سے گزر کے امت کے بوجھ سنبھالنے کی صلاحیت رکھنے والے لوگ تیار ہوتے ہیں۔

تو یہ وہ تین حربے ہیں جو کافروں کے پاس ہیں۔ یہ ان کی آخری انتہا ہے جو وہ ہمارے خلاف کر سکتے ہیں اور وہ قید ہے جو مدرسہ، قتل ہے جو شہادت اور وہ جلاوطنی ہے جو کہ ہجرت ہے۔ ہجرت کی تو ویسے ہی اتنی فضیلت ہے۔ حدیث میں آتا ہے کہ ”کیا تم جانتے نہیں کہ اسلام اپنے سے پیچھے کے سارے گناہوں کو مٹا دیتا ہے اور ہجرت اپنے سے پیچھے کے سارے گناہوں کو مٹا دیتی ہے“، تو ہجرت تو اتنے عظیم اجر و ثواب والی عبادت ہے کہ مجاہد تو ویسے ہی موقع ڈھونڈ رہا ہوتا ہے کہ اسے اس کی سعادت مل سکے، کہ وہ اللہ کی خاطر ہجرت کرے، وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے نقش قدم پر چلے، وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نقش قدم پر چلے، صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کے نقش قدم پر چلے۔

تو پیارے بھائیو یہ وہ تین حربے ہیں اور انہی تین کے بارے میں مکہ کے بڑے بڑے سردار ’دار الندوہ‘ میں اکٹھے ہوئے کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت کو جب وہ کسی طرح نہیں دبا پائے تو ان کے بڑوں نے کہا کہ آؤ مل بیٹھ کے مشورہ کرتے ہیں کہ کیسے اس دعوت کا علاج کیا جائے۔ تو یہی تین مشورے تھے جو مختلف لوگوں کی طرف سے آ رہے تھے۔ دار الندوہ اس وقت کی ان کی پارلیمنٹ تھی، اور پارلیمنٹ جس طرح آج اکٹھی ہوتی ہے اور دہشت گردی کی مذمت میں قراردادیں اور کبھی ان کے خلاف آپریشن کرنے کی قراردادیں دیتی ہے، اسی طرح اس وقت ان کی پارلیمنٹ دار الندوہ میں سب اکٹھے ہوئے، انہوں نے ایک قرار داد پاس کرنے کا فیصلہ کیا جس سے اس مسئلے کا ہمیشہ کے لیے علاج ہو جائے، اسلام کی دعوت ہمیشہ کے لیے دب جائے۔

تو بعض روایات کے مطابق، جو فیصلہ ہوا یعنی جو قرار دار منظور ہوئی وہ یا ابو جہل کی پیش کردہ تھی اور بعض روایات کے مطابق شیطان خود ایک بوڑھے انسان کی شکل میں آیا اور اس نے وہ قرار دار پیش کی جس کے اوپر سب نے لبیک کہی۔ اور وہ قرار داد یہ تھی کہ قتل تو کرنا ہے لیکن اگر کوئی ایک قبیلہ آگے بڑھ کر یہ کرے گا تو پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پوری قوم اس کی مخالف ہو جائے گی، لہٰذا ایسا کرتے ہیں کہ ہر قبیلے سے ایک ایک نوجوان چنتے ہیں اور سب مل کر حملہ کریں گے تاکہ اتنے قبیلوں پر خون بٹ جائے کہ بالآخر قریش کو، یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قوم کو دیت لینے پر راضی ہونا پڑے۔ تو یہ وہ شیطانی چال تھی جس کے اوپر سب کا اتفاق ہوا، لیکن اللہ فرماتے ہیں ﴿وَيَمْكُرُونَ وَيَمْكُرُ اللّٰهُ﴾ وہ چال چلتے ہیں لیکن اللہ تعالیٰ بھی چال چلتے ہیں، انہوں نے اپنے تئیں بہت محکم منصوبہ بندی کی، گھر کو گھیر لیا اور بظاہر یہ نظر آ رہا تھا کہ یہ شاید دین کا آخری دن ہو، اس لیے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، جو محور تھے اس پوری دعوت کے، وہ گھیرے میں آ چکے تھے، اسلام اتنا ضعیف تھا۔

تھوڑی دیر کے لیے اس پہلو سے سوچنے کی بات ہے کہ وہ دین جو بعد میں تین براعظموں تک پھیلا، ایک دن ایسا بھی اس دین پر گزرا کہ جب اس کا نبی بھی غیر محفوظ تھا اور جب اس کے نبی کا گھر گھیرے میں تھا اور اسلام کو چاہنے والے یا نبی سے محبت کرنے والے بچانے کی پوزیشن میں بھی نہیں تھے۔ تو یہ وہ طعنہ ہے جو بہت سے لوگ مجاہدین کو دیتے ہیں کہ یہ دیکھو ان کی تو قیادت غاروں میں چھپتی پھرتی ہے۔ تو غاروں میں چھپنا تو خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے کہ اس کے بعد کے سفر میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم غار ہی میں چھپے تھے، تو جو بھی اس رستے پر چلے گا اس پر یہ سب کچھ گزرے گا، یہ کوئی عار کی بات نہیں ہے۔ وہ جماعتیں جو آج بازاروں، گلیوں اور شہروں میں دفاتر کھول کر بیٹھی ہیں بڑے بڑے بینر لگا کر اور ان میں کا کوئی فرد طعنہ دیتا ہے کہ یہ دیکھو ان کی قیادت پہاڑوں میں چھپتی پھرتی ہے تو یہ تو عین سنت پر چل رہی ہے۔ وہ بات اتنی سچی کر رہی ہے جو کافروں پر اس قدر بھاری گزر رہی ہے کہ اس کے بعد ان کو پہاڑوں ہی میں ہونا چاہیے اور شاہین پہاڑوں میں ہی ہوتے ہیں۔

تو دین خطرے میں تھا۔ یوں معلوم ہوتا تھا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کی بس یہ آخری رات ہو اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شہادت گویا آنکھوں کے سامنے تھی۔ ہم بعض اوقات ان واقعات پہ سے سرسری گزر جاتے ہیں، جبکہ تھوڑی دیر سوچنا چاہیے کہ نبی کی سیرت کیسے خطرات سے پر ہے اور موت کو اپنی آنکھوں سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا اور پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنی جگہ لٹایا۔ یہاں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی فضیلت بھی آتی ہے کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی جگہ لیٹنا ایک طرح سے فدائی کارروائی تھی کہ آپ ان کی جگہ لیٹنے پر تیار ہوئے۔ پورا امکان تھا کہ جو اندر گھستا سیدھا آپ پر تلوار پڑتی، دیکھتا بھی نہ کہ کون لیٹا ہوا ہے سامنے۔ ان کو اپنی جگہ لٹا کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم باہر نکلے اور اللہ رب العزت نے ایک معجزے کے ذریعے آپ کو نکالا کہ اللہ نے محاصرے کے لیے آنے والوں پر اونگھ طاری کی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان میں سے ایک ایک کے سر پر خاک

ڈالی تا کہ بعد میں ذلیل بھی ہوں، بعد میں لوگوں کو پتا بھی چلے کہ یہ نکلے بھی ہیں اور ان میں سے ایک ایک کے سر پر مٹی ڈال کر نکلے ہیں جو اپنی طرف سے بالکل چوکنا تھے۔ تو اللہ رب العزت نے ان پر اونگھ طاری کی، آپ ﷺ نے ان کے سروں پر مٹی ڈالی اور ان کے درمیان سے گزر کر نکل گئے۔ بعد میں جب انہیں ہوش آیا تو ہر ایک نے اپنے سر پر مٹی دیکھی تو حیران ہوا اور پشیمان ہوا۔ عالم اسباب میں تو اس وقت کوئی مقابلہ نہ تھا۔ ایک گھرے ہوئے گھر میں ایک اکیلا بندہ کیا کر سکتا ہے؟ لیکن اللہ کی نصرت آئی اور اللہ نے اپنے دین کو پھیلانے کا فیصلہ کیا تھا لہٰذا اللہ نے اس دین کی حفاظت کرنی تھی۔ رسول اللہ ﷺ وہاں سے نکلے اور بعد ازاں سفر ہجرت پر نکلے اور پھر ہم نے جس طرح کہا کہ کافروں نے اپنے تئیں وہ چال چلی جس سے ان کا خیال تھا کہ مسئلہ ختم ہو جائے گا، وہ مسئلہ نا صرف یہ کہ ختم نہیں ہوا بلکہ رسول اللہ ﷺ خیریت سے نکل گئے، حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نکل گئے، صحابہ رضی اللہ عنہم کی باقی غالب اکثریت نکل گئی اور پھر دس سال کے بعد وہی واپس لوٹے اور وہی لوگ کہ جو کل تک آپ ﷺ کے گھر کو گھیرے ہوئے تھے، وہی ہاتھ باندھ کر سر جھکا کر نبی کریم ﷺ کے سامنے کھڑے تھے اور رسول اکرم ﷺ نے جب پوچھا کہ میرے بارے میں تمہارا کیا گمان ہے تو کہا کہ 'اخٌ کریم وابن اخٍ کریم'، تو وہی جو کل تک خون کے پیاسے تھے، وہ جب تلوار سر پر آئی تو بالکل تیر کی طرح سیدھے ہو گئے، کہنے لگے کہ آپ تو شریف بھائی ہیں اور شریف بھائی کے بیٹے ہیں تو آپ سے ہمیں خیر ہی کی توقع ہے۔ تو اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے ان کی چال انہی پر الٹ دی۔ ہو سکتا ہے کہ وہیں رہنے دیتے، ایسا فیصلہ کن اقدام نہ اٹھاتے تو ہجرت اور موخر ہو جاتی، لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کی اس حرکت کی وجہ سے رسول اللہ ﷺ کے وہاں سے نکلنے کا سبب بنایا، اللہ نے اپنے دین کی حفاظت کی اور اتنی اچھی سرزمین کی طرف لے گئے کہ جو اصل میں رسول اللہ ﷺ کی قوم نہیں تھی لیکن انہوں نے آپ ﷺ کا اپنی قوم سے بڑھ کر دفاع کیا، اپنے دل کے ٹکڑے مدینہ والوں نے آپ ﷺ پر وارے، اس دین کے رستے میں قربان کیے۔ اوس اور خزرج دونوں آپ ﷺ کے دو مضبوط بازو بن کر کھڑے ہوئے۔

کافروں کی چالیں اللہ انہی کے اوپر الٹ دیتے ہیں

تو کافروں کی چالوں کا یہ انجام ہوتا ہے کہ وہ اپنے تئیں بہترین منصوبہ بندی کرتے ہیں، ان کے تھنک ٹینک اکٹھے ہوتے ہیں، دن رات سوچتے ہیں، سروے کراتے ہیں، این جی اوز یہاں دوڑتی ہیں، گھومتی ہیں، اعداد وشمار اکٹھے کرتی ہیں، اس کے بعد ایک رپورٹ تیار ہوتی ہے اس پر رینڈ کارپوریشن مغز ماری کر کے ان کے دس ذہین لوگ سی ٹی سی کے یا سی ایف آر کے بیٹھ کر کوئی فارمولا پیش کرتے ہیں کہ کیسے ان کی بڑھتی ہوئی جہادی سوچ کو روکا جائے۔ اس کے باوجود مجاہدین اللہ پر توکل کرتے ہوئے ایک پریشر ککر کے اندر دس کلو بارود بھر کے رکھتے ہیں اور ایک دھماکے کے ساتھ ان کا سارا منصوبہ خاک میں مل جاتا ہے۔ یہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا کرنا ہے، ورنہ جتنے بڑے تھنک ٹینک وہاں کام کر رہے ہیں اور جتنا بڑا اسٹاف ان میں سے ایک ایک تھنک ٹینک کو میسر ہے، ہمارے پاس اس سطح کا کچھ بھی نہیں ہے جس سے ہم ان کا مقابلہ کریں۔ جس رفتار سے ہمارے بارے میں رپورٹیں مغربی تھنک ٹینکس نکال رہے ہیں، انہیں پڑھنے کی بھی ہمارے پاس افرادی قوت نہیں ہے کہ ہم صرف اس کا مطالعہ کر لیں کہ وہ کہہ کیا رہے ہیں ہمارے متعلق، مقابلہ تو بہت دور کی بات ہے ان کی ساری اسٹریٹیجیز کا کرنا۔ لیکن اللہ کی نصرت ہے اور واقعتاً اللہ کی نصرت کے سوا کوئی چیز نہیں ہے۔ یہ بات ان کو بھی ایک دن سمجھ میں آئے گی، آتی ہے لیکن وہ اس وقت آتی ہے کہ جب فرعون غرق ہو رہا ہوتا ہے، اس وقت اس کو اللہ پر ایمان لانا یاد آتا ہے کہ میرا مقابلہ اللہ کے بندوں سے نہیں بلکہ اللہ سے مقابلہ ہے۔ امریکہ کو بھی یہ سمجھ آئے گی مگر اس دن جب اس کے غرق ہونے کا دن آئے گا، اس دن وہ چیخے گا کہ میں ایمان لایا موسیٰ اور ہارون کے رب پر۔ تو مقابلہ ان کا اللہ سے ہے اور وہ اللہ کو شکست دینا چاہتے ہیں جبکہ اللہ کو کوئی شکست نہیں دے سکتا۔ وہ اللہ کے خلاف چال چلنا چاہتے ہیں جبکہ اللہ کے خلاف کوئی چال کامیاب نہیں ہو سکتی۔ ہم صرف آلے ہیں، ہماری خوش قسمتی ہو گی کہ اللہ تعالیٰ ہمیں استعمال کر لیں اپنے دین کے کام کے لیے۔ اللہ کو میری اور آپ کی حاجت نہیں ہے۔ تو پیارے بھائیو یہ مکر کا انجام ہے۔

کافروں کے مکر کا مقابلہ اللہ رب العزت خود فرماتے ہیں

شیخ ابو یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ ایک جگہ درس دے رہے تھے ڈرون حملوں کے پس منظر میں بات کرتے ہوئے کہ ڈرون آج کے دور میں جو ہتھیار ہے، وہ بنیادی طور پر ڈرون کا کمال نہیں ہے، اصل میں تو وہ جاسوسی کا جو پورا مکروہ نظام ہے جو زمین پر چلتا ہے اس کے نتیجے میں ڈرون کام کر پاتا ہے، تو وہ اصل میں ایک مکر کا نظام ہے، سازشوں کا نظام ہے، بندے خریدنے کا، پیسے پھینک کے لوگوں کی وفاداریاں خریدنے کا نظام ہے، لوگوں کو ایک دوسرے کے خلاف کاٹنے توڑنے پھوڑنے کا نظام ہے۔ تو یہ جو سازشوں کا پورا عمل ہے اس کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ قرآن میں جس بھی جگہ جنگ کی بات ہوتی ہے تو ہمیشہ اللہ نے ہمیں حکم دیا کہ تم لڑو مقابلے میں، فَإِنْ قٰتَلُوْكُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ، وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ، وَقَاتِلُوا الْمُشْرِكِيْنَ كَآفَّةً كَمَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ كَآفَّةً، ہر جگہ جہاں کافروں سے جنگ کا ذکر ہے تو اللہ نے کہا کہ جو تم سے لڑے تم اس سے لڑو، جو تمہارے خلاف اللہ کے رستے میں لڑتے ہیں تم ان کے خلاف لڑو، جس طرح کافر اکٹھے ہو کر تمہارے خلاف لڑتے ہیں تم ان کے خلاف لڑو، لیکن جہاں مکر کا ذکر آیا، جہاں سازشوں کا ذکر آیا، وہاں اللہ نے کبھی نہیں کہا کہ وہ مکر کرتے ہیں تم بھی مکر کرو، اللہ نے کہا کہ ﴿وَيَمْكُرُوْنَ وَيَمْكُرُ اللّٰهُ﴾ وہ مکر کرتے ہیں اور اللہ مکر کرتے ہیں۔ اور فرمایا ﴿وَمَكَرُوْا مَكْرًا وَّمَكَرْنَا مَكْرًا﴾، انہوں نے مکر کیا اور ہم نے مکر کیا، تو ہر جگہ مکر کا جواب دینا، سازش کا جواب دینا اللہ نے اپنے ذمے لیا۔ اس لیے کہ کافر جس سطح پہ اتر کے سازش کرتے ہیں ہم اس سطح پہ مقابلہ کر ہی نہیں سکتے ہیں۔ وہ جتنی گھٹیا سطح پہ چلے جاتے ہیں، لوگوں کو خریدنے میں اور جوڑ توڑ کرنے میں، اور مکروہ شیطانی منصوبے بنانے میں، ہمیں شرعاً ان میں سے بہت سے

ہتھکنڈے استعمال کرنے کی اجازت ہی نہیں ہوتی۔ ہم اپنے دین کے پابند ہیں ہم ان کی ہر سازش کا اس طرح جواب نہیں دے سکتے۔ تو ان کی خفیہ ایجنسیاں جو چال بن رہی ہوتی ہیں ہم ان کا مقابلہ کر نہیں سکتے شرعاً نہیں کر سکتے اور عملاً بھی کرنا ہمارے بس سے باہر ہوتا ہے، پس وہ اللہ نے اپنے ذمے لے لیا۔ ہمارے ذمے لگایا سیدھا میدان کے اندر ان سے ٹکرانا اور اللہ پر توکل کرتے ہوئے جہاد کے میدان میں ڈٹے رہنا۔ باقی مکر اور سازشیں اور جوڑ توڑ اور شیطانی حرکتیں، ان سے اللہ تعالیٰ خود نمٹ لیں گے، ان کا جواب اللہ تعالیٰ دیں گے۔

اللہ اہل ایمان کا دفاع کرتے ہیں

تو اس میں ایک تسلی کا سامان ہے مجاہدین کے لیے کہ ان کی سازشوں سے کہ جن کے بارے میں اللہ خود کہتے ہیں کہ ﴿وَإِن كَانَ مَكْرُهُمْ لِتَزُولَ مِنْهُ الْجِبَالُ﴾، ان کی بعض سازشیں ایسی ہیں کہ ان سے تو پہاڑ بھی ٹل جائیں، لیکن اللہ اس کا جواب دیتے ہیں، اللہ تعالیٰ ان کا مقابلہ کرتے ہیں اور، ﴿إِنَّ اللَّهَ يُدَافِعُ عَنِ الَّذِينَ آمَنُوا﴾ اللہ اہل ایمان کا دفاع کرتے ہیں اور ان کی حفاظت فرماتے ہیں ان ساری سازشوں سے۔ تو یقیناً اللہ تعالیٰ بہترین چال چلنے والے ہیں، بہترین تدبیر اختیار کرنے والے ہیں۔

تو پیارے بھائیو! کہنے کو یہ ایک آیت ہے مگر اس میں کافروں کی پوری اسٹریٹیجی کا خلاصہ بیان کر دیا گیا۔ جسے وہ بہت خوبصورت الفاظ میں طویل طویل رپورٹوں میں بیان کرتے ہیں وہ انہی تین چیزوں کے گرد گھوم رہی ہوتی ہے۔ ان کی حکمت عملی کا خلاصہ بیان کر دیا گیا اور ہمیں بھی اطمینان دلا دیا گیا کہ جب سازش پہ بات آئے گی تو اللہ تمہارا دفاع کریں گے۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ مقابلے میں تمہارے ساتھ کھڑے ہوں گے۔ اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے یہ احسان بھی یاد دلایا، یہ آیتیں نازل ہوتی ہیں مدینہ میں، یاد دلاتی ہیں وقت مکہ کا، مدینہ میں بدر کے بعد یہ آیات نازل ہو رہی ہیں اور یاد دلا رہی ہیں مکہ کا وہ وقت کہ یاد کرو جب تم اتنے کمزور تھے کہ وہ چاہتے تو تمہیں قید کر لیتے، چاہتے تو قتل کر دیتے، چاہتے تو جلاوطن کر دیتے، لیکن اللہ کی نصرت تھی کہ اللہ نے حالات کو پلٹا دیا اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے تمہیں، ایمان کو، اسلام کو، اہل ایمان کو، رسول اللہ ﷺ اور آپ کے ساتھیوں کو تقویت نصیب فرمائی۔ اللہ سے دعا ہے کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ اپنے دین کا صحیح فہم نصیب فرمائیں اور اللہ تعالیٰ اپنے رستے پر ہم سب کو ثابت قدمی نصیب فرمائیں۔

سبحانک اللھم و بحمدک ونشھد ان لا الہ الا انت نستغفرک و نتوب الیک و صلی اللہ علی النبی

☆☆☆☆☆

شعور کی تربیت

”کسی قوم کے لیے سب سے زیادہ خطرناک بات یہ ہے کہ وہ صحیح شعور سے خالی ہو، ایک ایسی قوم جو ہر طرح کی صلاحیتیں رکھتی ہو اور دینی و دنیاوی دولتوں سے مالامال ہو لیکن اس کو نیک و بد کی تمیز نہ ہو، اپنے دوست و دشمن کو نہ پہچانتی ہو، پچھلے تجربوں سے فائدہ اٹھانے کی اس میں صلاحیت نہ ہو، اپنے رہنماؤں اور قائدین کا احتساب کرنے کی اور قومی مجرموں کو سزا دینے کی اس میں جرأت نہ ہو، وہ خود غرض رہنماؤں کی چرب زبانی و شیریں کلامی سے مسحور ہو جاتی ہو اور ہر مرتبہ نیا دھوکہ کھانے کے لیے تیار رہتی ہو۔ وہ قوم اپنی تمام دینی ترقیات اور دنیاوی سرفرازیوں کے ساتھ قابلِ اعتماد نہیں، وہ پیشہ ور اور خود غرض رہنماؤں اور منافق قائدین کا کھلونا بن جاتی ہے، ان کو قوم کی سادہ لوحی اور بے شعوری کی بنا پر من مانی کارروائیاں کرنے کا موقع ملتا ہے، اور ان کو اس کا اطمینان ہوتا ہے کہ کبھی ان کا محاسبہ اور ان سے بازپرس نہیں کی جائے گی۔

مسلم ممالک کے متعلق اگر ہم یہ کہنے سے احتیاط کریں کہ وہ بیداری اور شعور سے بالکل محروم ہیں تو اس میں شبہ نہیں کہ ان کا شعور بہت کمزور ہے، اور وہ بیداری کی ابتدائی منزل میں ہیں۔ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ خیر خواہ اور بدخواہ کے ساتھ ان کا معاملہ تقریباً یکساں ہے، بلکہ بعض اوقات بدخواہ اور غیر مخلص اشخاص مسلمانوں میں زیادہ ہر دل عزیز اور معتمد بن جاتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا کہ ’مومن ایک سوراخ سے دو بار نہیں ڈسا جاتا‘ لیکن مسلمان ممالک کے باشندے ہزار ہزار بار ڈسے جانے کے لیے تیار رہتے ہیں۔ ان کا حافظہ نہایت کمزور ہے، وہ اپنے قائدین اور رہنماؤں کے ماضی کو اور ماضی قریب کے واقعات کو فوراً بھول جاتے ہیں۔ ان کا دینی و شہری شعور کمزور اور سیاسی شعور تقریباً ناپید ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ غالب قوموں اور خود غرض رہنماؤں کا بازیچۂ اطفال بنے ہوئے ہیں، اور آسانی کے ساتھ ان کا رخ ہر طرف موڑا جا سکتا ہے۔ حکومتیں ان کی مرضی کے خلاف فیصلے کرتی رہتی ہیں اور جس طرف چاہتی ہیں، ایک لاٹھی سے ہانک لے جاتی ہیں۔“

مولانا ابوالحسن علی ندوی رحمۃ اللہ علیہ

(انسانی دنیا پر مسلمانوں کے عروج وزوال کا اثر)

رمضان المبارک کی آمد پر سرورِ دو عالم ﷺ کا خطبۂ استقبالیہ

حضرت مولانا مفتی محمد عاشق الٰہی بلند شہری (نوّر اللہ مرقدہٗ)

ایک بار رمضان المبارک کی آمد پر حضور سرورِ دو عالم، محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے درج ذیل خطبہ ارشاد فرمایا:

عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِیِّ قَالَ خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ فِیْ اٰخِرِ یَوْمٍ مِّنْ شَعْبَانَ فَقَالَ:

یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ! قَدْ اَظَلَّکُمْ شَھْرٌ عَظِیْمٌ، شَھْرٌ مُّبَارَکٌ، شَھْرٌ فِیْهِ لَیْلَةٌ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَھْرٍ، جَعَلَ اللّٰہُ صِیَامَهٗ فَرِیْضَةً وَقِیَامَ لَیْلِهٖ تَطَوُّعًا. مَنْ تَقَرَّبَ فِیْهِ بِخَصْلَةٍ مِّنَ الْخَیْرِ کَانَ کَمَنْ اَدّٰی فَرِیْضَةً فِیْمَا سِوَاہُ وَمَنْ اَدّٰی فَرِیْضَةً فِیْهِ کَانَ کَمَنْ اَدّٰی سَبْعِیْنَ فَرِیْضَةً فِیْمَا سِوَاہُ.

وَھُوَ شَھْرُ الصَّبْرِ، وَالصَّبْرُ ثَوَابُهُ الْجَنَّةُ، وَشَھْرُ الْمُوَاسَاةِ، وَشَھْرٌ یُزَادُ فِیْهِ رِزْقُ الْمُؤْمِنِ. مَنْ فَطَّرَ فِیْهِ صَائِمًا کَانَ لَهٗ مَغْفِرَةً لِذُنُوْبِهٖ وَعِتْقَ رَقَبَتِهٖ مِنَ النَّارِ وَکَانَ لَهٗ مِثْلُ اَجْرِهٖ مِنْ غَیْرِ اَنْ یُّنْقَصَ مِنْ اَجْرِهٖ شَیْءٌ.

قُلْنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ لَیْسَ کُلُّنَا نَجِدُ مَا نُفَطِّرُ بِهِ الصَّائِمَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

یُعْطِی اللّٰہُ ھٰذَا الثَّوَابَ مَنْ فَطَّرَ صَائِمًا عَلٰی مَذَقَةِ لَبَنٍ اَوْ تَمْرَةٍ اَوْ شَرْبَةٍ مِّنْ مَّآءٍ، وَمَنْ اَشْبَعَ صَآئِمًا، سَقَاہُ اللّٰہُ مِنْ حَوْضِیْ شَرْبَةً لَا یَظْمَاُ حَتّٰی یَدْخُلَ الْجَنَّةَ.

وَھُوَ شَھْرٌ اَوَّلُهٗ رَحْمَةٌ وَاَوْسَطُهٗ مَغْفِرَةٌ وَاٰخِرُهٗ عِتْقٌ مِّنَ النَّارِ.

مَنْ خَفَّفَ عَنْ مَمْلُوْکِهٖ فِیْهِ غَفَرَ اللّٰہُ لَهٗ وَاَعْتَقَهٗ مِنَ النَّارِ .

کَذَا فِی الْمِشْکٰوةِ عَنِ الْبَیْھَقِیْ فِیْ شَعْبِ الْاِیْمَانِ وَزَادَ الْمُنْذِرِیْ فِی التَّرْغِیْبِ فَاسْتَکْثِرُوْا فِیْهِ مِنْ اَرْبَعِ خِصَالٍ خَصْلَتَیْنِ تَرْضَوْنَ بِھِمَا رَبَّکُمْ، وَخَصْلَتَیْنِ لَاغِنَائَ بِکُمْ عَنْھُمَا. فَاَمَّا الْخَصْلَتَانِ اللَّتَانِ تَرْضَوْنَ بِھِمَا رَبَّکُمْ: فَشَھَادَةُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ وَتَسْتَغْفِرُوْنَهٗ، وَاَمَّا الْخَصْلَتَانِ اللَّتَانِ لَاغِنَائَ بِکُمْ عَنْھُمَا: فَتَسْئَلُوْنَ اللّٰہَ الْجَنَّةَ وَتَعُوْذُوْنَ بِهٖ مِنَ النَّارِ۔

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ حضور سرورِ عالم ﷺ نے شعبان کی آخری تاریخ کو ہم سے خطاب فرمایا:

اے لوگو! ایک باعظمت مہینہ آن پہنچا ہے، جو ماہ مبارک ہے، اس میں ایک رات ہے جو ہزار ماہ سے بہتر ہے، اس ماہ کے روزے اللہ تعالیٰ نے فرض فرمائے ہیں اور اس کی تمام راتوں میں قیام کرنا تطوع (غیر فرض) قرار دیا ہے۔ اس ماہ میں جو شخص کوئی نیک کام کرے گا اس کو ایسا اجر و ثواب ملے گا جیسے اس کے علاوہ دوسرے مہینہ میں فرض ادا کرتا اور فرض کا ثواب ملتا اور جو شخص اس ماہ میں ایک فرض ادا کرے تو اس کو ستّر فرضوں کے برابر ثواب ملے گا۔

یہ صبر کا مہینہ ہے اور صبر کا بدلہ جنت ہے۔ اور یہ آپس کی غم خواری کا مہینہ ہے، اس میں مومن کا رزق بڑھا دیا جاتا ہے۔ اس ماہ میں جو شخص کسی روزہ دار کا روزہ افطار کرا دے تو یہ اس کی مغفرت کا اور دوزخ سے اس کی گردن کی آزادی کا سامان بن جائے گا اور اس کو اسی قدر ثواب ملے گا جتنا روزہ دار کو ملے گا، مگر روزہ دار کے ثواب میں سے کچھ کمی نہ ہوگی۔

(حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ) ہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ! ہم میں ہر شخص تو اتنا مقدور نہیں جو روزہ افطار کرادے۔ آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ یہ ثواب اس کو (بھی) دے گا جو پانی ملے ہوئے تھوڑے سے دودھ یا ایک کھجور یا ایک گھونٹ پانی سے افطار کرا دے (سلسلۂ کلام جاری رکھتے ہوئے مزید فرمایا کہ) جو شخص (افطار کے بعد) کسی روزہ دار کو پیٹ بھر کے کھانا کھلا دے اس کو اللہ تعالیٰ میرے حوض سے ایسا سیراب کریں گے کہ جنت میں داخل ہونے تک پیاسا نہ ہوگا اور جنت میں تو بھوک پیاس کا نام ہی نہیں۔

اس ماہ کا اوّل حصہ رحمت ہے، دوسرا حصہ مغفرت ہے، تیسرا حصہ دوزخ سے آزادی کا ہے۔

جس نے اس ماہ میں اپنے غلام کا کام ہلکا کر دیا تو اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت فرما دیں گے۔

بعض روایات میں یہ بھی آیا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے اس موقع پر یہ بھی فرمایا کہ اس ماہ میں چار کاموں کی کثرت کرو، ان میں سے دو کام ایسے ہیں کہ ان کے ذریعہ تم اپنے پروردگار کو راضی کرو گے اور دو کام ایسے ہیں جن سے تم بے نیاز نہیں ہو سکتے ہو، وہ دو کام جن کے ذریعے خدائے پاک کی خوشنودی حاصل ہوگی یہ ہیں:

۱. لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کا ورد رکھنا۔
۲. خدائے پاک سے مغفرت طلب کرتے رہنا۔

اور وہ دو چیزیں جن سے تم بے نیاز نہیں رہ سکتے ہو:

۱. جنت کا سوال کرنا۔
۲. دوزخ سے پناہ مانگنا۔

(مشکوٰۃ المصابیح ص ۱۷۳ بحوالہ بیہقی شعب الایمان والترغیب والترہیب للمنذریؒ)

☆☆☆☆☆

رمضان المبارک کا استقبال، قرنِ اول میں!

حضرت مولانا سیّد ابو الحسن علی ندوی رحمۃ اللہ علیہ

آل انڈیا ریڈیو سے نشر کی گئی ایک عربی تقریر کا ترجمہ، جس میں حضرت مولانا نے اپنی بات رمضان کی زبان سے کہی تھی اور سامعین کو رمضان کا مخاطب بنایا تھا، تاکہ ایک مخصوص تاثر پیدا ہو سکے۔ تقریر کا وہ ابتدائی حصہ، جس میں سامعین کی طرف سے رمضان سے، قرنِ اول میں اپنے استقبال کا حال بیان کرنے کی فرمائش کی گئی تھی نذرِ قارئین ہے۔ اللہ پاک ہمیں بھی استقبال و اہتمامِ رمضان اہلِ قرنِ اول جیسا کرنے کی توفیق عطا فرمائیں، آمین! (ادارہ)

میرے دوستو! تمہیں نیا رمضان مبارک! اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے تم پر پاک و بابرکت سلام! تمہاری یہ فرمائش گویا میرے دل کی خواہش ہے، پتہ نہیں کیوں خود میرا جی کچھ بات کرنے کو چاہ رہا تھا، اور ایک تقاضا تھا جو مجھے بات کرنے پر مجبور کر رہا تھا، اور میں محسوس کرتا ہوں کہ تمہارے تجویز کردہ عنوان سے بہتر اور محبوب عنوانِ گفتگو میرے لیے اور کوئی ہو نہیں سکتا۔

سنہ ہجری کے دوسرے سال میں میرا آنا، پہلے سالوں سے یکسر مختلف تھا، پہلے میں سال کے دوسرے مہینوں کی طرح ایک مہینہ تھا، اپنے دوسرے بھائیوں اور رفیقوں سے کسی قسم کا امتیاز مجھے حاصل نہیں تھا، نہ کوئی خاص بات میرے اندر تھی، نہ کسی پیغام کا میں حامل تھا، اور نہ دین کے ارکان سے کوئی رکن مجھ سے متعلق تھا۔ رجب، ذی القعدہ، ذی الحجہ اور محرم پر مجھے حسد، استغفر اللہ، رشک ہوتا تھا، کیوں کہ یہ اَشہرِ حرم (محترم مہینے) تھے، اور ان میں سے ذی الحجہ پر مجھے ایک اور خاص وجہ سے رشک آتا تھا، وہ یہ کہ وہ حج کا مہینہ تھا۔ مجھے وہم و گمان بھی نہیں ہو سکتا تھا کہ مجھے کبھی اتنا بڑا اعزاز بخشا جائے گا، اور روزے جیسا اہم اور مقدس پیغام کا مجھے حامل بنایا جائے گا، لیکن یہ روزہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے، اور وہ جس کو چاہتا ہے عطا کرتا ہے۔ بہر حال، اب سنیے!

مسلمانوں نے شعبان سے میرا انتظار کرنا شروع کیا، انہوں نے شعبان کا بھی ایک مقدمۃ الجیش اور میرے مبشر کی طرح استقبال کیا، شعبان ہی میں ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر جلوہ افروز ہوئے اور خطبہ دیتے ہیں ارشاد فرمایا:

”يَا أَيُّهَا النَّاسُ! قَدْ أَظَلَّكُمْ شَهْرٌرَمَضَانَ، شَهْرٌعَظِيمٌ، شَهْرٌ مُبَارَكٌ، شَهْرٌ فِيهِ لَيْلَةٌ خَيْرٌ مِنْ أَلْفِ شَهْرٍ، جَعَلَ اللّٰهُ صِيَامَهُ فَرِيْضَةً، وَقِيَامَ لَيْلِهِ تَطَوُّعًا، مَنْ تَقَرَّبَ فِيْهِ بِخَصْلَةٍ مِنَ الْخَيْرِ كَانَ كَمَنْ أَدَّى فَرِيْضَةً فِيمَا سِوَاهُ، وَمَنْ أَدَّى فَرِيْضَةً فِيْهِ كَانَ كَمَنْ أَدَّى سَبْعِيْنَ فَرِيْضَةً فِيْمَا سِوَاهُ، وَہُوَ شَهْرُ الصَّبْرِ، وَالصَّبْرُ ثَوَابُهُ اَلْجَنَّةُ، وَشَهْرُ الْمُوَاسَاةِ، وَشَهْرٌ يُزَادُ فِيْهِ رِزْقُ الْمُؤْمِنِ.“ (رواہ السيوطی)

”اے لوگو! رمضان کا مہینہ تم پر سایہ فگن ہو رہا ہے، بڑا عظیم الشان مہینہ ہے، اس میں ایک رات ایسی ہے جو ہزار مہینوں سے بڑھ کر ہے، اللہ تعالیٰ نے اس مہینے کے روزے فرض کیے ہیں، اور رات کے قیام (تراویح) کو نفلی عبادت ٹھہرایا ہے۔ جو شخص اس ماہ میں ایک نفلی نیکی کرے گا، اس کا ثواب اور دنوں کے فرض کے برابر ہو گا، اور جو کوئی ایک فرض ادا کرے گا، اس کا ثواب اور دنوں کے ستر فرضوں کے برابر ہو گا، یہ صبر کا مہینہ ہے اور صبر کا بدلہ جنت ہے، یہ غم خواری اور غم گساری کا مہینہ ہے، اس میں مومن کا رزق بڑھا دیا جاتا ہے۔“

تمام لوگ میرا چاند دیکھنے کے لیے بلند ٹیلوں اور مکانوں پر چڑھ گئے، غروبِ آفتاب کے بعد مدینہ میں کوئی شخص ایسا نظر نہ آتا تھا، جو آسمان کی طرف نظر اٹھائے میری جستجو نہ کر رہا ہو، ہر شخص کی یہ خواہش تھی کہ سب سے پہلے وہ میری آمد کا مژدہ سنائے۔

پروردگارِ عالم نے ارادہ فرمایا کہ مجھے اب مزید تاخیر نہ ہو، لہٰذا اس کی طرف سے حکمِ طلوع ہوا، اور مدینہ کے اس سے کونے سے اس کونے تک ایک مسرت کی لہر دوڑ گئی۔ لوگوں کی زبانوں پر ایک نغمۂ مسرت جاری ہوا:

هِلَالَ رُشْدٍ وَخَيْرٍ، اَللّٰهُمَّ أَهِلَّهُ عَلَيْنَا بِالْأَمْنِ وَالْإِيْمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْإِسْلَامِ وَالتَّوْفِيقِ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضَى!

سامعین کرام! مجھے اس کہنے میں معاف رکھیں کہ ابتدائے اسلام میں لوگوں کو میری آمد سے جو مسرت ہوتی تھی، حالانکہ میں جیسا کہ آپ کو معلوم ہے، صبر و جہاد کا مہینہ تھا، وہ اس مسرت سے بڑھ کر ہوتی تھی جو آج عید کا چاند دیکھ کر ہوتی ہے۔ میں اس کے اسباب میں نہیں جاؤں گا، کیونکہ یہ ایک طویل بات ہے، اور ویسے بھی آپ کو کڑوی لگے گی۔

(میری آمد سے) مدینہ کے لوگوں میں ایک نئی زندگی اور ایک نیا نشاطِ عبادت ابھر آیا، یہ لوگ عشاء کے بعد ایک ایک، دو دو اور ٹکڑیاں ٹکڑیاں ہو کر نوافل میں مشغول ہو گئے۔ قرآن کریم کی تلاوت کرتے اور نمازیں پڑھتے، یہاں تک کہ جب رات آخر ہوئی اور سحر قریب ہوئی، تو رات کی باسی روٹی یا کھجور اور پانی میں سے، جس کو جو میسر آیا، اس نے اس سے سحری کھائی، پھر مساجد کی راہ لی اور نمازِ فجر ادا کی۔

یہی وہ مقام ہے، جہاں وہ لوگ آج کل کے روزہ داروں سے ممتاز ہو جاتے ہیں۔ آج اگر آپ میں سے کوئی، رات کو تھوڑی دیر عبادت کر لیتا ہے، اور پھر روزہ کی نیت کر لیتا ہے، تو وہ اپنا حق

سمجھتا ہے کہ دن میں جتنا چاہے سوئے، چنانچہ آج شہر میں بہت کم لوگ ایسے روزہ دار ہوں گے جو سوتے یا اونگھتے نظر نہ آتے ہوں، رات کو خواہ کتنا ہی تھوڑا قیام کریں مگر اس کے بدلے میں دن کا ایک خاصا حصہ ضرور نیند کی نذر کر دیا جاتا ہے۔

اس کے برعکس صحابہ و تابعین (رضوان اللہ علیہم اجمعین) کا حال یہ تھا کہ رات کا قیام، ان کے دن کے نشاط میں کوئی فرق نہیں ڈالتا تھا، وہ رمضان میں عبادت بھی کرتے تھے اور مشقتِ حیات بھی برداشت کرتے تھے، اور کبھی تو روزے کی حالت میں بھی جہاد کرتے تھے، ان کے زمانہ میں رمضان اشیا کی طبائع نہیں بدلتا تھا اور نہ دن کو رات بناتا تھا۔ وہ اُلٹا ان میں قوت اور نشاط بڑھا دیتا تھا اور کوئی وہ نیکی، جس کو لوگ پہلے سے کرتے تھے، رمضان کی آمد سے منقطع نہیں ہوتی تھی، میں آکر اہل مدینہ کے اخلاق میں کوئی فرق نہیں پاتا تھا۔ مثلاً انہوں نے مسلمان ہونے کے بعد سے غیبت، فحش کلامی اور بدگوئی سے زندگی بھر کا روزہ رکھ لیا تھا، تو وہ روزوں میں بھی پاک زبان، پاک نفس اور پاک باطن رہتے تھے۔ ہاں! اگر فرق ہوتا تھا تو یہ ہوتا تھا کہ وہ ان دنوں میں جائز غصے کو بھی ضبط کرتے تھے، اگر ان میں سے کسی کو کوئی شخص گالی دیتا یا لڑنے کی باتیں کرتا تو اس کا جواب یہ ہوتا کہ: ”میں روزہ دار ہوں“۔

میری آمد پر وہ لوگ نیکی اور غم خواری کے بے حد حریص ہوگئے، یوں سمجھیے کہ ہوا سے مقابلہ کرتے تھے، ان کے سامنے رسول اللہ ﷺ کا اسوۂ حسنہ تھا:

”کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اجودبالخیرمن الریح المرسلة.“ (رواہ بخاری)

”جب رمضان آتا تو آنحضرت ﷺ امورِ خیر میں آندھی سے بھی زیادہ تیز رفتار ہو جاتے تھے۔“

وہ روزہ دار کو افطار کرانے، غلاموں کو آزاد کروانے، ستم رسیدوں کی امداد کرنے اور بھوکوں کو کھانا کھلانے میں ایک دوسرے پر سبقت کرتے تھے، چنانچہ اسی وجہ سے فقرا و مساکین میری آمد کے منتظر رہتے تھے۔

لوگوں نے اپنے مشاغل میں روزہ گزارا، لیکن اللہ تعالیٰ سے غافل نہیں ہوئے، اور نہ بیع و تجارت نے ان کو اللہ تعالیٰ کی یاد اور جماعتوں کی حاضری سے غافل کیا، شام کو گھر لوٹے اور ذکر و تلاوت میں مشغول ہوگئے۔ مساجد کا حال اس وقت یہ ہو جاتا تھا کہ اگر تم جاؤ تو ذکر کی بھنبھناہٹ کے سوا کوئی آواز نہ سن پاؤ۔

آفتاب غروب ہوا، مؤذن نے اذان دی اور میں نے دیکھا کہ سید الاولین والآخرین ﷺ نے ایک چھوہارے اور کچھ پانی سے افطار فرمایا، پھر اس پر اتنا شکر کہ انواع و اقسام کی افطاریوں پر بھی لوگوں کو یہ مقام شکر نصیب نہیں ہو سکتا، سنیے! حضور ﷺ فرما رہے ہیں:

”ذَھَبَ الظَّمَأُ وَ ابتَلَتِ العُرُوقُ وَ ثَبَتِ الاَجرُ اِنْ شَا اللّٰہُ.“

”تشنگی دور ہوئی، رگیں تر ہوئیں، اور اللہ نے چاہا تو اجر واجب ہو گیا۔“

آپ ﷺ کے اصحاب کرام رضی اللہ عنہم نے بھی اسی طرح چند کھجوروں اور پانی کے چند گھونٹوں سے روزہ کھولا، اور اللہ تعالیٰ کی حمد کی، پھر نماز پڑھی، اور جو کچھ اللہ تعالیٰ نے عنایت فرمایا، صرف بقدر ضرورت کھالیا، نہ اس میں اسراف ہوتا تھا اور نہ ناک تک پیٹ بھرتا تھا۔

مہینہ بھر ان کا یہی معمول رہتا تھا، نہ اس میں کوئی فرق آتا تھا اور نہ وہ اس سے اکتاتے اور برداشتہ خاطر ہوتے، بلکہ ہر دن نشاط کی ایک نئی کیفیت پیدا ہوتی، اور عبادت و نیکی کی حرص بڑھتی تھی، گویا روزوں سے ان کی روح کو غذا ملتی تھی، اور مہینے کے آخر میں ان کی قوت اور ان کا نشاط پہلے سے بھی بڑھا ہوا نظر آتا تھا۔

رسول اللہ ﷺ بھی ایک مسلسل نشاط اور ذوق عمل سے مخمور رہتے تھے۔ یہاں تک کہ جب آخری عشرہ آتا، تو بالکل ہی کمر کس لیتے تھے، رات عبادت میں گزارتے اور اہل خانہ کو بھی جگاتے اور پھر اعتکاف فرما لیتے تھے۔

میں جب اس دورِ سعادت کے روزہ داروں کا بعد کے روزہ داروں سے مقابلہ کرتا ہوں تو صورت و شکل میں تو کوئی فرق نظر نہیں آتا، بلکہ بعض بعد والے زیادہ نفل پڑھتے اور زیادہ وقت تلاوت کرتے نظر آتے ہیں، مگر خشوع و اخلاص اور ایمان و احتساب کی کیفیات میں کھلا فرق محسوس کرتا ہوں، اگر سابقین کی ایک رکعت کا وزن کیا جائے، تو بعد والوں کی بہت سی رکعتوں پر بھاری نکلے گی، کہ وہ اپنے ایمان واحتساب میں بھاری تھے۔

اور دوسرا فرق، جو میں بتلا سکتا ہوں، یہ ہے کہ ان پر روزہ اپنے بہت گہرے اخلاقی اور نفسیاتی اثرات چھوڑ کر جاتا تھا، یوں کہیے کہ ان کی طبیعتوں پر روزے کی ایک نہ مٹنے والی چھاپ پڑ جاتی تھی، اور اگلے سال جب میں پھر لوٹ کر آتا، تو ان میں وہی عفت، وہی تقویٰ، وہی صدق و امانت، وہی رقت، وہی کریم النفسی، وہی حرصِ اطاعت، وہی لذاتِ نفس سے نفرت، وہی آخرت کی فکر اور وہی دنیا سے بے رغبتی پاتا۔ الغرض ہر دوسری مرتبہ، وہ مجھے پہلے سے زیادہ پاک باطن وصاف دل ملتے تھے۔

قصہ مختصر! جب میرا وقت ختم ہو گیا اور روانگی کا دن آیا تو انہوں نے مجھے ایک بہت ہی پیارے دوست کی طرح رخصت کیا۔ آنسو کسی طرح تھمتے نہ تھے، اور آہیں قرار پاتی نہ تھیں، لبوں پر یہ دعا تھی کہ خدایا! یہ ملاقات آخری نہ ہو! یہ دن اس کے بعد بھی بار بار آئیں، یہ ہے خیر القرون میں میرے استقبال کی ایک ہلکی سی تصویر!

☆☆☆☆☆

شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيَ أُنزِلَ فِيهِ الْقُرْآنُ

روزوں کی حکمت

شہید مزکی و مربی شیخ، خالد بن عبد الرحمٰن الحسینان رحمۃ اللہ علیہ

الحمد لله رب العالمين حمداً كثيراً طيباً مباركاً فيه ، وأشهد أن لا إله إلا الله وحده لا شريك له وأشهد أن محمداً عبده ورسوله، أما بعد !

میرے عزیز دوستو! رمضان ایک موقع یا ایک بھرپور تربیتی کورس ہے میں رمضان کو بھرپور تربیتی کورس شمار کرتا ہوں۔ روزوں کی حکمت تقوی ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ (سورۃ البقرۃ: ۱۸۳)

”اے ایمان والوں تم پر روزے فرض کر دیے گئے ہیں جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر فرض کیے گئے تھے تا کہ تم تقویٰ اختیار کرو۔“

چنانچہ روزوں کی حکمت یہ ہے کہ وہ انسان میں تقویٰ اجاگر کرتا ہے یعنی اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا ڈر۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ ان عبادات میں ہماری تربیت کرتا ہے یہ عبادات جو ہمارے رب نے ہم پر فرض کی ہیں ان کا مقصد نفوس کا تزکیہ اور دلوں کی تربیت کرنا ہے، یہاں تک کہ انسان اپنے اخلاق و کردار کے ذریعے اخلاقی سطح کی بلندیوں پر فائز ہو جائے۔

مثال کے طور پر اللہ تعالیٰ نے ہم پر زکوٰۃ فرض قرار دی ہے تا کہ انسان بخل ولالچ سے پاک ہو جائے اور خرچ کرنے کا عادی ہو جائے، سخی و کشادہ دل ہو جائے اور اسے اپنے کمزور اور فقیر مسلمان بھائیوں کی فکر لاحق ہو۔

روزوں کا معاملہ بھی اسی طرح کا ہے۔ اللہ عزوجل روزوں میں ہماری تربیت تقوی پر کرتا ہے تا کہ انسان صرف اپنے رب سے ڈرے اور ہر چھوٹے بڑے کام میں اس کا تقوی اختیار کرے۔ چنانچہ رمضان بھرپور تربیتی کورس شمار ہو گا۔ اس طرح کہ بہت سے لوگ رمضان سے قبل آپ سے کہیں گے میں نماز فجر مسجد میں نہیں پڑھ سکتا، وہ نماز فجر میں سستی کرتا ہے، لیکن رمضان کی آمد ہوتے ہی یہ واضح ہو جاتا ہے کہ اس انسان کے پاس ہمت و حوصلہ ہے آپ اسے رمضان میں نماز فجر باجماعت ادا کرتے ہوئے پائیں گے، وہ نماز جس میں وہ سستی کرتا تھا۔

سگریٹ پینے والے بہت سے افراد ایسے ہیں کہ جن سے اگر آپ کہیں تم سگریٹ نوشی کیوں نہیں چھوڑتے تو وہ آپ سے کہیں گے میں سگریٹ نوشی نہیں چھوڑ سکتا، میں اس کا عادی ہو چکا ہوں، لیکن رمضان کی آمد ہوتے ہی وہ اسے (روزے کی حالت میں) چھوڑ دیتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ رمضان بہت سے لوگوں کو بے نقاب کر دیتا ہے۔ اس طرح کہ کئی لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ وہ فلاں کام نہیں کر سکتے لیکن رمضان میں آپ اسے دیکھتے ہیں کہ سگریٹ نوشی نہ کرنے پر وہ تقریباً دس گھنٹے سے زائد صبر کرتا ہے اور ایسا وہ مجبور ہو کر نہیں بلکہ اپنی مرضی سے کرتا ہے۔ وہ چاہے تو کسی دور جنگل کی طرف یا تہہ خانے وغیرہ میں جا کر سگریٹ نوشی کر سکتا ہے، لیکن وہ جانتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے دیکھ رہا ہے لہٰذا وہ سگریٹ نوشی چھوڑ دیتا ہے۔ اس کا مطلب وہ اپنے نفس پر قابو رکھ سکتا ہے اور اپنے نفس کو بہت سی فرماں برداریوں اور ان عبادات پر مجبور کر سکتا ہے جس میں رمضان سے قبل سستی کرتا تھا۔ آپ دیکھیں گے کہ وہ رمضان میں اپنی آنکھیں نیچی رکھتا ہے، گالی نہیں دیتا، اپنی زبان پر قابو رکھتا ہے (سبحان اللہ) بہت سے حرام کام ترک کر دیتا ہے، وہ آپ سے پوچھے گا کہ ایسا کیوں ہے؟ پھر خود ہی کہے گا کہ: اللہ کی قسم ہم ابھی رمضان کے مہینے میں ہیں۔

لہٰذا ہم کہتے ہیں کہ رمضان انسان کی عبادت واطاعت پر تربیت کرتا ہے وہ اس بات پر آپ کی تربیت کرتا ہے کہ آپ کے پاس قوت وطاقت اور حوصلہ ہو۔

ہم اپنے بھائیوں کو یہ بھی یقین دہانی کراتے ہیں کہ ہم آپ کے ساتھ ہیں، آپ ہی کے نقش قدم پر رواں ہیں، اس راہ میں ہم تھکاوٹ، سستی، کمزوری اور بے ہمتی کو اپنے قریب بھی پھٹکنے نہ دیں گے۔

ہم نے موت پر بیعت کی ہے اور اس عہد پر قائم ہیں، جو ہمارے مجاہد امام، شیخ اسامہ بن لادن رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا تھا:

”ہم اپنے فلسطینی بھائیوں سے کہتے ہیں: تمہارے بیٹوں کا خون ہمارے بیٹوں کا خون ہے، تمہارا خون ہمارا خون ہے، خون کا بدلہ خون ہے، اور بربادی کا بدلہ بربادی ہے، ہم اللہ کی قسم کھا کر کہتے ہیں کہ ہم تمہیں کبھی مایوس نہیں کریں گے، یہاں تک کہ یا تو فتح نصیب ہو یا پھر ہم وہ (شہادت) پا لیں جو حضرت حمزہ بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ کو نصیب ہوئی تھی۔“

(بقیہ صفحہ نمبر ۱۲۱ پر)

بیان: AQS_11_002

تاریخ: یکم شعبان المعظم ۱۴۴۶ھ بمطابق ۳۱ جنوری ۲۰۲۵ء

مجاہد قائد 'محمد الضیف' رحمۃ اللہ علیہ کی شہادت

الحمد لله رب العالمين والصلاة والسلام على سيد الأنبياء والمرسلين وعلى آله وصحبه ومن تبعهم بإحسان إلى يوم الدين، أما بعد

شہادتیں راہِ جہاد کا خاصہ اور کاروانِ جہاد کا ایندھن ہیں۔ معرکۂ بدر سے آج تک، ہر شہادت نے دعوتِ اسلام اور کاروانِ جہاد کو ترقی بخشی ہے۔ اگر سات آسمانوں کے اوپر سے اتارا گیا دین شخصیات کے آنے جانے سے وابستہ ہوتا تو یہ دین ایک بار نہیں، پچھلی پندرہ صدیوں میں ہزاروں بار مٹ چکا ہوتا۔ یہ اللہ کا دین ہے، وہ دین جو محمدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی رحلت جیسے عظیم ترین سانحے سے بھی نہیں مٹا، تو امت کے باقی صدیقین، شہداء اور صالحین کے آنے جانے سے کیسے اس کی برحق دعوت مٹانا تو دور کی بات، روکی بھی جا سکتی ہے؟

تاریخِ حق و باطل اس امر پر گواہ ہے کہ پرچمِ اسلام کبھی سرنگوں نہیں ہوتا، اس کے غلبے کا وعدہ تو اللہ جل جلالہ نے اپنے کلامِ پاک میں فرمایا ہے:

هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ○ (سورۃ الفتح: ۲۸)

"وہی ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور سچا دین دے کر بھیجا ہے، تاکہ اسے ہر دوسرے دین پر غالب کر دے۔ اور (اس کی) گواہی دینے کے لیے اللہ کافی ہے۔"

تمام تعریفیں اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے لیے ہیں جس نے اس امت کو سلف جیسے خلف بخشے، جنہوں نے دعوتِ اسلام اور کاروانِ جہاد کو اپنے خون سے سینچا۔ ان مجاہد ابطال میں چند ایسے ہیں جنہیں امت جانتی ہے اور اکثریت ایسوں کی ہے جنہیں ہم نہیں جانتے، لیکن ان کا اللہ ان کو جانتا ہے، وہ بڑا قدر دان اور بہترین اجر دینے والا ہے۔ حق و باطل کی ازلی جنگ آج بھی غزہ تا وزیرستان جاری ہے اور خونِ شہیداں ہی اس کی آبیاری کر رہا ہے۔ جنگ میں کبھی ہار ہوتی ہے تو کبھی جیت، کبھی ہمارے ساتھی شہید ہوتے ہیں تو کبھی دشمن کے لوگ مارے جاتے ہیں، اللہ پاک فرماتے ہیں:

وَلَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ○ اِنْ يَّمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ الْقَوْمَ قَرْحٌ مِّثْلُهٗ وَتِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَتَّخِذَ مِنْكُمْ شُهَدَاۗءَ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ○ وَلِيُمَحِّصَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَمْحَقَ الْكٰفِرِيْنَ ○ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ الصّٰبِرِيْنَ ○ (سورۃ آلِ عمران: ۱۴۲-۱۳۹)

"(مسلمانو) تم نہ تو کمزور پڑو، اور نہ غمگین رہو، اگر تم واقعی مومن رہو تو تم ہی سربلند ہو گے۔ اگر تمہیں ایک زخم لگا ہے تو ان لوگوں کو بھی اسی جیسا زخم پہلے لگ چکا ہے۔ یہ تو آتے جاتے دن ہیں جنہیں ہم لوگوں کے درمیان باری باری بدلتے رہتے ہیں، اور مقصد یہ تھا کہ اللہ ایمان والوں کو جانچ لے، اور تم میں سے کچھ لوگوں کو شہید قرار دے، اور اللہ ظالموں کو پسند نہیں کرتا۔ اور مقصد یہ (بھی) تھا کہ اللہ ایمان والوں کو میل کچیل سے نکھار کر رکھ دے اور کافروں کو ملیامیٹ کر ڈالے۔ بھلا کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ (یونہی) جنت کے اندر جا پہنچو گے؟ حالانکہ ابھی تک اللہ نے تم میں سے ان لوگوں کو جانچ کر نہیں دیکھا جو جہاد کریں، اور نہ ان کو جانچ کر دیکھا ہے جو ثابت قدم رہنے والے ہیں۔"

انہی حالاتِ جنگ میں ہمیں امیر کتائب القسام، عظیم مجاہد قائد، بطلِ اسلام، ابو خالد محمد الضیف کی ان کے ساتھیوں مروان عیسیٰ، رافع سلامۃ، غازی ابو طماعۃ، احمد الغندور، رائد ثابت، ایمن نوفل وغیر ہم رحمۃ اللہ علیہم کی شہادت کی اطلاع ملی ہے، فإنا لله وإنّا إليه راجعون!

ان حضرات، خصوصاً محمد الضیف رحمۃ اللہ علیہ نے جس طرح ایمانی شجاعت اور اسلامی غیرت کے ساتھ فلسطینی مجاہدین کی قیادت کی اور تاریخِ اسلام کے اعلیٰ ترین معرکوں میں سے ایک 'طوفان الاقصیٰ' کو برپا کیا، تو انہی نامور و دیگر گمنام مجاہدوں کے بارے میں اللہ جل جلالہ کا فرمان ہے:

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا ○ (سورۃ الاحزاب: ۲۳)

”انہی ایمان والوں میں وہ لوگ بھی ہیں جنہوں نے اللہ سے جو عہد کیا تھا اسے سچا کر دکھایا۔ پھر ان میں سے کچھ وہ ہیں جو اپنی نذر کو پورا کر چکے، اور کچھ وہ ہیں جو ابھی انتظار میں ہیں۔ اور انہوں نے (اپنے ارادوں میں) ذرا سی بھی تبدیلی نہیں کی۔“

ہم مجاہد قائد محمد الضیف کی شہادت پر پوری امتِ مسلمہ، مسلمانانِ فلسطین، پوری دنیا میں موجود مجاہدینِ اسلام اور مجاہدینِ قسام اور محمد الضیف و دیگر شہداء کے اہلِ خانہ سے تعزیت کرتے ہیں، اللهم أجرنا في مصيبتنا واخلف لنا خيرا منها!

اسرائیل اور اس کے سب سے بڑے پشت پناہ امریکہ کو خبر ہو کہ معرکۂ طوفان الاقصیٰ جاری ہے اور یہ تب تک نہیں تھمے گا، یہاں تک کہ ہم اہلِ ایمان مسجدِ اقصیٰ میں فاتح بن کر داخل نہ ہو جائیں! پس ہم اہلِ ایمان پر جہاد فرضِ عین ہے، اپنی جانیں، اپنے اموال، اپنی صلاحیتیں، اپنی فکر اور اپنی دعائیں اس جاری معرکے میں کھپانا ہم پر لازم ہے!

وآخر دعوانا أن الحمد لله رب العالمين وصلى الله تعالىٰ على نبينا الأمين!

ادارہ السحاب، برِّصغیر
As-Sahab Media (The Subcontinent)

قدس کی آزادی کا راستہ

استاد اسامہ محمود

الحمد للہ رب العالمین والصلاۃ والسلام علی رسولہ الکریم، امام المرسلین و قائد المجاہدین، امابعد

غزہ کی جنگ ہر اُس فرد کے لیے انتہائی اہم معانی پیش کرتی ہے جس کو تھوڑا بھی شعور ہو کہ امت مسلمہ کی جو آج ناگفتہ بہ حالت بنی ہوئی ہے اس سے اس کو نکالنے کی جدوجہد اس پر فرض ہے، اس تحریر کا مقصد انہی اہم پیغامات پر روشنی ڈالنا ہے۔ اس میں پہلے بعض اُن حقائق پر بات ہو گی جو اس جنگ نے دکھائے ہیں اور پھر اس سوال کا جواب دیا جائے گا کہ یہ امور ہم سے بطورِ فرد اور گروہ کیا تقاضا کرتے ہیں، وہ کیا شعور و آگہی ہے کہ جس کو عام کرنا آج ضروری ہے اور وہ کیا راستہ ہے کہ جس کو اپنائے بغیر نہ ہم مسجد اقصیٰ آزاد کرا سکتے ہیں اور نہ ہی اپنے ممالک میں غلبۂ دین کے ہدف تک پہنچ سکتے ہیں۔

اہل غزہ کا درس

مگر آگے بڑھنے سے پہلے یہ ذکر ضروری ہے کہ اہل غزہ نے ان پندرہ مہینوں میں صبر و ثبات کا پیکر بن کر جس ایمان و یقین اور اللہ پر توکل کا ثبوت دیا، اس نے مادیت کے اس دور میں اللہ سبحانہ و تعالیٰ پر ایمان کی ایک عظیم مثال قائم کی ہے، اللہ پر یہ ایمان و توکل اور پھر اس رب کریم کی طرف سے مدد و نصرت اگر شامل حال نہ ہو تو گوشت پوست کا انسان کب ایسی آزمائشوں کو جھیل سکتا ہے اور کیسے ان میں کامیاب ہو سکتا ہے؟ قیدیوں کو چھڑانے کے لیے جو شرائط انہوں نے رکھی تھیں، ان میں سے کسی ایک سے بھی الحمد للہ وہ پیچھے نہیں ہٹے، جبکہ خدائی کا دعویٰ کرنے والے شیاطین اپنی کوئی ایک بات بھی ان سے منوا نہیں سکے۔ اس جنگ نے امت مسلمہ کو ایمان، جہاد کی فرضیت، فکرِ آخرت اور حبِ شہادت کے بہت ہی انمول دروس دیے، اس نے شیاطینِ مغرب کے انتہائی غلیظ چہرے سے ان کے جھوٹ کے نقاب نوچ بھی ڈالے اور انہیں یہ پیغام بھی دیا کہ محمد عربی ﷺ کی امت دنیا کے پیچھے چلنے کے لیے نہیں، بلکہ دنیا کو اپنے پیچھے چلانے کے لیے بھیجی گئی ہے اور ان کے سامنے اہم ترین چیز، ان کا دین، مقدسات اور رب کریم کی رضا ہے۔

راستہ جواب واضح ہوا!

اس جنگ کا بہت اہم پہلو یہ ہے کہ اس نے فکر و عمل کی صحیح سمت اب بالکل واضح کر دی ہے، اگر آنکھیں کھلی اور دل صاف ہوں تو آزادیٔ امت کی راہ سمجھنے میں اب کوئی ابہام نہیں ہونا چاہیے۔ راستے کے آسان یا مشکل ہونے کا سوال وہی لوگ کریں گے جنہیں امت مسلمہ کی موجودہ حالت زار کا شعور یا احساس نہ ہو اور جو اس حقیقت کو قبول کرنے کے لیے تیار ہی نہ ہوں کہ آج جہادِ فی سبیل اللہ نماز روزے کی طرح فرض، بلکہ ان سے بھی شاید زیادہ ہی اہم ہے اور وہ جہاد ہی اب ایمان و اعمال کی حفاظت کا ذریعہ بنے گا جس میں بیعت موت پر کی جاتی ہے، جہاں فتح و نصرت کی خواہش سے زیادہ رب کی رضا کی امید پر زندگی کا سودا کیا جاتا ہے اور بدلے میں فقط جنتوں کی بشارت ہی دیکھی جاتی ہے[1]۔ یہ سودا کل بھی امت کی کامیابی کا ضامن تھا اور یہ آج بھی ہے۔ کل بھی بطورِ فرد اس کا امتحان تھا اور آج بھی ہے اور کل بھی اللہ رب العزت ایسے اہل ایمان کی نصرت پر قادر تھا اور آج بھی ہے۔

لہٰذا جب تک ہم آسانی طلب کرنے کی جگہ، 'اللہ کو مجھ سے کیا مطلوب ہے' کی تلاش شروع نہ کریں اور یہ نہ دیکھیں کہ حقائق و حالات کس راستے کے رُخ بہ منزل ہونے پر دلالت کرتے ہیں تو اس کا نتیجہ یہی نکلے گا کہ ہم اُس صحرائے تیہ میں ہی سرگرداں رہیں گے جس سے نکلنے کی شرط اللہ رب العزت نے قربانی کے لیے تیار ہونا رکھا ہے۔ بنی اسرائیل کی صحرائے تیہ میں اسارت، کسی مادی حصار، جیل یا قید کی وجہ سے نہیں تھی، وہ خود اپنی نیت و عمل میں کھوٹے تھے اور یہی ان کے بھٹک جانے کی اصل وجہ تھی۔ پس اگر ہم بھی فکر و عمل اور راستے و سفر میں غلطی پر مُصر رہیں تو ہمارا انجام بھی صحرائے تیہ ہی ہو گا، منہج کی اس گمراہی میں حرکت و محنت کے باوجود بھی ہم جانب منزل سفر نہیں کر پائیں گے۔

---

[1] ﴿إِنَّ اللَّهَ اشْتَرَىٰ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ أَنفُسَهُمْ وَأَمْوَالَهُم بِأَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَيَقْتُلُونَ وَيُقْتَلُونَ﴾

اہلِ غزہ تنہا ہی کیوں رہے؟

کیا وجہ ہے کہ اس سارے عرصہ میں ہم اہلِ غزہ کے اصحابِ اخدود بننے کا بس تماشہ ہی دیکھتے رہے، جبکہ ان کی مدد ہم سے کچھ نہ ہو سکی؟ ہم میں اہلِ دل و دین کم نہیں ہیں، دینی تحریکات بھی بہت ہیں مگر اس سب کے باوجود وہ اول سے آخر تک تنہا کیوں رہے؟ وہ کھڑے تھے کہ امت بھی ان کے پیچھے کھڑی ہو مگر کسی نے بھی ان کا ساتھ نہیں دیا۔ فاصلے یا سرحدات اگر رکاوٹیں تھیں تو یہ کب اور کیوں رکاوٹیں بنیں؟ وہ کیا گرفت اور کس قسم کا تسلط تھا کہ جس نے ہمیں قدم قدم پر مجبور کیے رکھا؟ پھر وہ کونسی طاقت ہے کہ جس نے اسرائیل کو کھوکھلا ہونے کے باوجود کھڑا رکھا؟ اسرائیل کا بے جڑ اور بے بنیاد ہونا اس جنگ میں مزید واضح نظر آیا مگر اس کے باوجود وہ اب بھی کیوں تن کر کھڑا پوری امت کو دھمکیاں دے رہا ہے؟ یہ وہ سوالات ہیں کہ اگر ان کے ساتھ جنگِ غزہ کا ہم جائزہ لیں تو واضح ہو جائے گا کہ کون ہم پر مسلط ہے؟ اس طاقت کی قوت، تسلط اور وجود کی وسعت کیا ہے؟ اس کا مقابلہ کیوں ضروری ہے اور یہ مقابلہ کیسے ہو پائے گا؟ یہ وہ نکات ہیں کہ جو واضح ہوں گے تو پھر یہ سمجھنا آسان ہو گا کہ مسجدِ اقصیٰ کو آزاد کرانے کا راستہ کہاں سے شروع ہوتا ہے اور کن راہوں سے گزرتا ہے۔

غزہ کی جنگ میں امریکی کردار

اس جنگ نے دکھا دیا کہ اسرائیل کی بقا، ہمارے مقدسات پر اس کا قبضہ اور اہلِ اسلام پر اس کے وحشیانہ مظالم امریکہ کی طرف سے اس کی مدد و دفاع کے مرہونِ منت ہیں۔ امریکہ نے اسرائیل کی کیسے اور کتنی مدد کی؟ یہاں ہم اختصار کے ساتھ اس کی چند جھلکیاں رکھ دیتے ہیں۔ سات اکتوبر کو اسرائیل پر حملہ ہوا، مگر ماتم امریکہ میں مچ گیا، رات کو وائٹ ہاؤس میں اسرائیلی جھنڈے والی روشنیاں جلا کر دکھایا گیا کہ امریکہ اسرائیل سے دور نہیں۔ پھر امریکی صدر، اس کے وزرائے خارجہ و دفاع اور فوجی قیادت بھی اسرائیل پہنچ گئی۔ امریکہ عسکری، سیاسی، سفارتی اور میڈیا سمیت ہر ہر محاذ پر اسرائیل کے ساتھ کھڑا ہو گیا، اور ایسا یک جان دو قالب کا مظاہرہ کیا کہ جیسے اسرائیل ایک علیحدہ ریاست نہیں، بلکہ امریکہ ہی کا حصہ ہو۔

صدرِ امریکہ نے اعلان کیا:

> ”اس میں کوئی ابہام نہیں کہ ہم اسرائیل کے ساتھ ہیں، ہم اسرائیل کے ساتھ ہیں، ہم اسرائیل کے ساتھ ہیں۔“

اور کہا:

> ”ہم اسرائیل کو کبھی بھی تنہا نہیں چھوڑیں گے، جب تک امریکہ ہے، اور امریکہ ہمیشہ رہے گا، وہ اسرائیل کے ساتھ کھڑا رہے گا۔“

صدر بائیڈن نے تکرار کے ساتھ جھوٹ پر جھوٹ بول کر اسرائیلی مظالم کا کچھ ایسا دفاع کیا کہ جیسے وہ امریکی صدر نہیں، بلکہ اسرائیل کا ترجمان ہو۔

وزیر خارجہ بلنکن بھی غم زدہ چہرے کے ساتھ جب تل ابیب گیا تو بہت کچھ کہنے کے ساتھ یہ بھی کہا:

> ”اسرائیل یہ جنگ اکیلے لڑ سکتا ہے مگر جب تک امریکہ ہے، اسرائیل کو جنگ اکیلے نہیں لڑنی پڑے گی۔“

اس نے اسرائیل کو یہ ’خوش خبری‘ سنائی کہ اس کو اسلحے کی سپلائی شروع ہو گئی ہے اور یہ کبھی نہیں رکے گی۔ اور عملاً بھی یہی ہوا، پندرہ مہینوں میں ایک دن بھی یہ سپلائی منقطع نہیں ہوئی۔[۸]

امریکہ نے اپنے دو طیارہ بردار بحری بیڑے (بحری فورسز کے دو گروپ) مشرقِ وسطیٰ میں لا کھڑے کیے۔ اس کے ساتھ ساتھ اپنے بیس ہزار سپاہی بھی اسرائیل کے اندر تعینات کیے جنہوں نے اسرائیلی فوج کو لاجسٹک سپورٹ فراہم کرنا تھی۔[۹]

واشنگٹن پوسٹ نے اوائل جنگ میں لکھا کہ جنگ کے ابتدائی ۵۴ دن اسرائیل نے غزہ پر جو ۲۲ ہزار بم گرائے، یہ سب امریکی تھے۔ اسرائیلی ٹی وی، چینل 12 کے مطابق امریکی امداد میں بڑے بم اور دو ہزار پاؤنڈ وزن کے بنکر بسٹر گولوں کے علاوہ درجنوں ایف ۳۵ جہاز اور اپاچی ہیلی کاپٹر بھی شامل ہیں۔[۱۰]

ایک امریکی ادارے کے مطابق غزہ کی جنگ میں ایک سال کے دوران امریکہ نے اسرائیل کو کم از کم 22.76 ارب ڈالر تک کی امداد دی ہے، یہ اسرائیل کے کل مصارف کا 70 فیصد بنتی ہے،[۱۱] جبکہ 4.86 ارب ڈالر اس نے خود ان دنوں اسرائیل کے دفاع میں اپنی کارروائیوں میں صرف کیے ہیں۔[۱۲]

ایک مغربی تحقیقاتی رپورٹ کے مطابق اس جنگ میں اسرائیل نے جتنے ہتھیار استعمال کیے، اس میں ۶۹ فیصد امریکی، ۳۰ فیصد جرمن اور اپنا صرف ایک فی صد صرف کیا ہے۔ یاد رہے کہ جرمنی کی طرف سے ہتھیار کی یہ فراہمی بھی امریکہ کے جرمنی پر اثر و رسوخ کی وجہ سے ہے۔

---

[۸] الجزیرة

[۹] ایضًا

[۱۰] ایضًا

[۱۱] Watson Institute for International & Public Affairs (Brown University)

COST OF WAR

[۱۲] Associated Press

امریکہ نے یہ اعلان بھی کیا کہ اسرائیل کے اسلحے کے ذخائر میں جو کمی بھی آرہی ہے وہ امریکہ ساتھ ساتھ پورا کرتا رہے گا۔[13]

اس پر بھی بس نہیں، بلکہ امریکہ نے اسرائیل میں اسّی کی دہائی کے دوران اسلحے کے بہت بڑے ڈپو بنائے اور مستقل انہیں بھرتا بھی رہا۔ یہ ڈپو WRSA (War Reserve Stock Allies-Israel) کے نام سے جانے جاتے ہیں۔ ان کا مقصد مشرق وسطی میں بوقت ضرورت سہولت کے ساتھ یہاں سے ہتھیاروں کی فراہمی ہے۔ بش سینئر کے دور میں امریکہ نے اسرائیل کو بھی ان سے ہتھیار نکالنے کی اجازت دے دی، اس لیے اب اس جنگ میں اسرائیل نے اس اسلحے سے بھی استفادہ حاصل کیا۔[14]

اس قدر بے تحاشہ اور نہ رکنے والی امداد کی یہ تاریخ نئی نہیں، پروفیسر تھامس اسٹوفر (Thomas Stauffer) ایک امریکی ماہر معاشیات ہے، اس نے مشرق وسطیٰ میں امریکی پالیسیوں اور ان کے معاشی اثرات پر تحقیق کی ہے۔ اس نے اپنی رپورٹ "The Costs to the U.S. of the Israeli-Palestinian Conflict" میں لکھا ہے کہ ۱۹۴۸ء سے ۲۰۰۶ء تک، امریکہ نے اسرائیل کو مجموعی طور پر ۳۰ کھرب ڈالر (۳ ٹریلین ڈالر) کی امداد فراہم کی ہے۔

امریکہ ہر کچھ عرصہ بعد کسی نہ کسی معاہدے یا مد کے تحت اسرائیل کی عسکری امداد کرتا رہا ہے، ۲۰۱۶ء میں دونوں کے بیچ ایک دس سالہ معاہدہ ہوا جس کے تحت امریکہ نے اسرائیل کو سالانہ تین ارب اسّی کروڑ (3.8 بلین) ڈالر کی فوجی امداد دینا طے پایا اور اس کا آغاز ۲۰۱۹ء سے ہو چکا ہے۔

اسرائیل و امریکہ تعلق کی حقیقت

کسی نے کہا ہے اور سچ کہا ہے کہ امریکہ سے باہر، امریکہ کی ایک بہت بڑی فوجی چھاؤنی ہے، جس کا نام اسرائیل ہے، یہی پچھلے پندرہ مہینوں کی اس جنگ نے بھی واضح کیا۔ مگر سوال یہ ہے کہ امریکہ کی نظر میں اسرائیل کی اس حد تک زیادہ اہمیت کیوں ہے؟ وہ اسرائیل کی خاطر اتنا کچھ کیوں لُٹا رہا ہے؟ اسرائیل کے لیے خطرے کو خود اپنے لیے خطرے کے برابر کیوں سمجھتا ہے؟

سابق امریکی صدر جمی کارٹر اپنے ایک انٹرویو میں کہتا ہے کہ امریکی عیسائی ہونے کی وجہ سے یہود کی مدد اپنے اوپر لازم سمجھتے ہیں، اس لیے اسرائیل کی مدد کے متعلق امریکہ میں بڑی یکسوئی ہے۔ نیز امریکہ میں اسرائیلی لابی اے پیک (AIPAC) کا قوی اثر و رسوخ بھی اس کا ایک بڑا سبب ہے، اس لابی کا مقصد امن قطعاً نہیں ہے، بلکہ اس کے مد نظر اسرائیل کے لیے وائٹ ہاؤس، کانگریس اور میڈیا سے زیادہ سے زیادہ امداد کا حصول ہے۔

یہ بات اپنی جگہ درست ہے، مگر امریکہ اسرائیل تعلق کی گرہ کو دکتور عبدالوہاب میسری نے اچھی طرح کھولا ہے۔ ڈاکٹر میسری صہیونیت کے متخصص اور اس موضوع پر اتھارٹی سمجھے جانے والے پروفیسر و مصنف ہیں، دکتور اپنے ایک انٹرویو میں کہتے ہیں:

> ”اسرائیل کے لیے امریکی امداد کو اقتصادی زاویے سے مت دیکھیں، یہ اصل میں امریکہ کے اسٹریٹیجک مصارف ہیں، کیوں کہ سچ یہ ہے کہ امریکہ کو خود اسرائیل کی ضرورت ہے۔ آپ اسرائیل کو امریکہ کا ایک جنگی بیڑا ہی سمجھیں۔ (نہ کہ ایک علیحدہ ملک!) دیکھیں! صہیونی کہتے ہیں کہ اسرائیل امریکی سلامتی کا ایک اہم ستون ہے، اگر اسرائیل نہ ہوتا تو امریکہ کو عرب دنیا کو قابو کرنے کے لیے بحیرۂ عرب میں پانچ بڑے جنگی بیڑوں کو ضرورت پڑتی، جبکہ ایک جنگی بیڑے پر دس ملین ڈالر سالانہ خرچہ آتا ہے۔ گویا بالفرض اگر اسرائیل نہ ہوتا تو امریکہ کو خطہ قابو میں رکھنے کے لیے سالانہ پچاس ملین ڈالر خرچ کرنے پڑتے جبکہ اب وہ اسرائیل کو سالانہ صرف دس ملین ڈالر دیتا ہے۔ اس لیے میں اس حقیقت کو بار بار دہراتا رہا ہوں کہ صہیونی ایجنڈے کی کامیابی کا سبب اس کا امریکہ کے اوپر تسلط نہیں، بلکہ اس کا سبب خود امریکہ کی اپنی استعماری ضرورت ہے۔ ہرزل (بانی صہیونی تحریک) نے دیکھ لیا تھا کہ مغرب و امریکہ کا جو استعماری ایجنڈا ہے، اس میں ہمارا صہیونی منصوبہ اچھی طرح فٹ بیٹھتا ہے، اس نے ان کی یہ چاہت دیکھ کر اپنی ضرورت ان کے سامنے رکھ دی اور یوں ہی وہ کامیاب ہو گیا“۔[15,16]

دکتور میسری سے الجزیرہ کے نمائندے نے جب پوچھا کہ ”کیا امریکی امداد کٹ جانے سے اسرائیل ختم ہو جائے گا؟“ تو دکتور میسری نے جواب میں کہا:

> ”یقینی طور پر اسرائیل ختم ہو جائے گا اور اس کا احساس خود صہیونیوں کو بھی ہے۔ انہوں نے لکھا ہے کہ اگر کبھی ہمارے اخراجات زیادہ ہوئے اور ہماری حفاظت امریکہ کے لیے مشکل ہو گئی تو اسرائیل ختم ہو جائے گا۔“

دکتور میسری نے یہ بھی کہا کہ ”اسرائیل کی زندگی کے مکونات (اساسی اجزاء) اس کے داخل میں نہیں، بلکہ خارج یعنی امریکہ میں ہیں“، نیز ”میں کہتا ہوں کہ اسرائیل داخل سے تباہ نہیں

---

[13] الجزیرۃ

[14] حوالہ: برطانوی اخبار گارڈین: الاربعاء، ۲۷ دسمبر ۲۰۲۳

[15] احمد منصور کے ساتھ انٹرویو، الجزیرۃ

[16] امریکہ کے لیے اسرائیل کی اہمیت بائیڈن کے ایک پرانے بیان سے بھی واضح ہے جس میں وہ کہتا ہے کہ اسرائیل اگر نہ ہوتا تو ہم اسے خود ایجاد کر دیتے۔

ہو گا، بلکہ باہر جو اس کو کھڑا کرنے اور زندہ رکھنے والے ملکونات ہیں، وہ تباہ ہوں گے تو اسرائیل تباہ ہو گا!‘‘[۱۷]

استعماری دور ختم نہیں ہوا

گویا فلسطین پر اسرائیل کا ہی صرف قبضہ نہیں، بلکہ امریکی قبضہ بھی ہے، اور امریکہ نہ ہو تو اسرائیل کا وجود ممکن نہیں۔ پھر امریکہ کے فلسطین پر اسرائیلی قبضے کا ایک بڑا مقصد دنیا پر اپنا نظام قائم رکھنا بھی ہے۔ وہ نظام جو امریکہ کے عسکری، معاشی اور سیاسی غلبے سے عبارت ہے اور جو عالم اسلام پر بہت منظم انداز میں اپنے سیاسی فیصلے نافذ کرتا ہے۔ گویا سچ یہ ہے کہ عالم اسلام اٹھارویں صدی عیسوی میں برصغیر تا افریقہ جس استعمار کے تحت چلا گیا تھا اور جس سے بالآخر خلافت عثمانیہ بھی ختم ہوئی، وہ استعمار آج بھی موجود ہے۔ برطانیہ، اٹلی اور فرانس کے استعمار کا دور تو ختم ہوا، مگر دوسرا دورِ استعمار جاری ہے۔ پہلے اگر سات سمندر پار سے انگریز آکر ہم پر حکمرانی کرتا تھا، جبکہ ہمارے عوام کو احساس تھا کہ وہ مغلوب اور محکوم ہیں، تو آج عین وہی استعمار امریکہ کی صورت میں ہم پر مسلط ہے، مگر بتایا یہ جارہا ہے کہ ہم آزاد اور خود مختار ہیں، جبکہ واقعہ یہ ہے کہ مسلمانوں کی کوئی ایک بھی ایسی زمین نہیں جو امریکی تسلط کے تحت نہ ہو۔ افغانستان اس میں استثناء ہے کہ جہاں بیس سال کے جہاد کی برکت سے ہی امریکہ اپنا بوریا بستر گول کرنے پر مجبور ہوا۔

عالمی نظام اور امریکی اثر ورسوخ

امریکہ کی دنیا بھر کے سمندروں پر صحیح معنوں میں بادشاہی ہے۔ اس میدان میں چین و روس بھی اپنی جگہ قوی ہیں، مگر امریکہ کی نسبت ان کا اثر ورسوخ بہت کم ہے۔ عالمی طور ۷۰ فی صد سمندر پر امریکہ ہی کی حکمرانی ہے اور تمام تر اہم گزر گاہوں پر امریکہ کا قبضہ ہے۔ جبکہ یہ اصول ہے کہ جس کے قبضہ میں سمندر ہو، اس کے لیے فضا اور زمین پر پھر تسلط جمانا کوئی مشکل نہیں۔[۱۸]

ہنری کسنجر نے سمندری طاقت کے بل بوتے پر دنیا پر اپنی دھاک بٹھانے کی اس حکمت عملی کو ’’Diplomacy of a Hundred Thousand tons لاکھوں ٹن وزنی سفارت کاری‘‘ کا نام دیا تھا کیونکہ بحری طاقت کے ذریعے آپ دنیا سے اپنی بات منوا سکتے ہیں۔[۱۹]

امریکہ دنیا کی واحد ایسی طاقت ہے کہ جس کے، اپنی زمین سے باہر، اس قدر بڑی تعداد میں فوجی اڈے اور افواج موجود ہیں حتیٰ کہ بعض دفعہ اس کے کانگرس اراکین تک کو بھی علم نہیں ہوتا کہ ان کے فوجی کہاں کہاں تعینات ہیں۔ اندازہ کریں کہ دنیا کے 80 ممالک میں اس کے 800 سے زیادہ فوجی اڈے ہیں، جبکہ اس کے مقابل روس و چین وغیرہ کا اپنے ملک سے باہر فوجی وجود بہت ہی محدود، نہ ہونے کے برابر ہے۔[۲۰] اس طرح امریکہ کے دنیا کے 159 ممالک میں کم از کم ایک لاکھ 83 ہزار فوجی تعینات ہیں[۲۱]، جبکہ سی آئی اے اور دیگر استخباراتی اداروں کے خفیہ افراد، نیز پرائیویٹ فورسز اس تعداد کے علاوہ ہیں جو دنیا میں امریکی مفادات کی خفیہ جنگ لڑتے ہیں۔

امریکہ نے اپنی بیرونی فوجی طاقت کو عالمی طور پر گیارہ کمانڈز میں تقسیم کیا ہے، ان میں سے پانچ کمانڈز جغرافیائی لحاظ سے ہیں جبکہ پانچ عملیات کی نوعیت کے مطابق۔ ہر ہر خطے کے لیے علیحدہ فورس، الگ ہیڈ کوارٹر اور جدا آپریشنل بیس ہوتی ہے، اس طرح ہر فورس کی اپنی فوج، اپنے بحری اور فضائی جہاز اور اپنی استخبارات، یوں یہ پورے کے پورے گلوب کو کنٹرول کرتا ہے۔ مثلاً CENTCOM مشرق وسطیٰ، وسطی ایشیا، افغانستان اور پاکستان کو کور کرتا ہے، اس کا مرکزی دفتر فلوریڈا میں ہے جبکہ اس کی آپریشنل بیس قطر میں ہے۔ قطر میں Al Udeid Air Base کے نام سے اس کا بہت بڑا فوجی اڈہ ہے، یہ مشرق وسطیٰ میں اس کا سب سے بڑا فوجی مرکز ہے جو عالمی طور پر اس کا پانچواں بڑا اڈہ ہے، اس اہمیت کی بیس کسی بھی اور ملک کے پاس نہ اپنی زمین پر ہے اور نہ باہر۔ اسی طرح سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، کویت، عمان، اردن، عراق، بحرین، ترکی اور شام میں بھی اس کے فوجی اڈے ہیں، جبکہ پاکستان و مصر وغیرہ کے فوجی اڈوں کو بھی امریکہ استعمال کرتا رہا ہے، کیونکہ ان ممالک کے ساتھ اس کا انٹیلی جنس شیئرنگ، لاجسٹک سپورٹ اور دیگر باہمی تعاون کا تعلق ہے۔

سیاسی اثر ورسوخ کا جہاں تک سوال ہے تو یہ بات مشہور ہے کہ پاکستان اور مصر جیسے ممالک میں شاید ہی کوئی آرمی چیف امریکہ کی رضامندی کے بغیر بن سکتا ہو۔ سیاسی دھاک بٹھانے کے لیے یہ معیشت و اقتصاد کو بھی بطور ہتھیار استعمال کرتا ہے۔ اس تسلط کا ایک اہم ذریعہ ڈالر ہے اور باوجود یہ کہ بعض ممالک نے اس کے اثر سے نکلنے کی کوشش کی مگر چونکہ تاحال دنیا میں 60٪ زر مبادلہ کے ذخائر ڈالر میں ہیں، اس لیے تجارت بھی زیادہ تر ڈالر میں ہوتی ہے۔ اسی طرح قرضہ دینے والے عالمی ادارے، جیسے World Bank اور IMF امریکی زیر اثر ہیں اور یہ ادارے صرف ان ممالک کو قرضہ دیتے ہیں جو ان کی شرائط پوری کرتے ہوں، جبکہ یہ شرائط زیادہ تر امریکی مفاد دیکھ کر بنائی جاتی ہیں۔ امریکہ قرضوں کے ذریعے ممالک کے داخلی امور میں بھی مداخلت کرتا ہے اور اپنی مرضی مسلط کرتا ہے۔ یہ مداخلت حکومتی و انتظامی امور

---

[۱۷] احمد منصور کا ڈاکٹر عبدالوہاب مسیری سے انٹرویو، الجزیرۃ

[۱۸] ’’جس کے پاس بحری قوت ہو، وہ عالمی تجارت، جنگ اور سیاست پر کنٹرول رکھتا ہے۔‘‘ معروف امریکی اسٹریٹیجسٹ الفریڈ ماہان نے یہ نظریہ ۱۸۹۰ء میں پیش کیا۔

[19] Kissinger: A Biography

[۲۰] روس کے اپنے ملک سے باہر صرف ۹ جبکہ چین کا ایک فوجی اڈہ ہے، باقی فرانس کے ۱۵ و برطانیہ کے ۱۲ ہیں مگر وہ بالاصل امریکی اتحادی ہیں۔

[۲۱] الجزیرۃ

سے لے کر تعلیم، قانون اور سیکورٹی تک کے امور میں ہوتی ہے۔ سزا دینے کے لیے یہ تجارتی و مالیاتی پابندیاں بھی لگاتا ہے۔ اس طرح حکومتوں کو تبدیل کرنے اور ممالک میں انقلابات لانے کے معاملے میں امریکی کردار اتنا مشہور ہے کہ اس متعلق ایک امریکی رکن کانگرس کا لطیفہ بھی مشہور ہے کہ جب اس سے پوچھا گیا کہ دنیا کے بیشتر ممالک میں سیاسی یا فوجی انقلابات آتے رہے ہیں مگر کیا وجہ ہے کہ امریکہ میں کوئی انقلاب ابھی تک نہیں آیا، تو اس کا جواب تھا کہ اس لیے کہ امریکہ میں امریکی سفارت خانہ موجود نہیں ہے۔

عالمی سیاست کو کنٹرول کرنے کے لیے اس کے پاس ایک اہم ذریعہ اقوام متحدہ بھی ہے۔ اقوام متحدہ میں فیصلوں کے لحاظ سے کلیدی اور اساسی ادارہ سیکورٹی کونسل ہے، اس کے پانچ مستقل اراکین ہیں جن کے پاس ویٹو کی صلاحیت ہے۔ یعنی اگر پوری دنیا ایک بات چاہتی ہو مگر ان پانچ میں سے کسی ایک نے بھی اس کے خلاف رائے دی تو پھر دنیا بھر کی بات ردی کی ٹوکری میں جائے گی۔ (یہ جمہوریت ہے!) امریکہ چونکہ اقتصادی، عسکری اور سفارتی لحاظ سے زیادہ طاقت ور ہے اس لیے امریکہ کا اثر دیگر چار اراکین کی نسبت عالمی فیصلوں پر زیادہ ہوتا ہے۔ غزہ جنگ کے دوران جنگ بندی کے لیے اقوام متحدہ میں جتنی دفعہ بھی قرار دادیں پیش ہوئیں، امریکہ نے انہیں ویٹو کر دیا۔ مزید یہ کہ اقوام متحدہ دنیا بھر میں تعلیم و آگاہی، ثقافتی فروغ، مہاجرین کی امداد، صحت اور غربت کے خاتمہ جیسے کئی اہم اور عالمی طور پر مؤثر منصوبے بھی چلاتا ہے۔ ان اداروں کو بھی یہ اپنے خاص ایجنڈا کے لیے استعمال کرتا ہے۔ اس کی تازہ مثال ’اونروا‘ (UNRWA) کا ادارہ ہے کہ جو ۱۹۴۹ء میں فلسطینی مہاجرین کی امداد کے لیے بنایا گیا تھا۔ پہلے بائیڈن نے اسرائیل کی خواہش پر اس کا فنڈ کم کر دیا، جس سے یہ کمزور ہو گیا جبکہ صدر ٹرمپ نے آتے ہی اس کا فنڈ مکمل طور پر روک دیا۔ اقوام متحدہ کے ان اداروں کے علاوہ امریکہ نے اپنے بین الاقوامی امدادی ادارے USAID کے تحت براہ راست غیر سرکاری تنظیموں NGOs کا جال بھی اکثر ممالک میں بچھایا ہوا ہے، اس سے پاکستان جیسے ممالک میں گاؤں تک کی سطح کے عام فرد سے لے کر ملک کے اہم میڈیا پرسنز اور پارلیمنٹ اراکین تک پر وہ اثر ڈالتا ہے اور انہیں ملک میں اپنے مفادات کے لیے استعمال کرتا ہے۔

امریکہ کا دنیا پر کتنا اثر ہے، اس کا اندازہ غزہ کی اس جنگ سے اس لحاظ سے بھی واضح ہوا کہ غزہ میں بدترین اور انتہائی انسانیت سوز قسم کے روح کو لرزا دینے والے جرائم کیمروں کے سامنے جاری رہے، مگر اس کے باوجود اقوام متحدہ کی طرف سے کوئی ایک ایسا اقدام نظر نہیں آیا کہ جس سے اہل غزہ کو کوئی فائدہ ملا ہو۔ کتنی دفعہ اقوام متحدہ کو امریکہ نے فیصلہ کرنے سے روکا اور کئی دفعہ ایسا بھی ہوا کہ اقوام متحدہ کو تو اس نے فیصلہ کرنے دیا مگر عملاً اس فیصلے پر عمل نہیں کرنے دیا۔ اسی طرح اس جنگ نے یہ بھی دکھا دیا کہ انسانی حقوق اور عورتوں کے حقوق جیسے خوش نما نعرے جو اقوام متحدہ اور امریکی مدد سے چلنے والی این جی اوز کے ذریعے لگوائے جاتے ہیں، ان کی حقیقت امریکہ و مغرب کے لیے ہتھیار سے زیادہ نہیں ہے۔

یہ ہے امریکہ کا عالمی نظام جو اسلام اور عالم اسلام کے حق میں باقاعدہ جنگ لڑ رہا ہے، اور اس جنگ کے سبب امت کی جو آج حالتِ زار ہے، اس میں امت کے حکمرانوں اور افواج کا بھی کوئی کم اہم کردار نہیں، یہ کردار کیا ہے؟ اس کے لیے یہاں اسرائیل کے ساتھ روز اول سے ان ممالک کا تعامل دیکھنا مفید ہو گا، نیز یہ دیکھنا بھی اہم ہے کہ یہ ممالک خود کس طرح وجود میں آئے، انہوں نے مسجدِ اقصیٰ پر اس یہودی قبضے میں کیا کردار ادا کیا ہے اور اس کے بعد امریکی استعمار کے دفاع و تقویت میں ان کا اب کیا رول ہے؟

امت کی افواج و حکام کا کردار

اوپر ہم ذکر کر چکے ہیں کہ استعمار کی شکل تبدیل ہوئی ہے، استعمار ختم نہیں ہوا ہے۔ برطانیہ وغیرہ کے لیے بین الاقوامی حالات کے باعث عالم اسلام پر براہ راست قبضہ برقرار رکھنا جب مشکل ہوا تو ہمارے یہ ’آزاد‘ ممالک معرض وجود میں لائے گئے۔ ان ممالک نے یہ آزادیاں چھینی نہیں، بلکہ یہ انہیں مشروط طور پر، اطاعت و پاسداری کی شرط پر عطا کی گئی ہیں۔ اس پر بعض مغربی مصنفین نے لکھا بھی ہے۔ مثلاً امریکہ کے معروف مصنف David Fromkin نے اپنی کتاب میں لکھا ہے کہ ”پہلی جنگ عظیم کے بعد جو عرب حکومتیں قائم کی گئیں، انہیں علم تھا کہ ان کے قیام کی شرط فلسطین کو یہود کے حوالے کرنے میں ان کی سہولت کاری ہے“۔[۲۲] ان مملکتوں کے بننے کے تھوڑے ہی عرصہ، یعنی ۱۳ سے ۲۶ سال بعد، برطانیہ نے فلسطین پر یہودیوں کو اپنا جانشین بنایا اور اسرائیل کے قیام کا اعلان ہوا۔ فلسطین پر یہ یہودی قبضہ عالم اسلام کے لیے چونکہ بہت ہی نازک واقعہ تھا، اس کے ساتھ مسلمانوں کا بہت کچھ وابستہ تھا، جس کو یہ حکام و افواج بھی جانتے تھے، اس لیے انہوں نے بھی اس پر برہمی کا اظہار کیا اور ان کی متحدہ فوج فلسطین کے اندر ۱۹۴۸ء شریک جنگ بھی ہوئی، مگر اس جنگ میں انہوں نے اصلاً کیا کردار ادا کیا؟ یہ جاننے کے لیے شیخ مصطفی سباعی کی ایک کتاب سے یہاں چند اہم واقعات اور یادداشتیں نقل کرتے ہیں۔

دکتور مصطفی سباعی (۱۹۱۵ء۔۱۹۶۴ء) شام کے اخوان المسلمین کے امیر تھے۔ آپ نے ۱۹۴۸ء کی جنگ میں بطورِ قائد و مجاہد حصہ لیا اور جنگ کے خاتمے پر اپنی یادداشت ”جهادُنا في فلسطين“ مرتب کی۔ اس میں آپ نے بتایا کہ ہم بطورِ امت کیسے بدترین دشمن اور غلیظ ترین غداروں کے دو پاٹوں کے بیچ پس رہے ہیں۔ یہ کتاب اس لحاظ سے بھی مفید ہے کہ ہمیں برصغیر میں بھی بعینہٖ اسی قسم کے کرداروں کا سامنا رہا ہے اور یہ پڑھ کر ہمیں اس نتیجے پر پہنچنے میں کوئی

---

[22] Creating the Middle East, 1914-1922

وقت نہیں ہوگی کہ فلسطین پر قبضے کی یہ جنگ پورے عالم اسلام میں جاری ہے اور ہر جگہ ایک ہی قسم کے کرداروں کو مغرب نے ہم پر مسلط کر رکھا ہے۔

۱۹۴۸ء کی جنگ

قیامِ اسرائیل (۱۹۴۸ء) کے ساتھ ہی اخوان المسلمین نے جہاد کی صدا بلند کی۔ جواب میں عرب دنیا سے رضاکاروں نے اخوان کا رُخ کیا۔ یہ دیکھ کر عرب ممالک کی تنظیم عرب لیگ (الجماعۃ الدول العربیہ، جو ۱۹۴۵ء میں قائم ہوئی تھی) بھی میدان میں آگئی۔ اس نے اعلان کیا کہ فلسطین کی آزادی کے لیے وہ ’جیش الانقاذ‘ کے نام سے اپنی فوج قدس بھیجے گی۔ ساتھ یہ اعلان بھی کیا کہ جس نے جہاد کرنا ہے وہ غیر سرکاری لوگوں کے ساتھ نہ جائے بلکہ ’جیش الانقاذ‘ ہی میں رضاکار کے طور پر بھرتی ہو۔ اخوان نے اس اعلان کو شک کی نگاہ سے دیکھا مگر اس کے باوجود انہوں نے اپنے نظم سے بھرتی کے بجائے، فوج کے نظام میں اپنے ساتھی جمع کرنا شروع کیے۔ تھوڑے ہی عرصہ بعد فوج کی تربیت و نظریات اور اخلاق و عادات دیکھ کر انہیں شدید پریشانی ہوئی۔ ایک دفعہ ’جیش الانقاذ‘ کے مرکزی افسر نے ڈاکٹر سباعی کو بلا کر کہا:

> ”تم لوگ تعلیم یافتہ اور ہنر مند افراد کو ساتھ شامل نہ کرو، پھولوں جیسی ایسی جوانیوں کو ہم اُدھر مرنے نہیں بھیجیں گے۔ ان کے برعکس جرائم پیشہ اور سزا یافتہ افراد کو بھرتی کیا کرو، وہ جنگ کے لیے موزوں ہوتے ہیں۔“

یہ سن کر شیخ سباعی کو جواب دینا پڑا کہ یہ معرکہ جسموں اور پٹھوں کی مضبوطی سے زیادہ شعور، قربانی اور ایمان کی مضبوطی کا ہے اور یہود نے اس لحاظ سے اپنے بہترین لوگوں کو جنگ میں بھیجا ہے۔

اخوانی قیادت نے بالآخر حکومتی نظام سے علیحدہ نظم چلانے کی اجازت مانگی، اجازت تو دے دی گئی مگر ساتھ ہی یہ مژدہ بھی سنایا گیا کہ اپنے ہتھیار کا تم نے اب خود بندوبست کرنا ہے! دکتور سباعی کے مطابق عرب لیگ نے اس کام کے لیے خطیر فنڈ مقرر کیا تھا۔ ہمیں ہتھیار فراہم کرنا ان کے لیے کوئی مسئلہ ہی نہیں تھا، مگر مقصود چونکہ ہمارا راستہ روکنا تھا، سو ہمیں ہتھیاروں سے لے کر طعام و پوشاک تک سب ضروریات کا انتظام خود ہی کرنا پڑا اور ایسا کرنا ناممکن حد تک مشکل تھا۔ دوسری طرف جو رضاکار فوج کے پاس گئے انہیں ہر ہر چیز انتہائی اعلیٰ قسم کی دی جانے لگی۔

فلسطین میں مجاہدین جنگوں پر جنگیں لڑنے لگے جبکہ عرب لیگ کی جیش الانقاذ اور ان کے تحت رضاکاروں کو شاذ ہی کوئی کارروائی ملتی۔ انہیں ہر چھوٹے بڑے کام کے لیے باہر کی قیادت سے اجازت لینی ہوتی تھی۔ دوسری طرف مجاہدین کی کارروائیوں کے دوران جہاں بھی کہیں یہودیوں کو سرنڈر ہونا پڑتا تو وہ مجاہدین کی بجائے جیش الانقاذ کے ہاتھ گرفتاری کی شرط رکھتے تھے اور یہ اس لیے کہ اس میں انہیں فائدہ نظر آتا تھا۔

ایک دفعہ شہر قدس میں ایمونیشن کی بہت زیادہ کمی پیدا ہوئی۔ دکتور مصطفیٰ کو گولیاں لینے کے لیے دمشق جانا پڑا، وہاں متعلقہ فوجی جرنیل کے سامنے بیت المقدس کی نازک صورت حال بتا دی اور آنے والے خطرے سے انہیں آگاہ کیا۔ جرنیل نے یہ کہہ کر گولیاں دینے سے انکار کر دیا کہ آپ لوگوں کے ہتھیار جرمنی کے بنے ہوئے ہیں جبکہ ہماری گولیاں برطانوی مارکہ ہیں۔ شیخ مصطفیٰ شام کے صدر صاحب کے پاس گئے، صدرِ جمہوریہ صاحب نے متعلقہ افسر کو گولیاں دینے کا حکم بھیجا۔ افسر نے محض پانچ ہزار گولیاں شیخ کے ہاتھ میں یہ کہہ کر رکھ دیں کہ ہمارے پاس گولیاں کم ہیں مگر چونکہ صدرِ جمہوریہ کی سفارش ہے، اس لیے مجبوراً دے رہا ہوں! شیخ مصطفیٰ نے افسر کو جواباً کہا کہ یہ گولیاں اگر میں مجاہدین میں تقسیم کروں تو فی مجاہد فقط دس گولیاں ہی آئیں گی۔ اس سخت جنگ میں ایک مجاہد ان دس گولیوں کا کیا کرے گا؟

شہر قدس کے سقوط کا خطرہ ایک دفعہ زیادہ ہوا اور نظر آیا کہ ایسا اگر ہوا تو عوام کا بڑا قتل عام ہو گا، سو شیخ مصطفیٰ نے جیش الانقاذ کے وہاں کے ذمہ دار کے ذریعے ایک عرب دارالحکومت فون کرایا، ان کے سامنے صورت حال کی سنگینی رکھ دی، فوری طور پر فوجی مدد بھیجنے کا مطالبہ کیا اور بتایا کہ اگر مدد نہیں آئی تو خواتین و بچوں کا بدترین قتل عام نظر آ رہا ہے۔ قیادت کو غلط فہمی ہوئی اور وہ سمجھے کہ قدس میں لڑنے والے اس کے اپنے فوجی ہیں، اس نے اس افسر کو فوراً حکم دیا، ”أنا آمرك بالإنسحاب وأنتم عندنا أغلى!“ ”میں تم لوگوں کو فوراً نکل آنے کا حکم دیتا ہوں، ہمارے نزدیک تم قیمتی ہو (فلسطینی مسلمان نہیں)!“ یعنی فلسطینی مسلمانوں کو چھوڑو، قتل ہونے دو، بس تم بچ کر آجاؤ!

مجاہدین کم وسائل و تعداد کے باوجود ثابت قدم رہے، یہاں تک کہ عرب لیگ نے معاہدہ ۱۹۴۹ء کر لیا، جس کے تحت قدس کو جیش الانقاذ کے حوالے کرنے اور مجاہدین کو واپس دمشق کی طرف نکلنے کا حکم دیا گیا۔

دکتور مصطفیٰ سباعی نے کتاب کے آخر میں درج ذیل نکات لکھ کر عرب افواج کے کردار کا خلاصہ لکھ دیا ہے:

اولاً: عرب لیگ کا فلسطین میں فوج بھیجنے کا مقصد فقط اپنی غضب ناک عوام کو ٹھنڈا کرنا تھا۔ ان کا مقصد لڑنا یا فلسطینی عوام و زمین کا دفاع قطعاً نہیں تھا۔

ثانیاً: جیش الِانقاذ کی جس عسکری قیادت نے جنگ میں فوج کی سرپرستی کی، وہ فلسطین کے اندر نہ صرف یہ کہ کسی ایک معرکے میں شریک نہیں ہوئی، بلکہ وہ فلسطین میں سرے سے داخل ہی

نہیں ہوئی، انہیں فلسطینی علاقوں کا علم تک نہیں تھا، وہ اس سارے عرصہ میں اصلاً فلسطین سے باہر عرب زمین پر خیمہ زن رہی اور دمشق اور قاہرہ کے چکر لگاتی رہی۔

ثالثاً: جیش الانقاذ کا بنیادی کام مجاہدین کو ناکام کرنا تھا۔ فلسطینی مجاہدین کے امیر شہید عبد القادر حسینی ؒ نے جیش الانقاذ سے انتہائی سخت وقت میں جا کر ہتھیار مانگے مگر فوج نے انہیں انکار کر دیا۔ شہید عبد القادر ؒ نے اس پر ہمیں مخاطب کر کے کہا تھا: ”میں نے ان سے فقط ایک عدد توپ مانگی، انہوں نے انکار کیا اور ایسی بے کار بندوقیں میرے حوالے کر دیں جنہیں بس جلایا ہی جا سکتا ہے۔“ دکتور مصطفی کے مطابق یہ بندوقیں پہلی جنگ عظیم میں استعمال ہوئی تھیں جو مکمل طور پر خراب تھیں۔ بندوقیں دکھانے کے بعد عبد القادر ؒ نے کہا کہ ”میں اپنی موت تک فلسطین میں لڑوں گا اور دشمن کے لیے اسے تر نوالہ کبھی نہیں بننے دوں گا۔“

عبد القادر نے قاہرہ عرب لیگ کی مرکزی قیادت کے نام پھر خط لکھا۔ آپ ؒ نے اس میں لکھا: ”تم لوگوں نے بیچ جنگ میں میرے مجاہدین کو بغیر مدد اور ہتھیار کے چھوڑا، میں اس کی تمام تر مسؤولیت تمہارے اوپر ڈالتا ہوں۔“ اس خط کے دو دن بعد آپ ؒ شہید ہو گئے جبکہ اس کے بعد دیر یاسین کا سقوط ہوا اور اسرائیل نے وہاں انتہائی بڑا قتل عام کیا۔

’تمہاری افواج‘ ہی تمہاری قاتل ہیں!

شہید سید قطب ؒ نے ۱۹۵۲ء میں بیت المقدس میں منعقد القدس کانفرنس میں شرکت کی تھی، اس میں ان افواج کے متعلق آپ نے فرمایا تھا:

> ”تمہارا خیال ہے کہ یہ عرب افواج اسلام اور مسلمانوں کے دفاع کے لیے لڑیں گی؟ ایسا قطعاً نہیں ہے، یہ تمہارے ہی قتل کے لیے تشکیل دی گئی ہیں، یاد رکھو! یہ یہود پر ایک گولی بھی نہیں چلائیں گی۔“[23]

سید قطب ؒ کی یہ بات حرف بہ حرف درست ثابت ہوئی۔ ان کی پوری تاریخ اس پر شاہد ہے اور ابھی غزہ کی جنگ نے ایک دفعہ پھر اس پر مہر تصدیق ثبت کر دی کہ یہ اسرائیل کے خلاف زبانی جمع خرچ، کانفرنسز اور قراردادوں وغیرہ کے ڈرامے تو اچھے کر لیتی ہیں مگر عملاً یہ اسرائیل و مغرب ہی کے مفادات کے تحفظ کا کام کرتی ہیں، ان کی ذمہ داری اپنے عوام کو دبانا اور ریاست اسرائیل کو ان کے ردِّ عمل سے محفوظ رکھنا ہے۔ اس جنگ میں متحدہ عرب امارات، سعودی عرب اور اردن کی طرف سے دوران جنگ اسرائیل کو سامان اور تیل کی ترسیل جاری رہی۔ اسرائیلی میڈیا[24] خبریں دیتا رہا کہ عرب حکومتیں حماس کو ختم کرنے کی مکمل تائید کرتی ہیں۔[25] جنگ کے سارے عرصے میں مصری فوج نے غزہ کا محاصرہ رکھا۔ مصری وزیر دفاع کو یہ کہتے ہوئے کوئی شرم نہیں آئی کہ سرحد کھولنے، بند کرنے اور اس سے کسی کے آنے جانے کا فیصلہ ہم نہیں، اسرائیلی کرتے ہیں اور وہ ہمیں پھر اطلاع دیتے ہیں۔ یہ دل خراش منظر بھی کیمروں نے محفوظ کیا کہ غزہ سے ایک نوجوان جب مصر کی طرف دیوار پھلانگتا ہے تا کہ بھوک و بمباری سے بچ جائے، تو مصری فوجی اُس پر گالیوں کے ساتھ برستے ہیں اور اسے مار مار کر بے حال کر دیتے ہیں۔[26]

اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو نے اپنی ڈائری (نشر شدہ کتاب[27]) میں لکھا ہے کہ ۱۹۹۶ء میں اس نے اردن کے شاہ حسین کے ساتھ ملاقات کی، اس میں اس نے اُس سے کہا کہ تمہاری حکومت کی حفاظت ہماری ذمہ داری ہے، اگر تمہیں کسی داخلی یا خارجی خطرے کا سامنا ہوا تو اسرائیلی فوج اردن میں داخل ہو کر تمہاری حکومت بچائے گی۔

اسرائیل کے سامنے ان حکومتوں کے جھکنے کا راز کیا ہے؟ اس کا جواب قطر کے سابق وزیر اعظم حمد بن جاسم نے ۲۰۱۷ء میں اپنے ایک انٹرویو میں بڑا اچھا دیا ہے، اس نے کہا:

> ”ذرا کھل کے بات کروں؟ امریکہ کے ساتھ تعلق رکھنا سب کی خواہش ہے، ہر ایک اس کی کوشش کرتا ہے اور امریکہ نے وائٹ ہاؤس کا دروازہ اسرائیل میں رکھا ہے۔“[28]

یعنی امریکہ تب ہی کسی کو منہ لگاتا ہے اور اس کے لیے اپنا دروازہ کھولتا ہے جب وہ اسرائیل کے آگے جھک جائے۔

یاد رہے کہ امریکہ نے اسرائیل کے قیام سے پہلے بھی عرب دنیا میں باقاعدہ عسکری طور پر قدم رکھنے کی جگہ بنالی تھی۔ ۱۹۴۵ء میں اس نے سعودی عرب کے اندر ذہران کے علاقے میں Dhahan Air Base کے نام سے اپنا فوجی اڈہ قائم کیا تھا۔[29] گویا اسرائیل کے قیام سے پہلے سے امریکہ یہاں عملاً موجود رہا اور پھر یہ اس کی ’محنت‘ کا نتیجہ ہے کہ تمام تر عرب ممالک

---

[23] مجلہ انصار النبی ﷺ مقالہ للاستاذ ابراہیم غوشہ رحمہ اللہ

[24] مثلاً اسرائیلی اخبار Globes اور euro news۔

[25] صدر ٹرمپ کے پچھلے دور سے اب تک سعودیہ کے وزرائے خارجہ نے کئی دفعہ مجاہدین غزہ کو دہشت گرد کہا، ۲۰۱۸ء میں سعودی وزیر خارجہ نے بروسلز میں یورپی یونین کی کمیٹی سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی، نیز ابھی حال ہی میں سعودی شہزادہ ولید بن طلال نے صحافی Tucker Carlson کے ساتھ انٹرویو میں اہم امریکی اقدامات، جو اس نے اٹھائے اور مزید جن کے اٹھانے کا ارادہ ہے کا ذکر کیا، اس کے تحت اس نے کہا کہ امید ہے امریکہ حماس کو مکمل طور پر ختم کر دے گا۔

[26] ۲۰۱۵ میں ہونے والے اس واقعے کی بھی ویڈیو موجود ہے جب ایک ذہنی طور پر معذور نوجوان غزہ کے ساحل پر نہاتے ہوئے مصری سمندری حدود میں داخل ہو جاتا ہے تو مصری فوج گولیوں سے بھون کر اسے شہید کر دیتی ہے۔

[27] A Place Under the Sun: A Memoir

[28] ۲۵ اکتوبر ۲۰۱۷ء کو الجزیرہ ٹی وی چینل

[29] کتاب Desert Kingdom از Toby Craig Jones

آج اسرائیل کو خطے کا تھانیدار تسلیم کر رہے ہیں اور باہر تو باہر اپنے اپنے ممالک میں بھی اسرائیل کے تجویز کردہ منصوبوں پر عمل کر رہے ہیں۔

گویا ان حکمرانوں کو اسرائیل کے آگے امریکہ نے جھکایا، مگر کس چیز نے انہیں خود امریکہ کا غلام بنایا؟ ان کی اپنی خود غرضی و عیاشی نے انہیں امریکہ کا غلام بنایا۔ اس کی خاطر انہوں نے مقدسات کا سودا کیا اور اسی کے سبب یہ امت کے وسائل لوٹنے میں ان ڈاکوؤں اور چوروں کے سہولت کار بن گئے۔ ٹرمپ آج علی الاعلان کہتا ہے کہ میں نے سعودی بادشاہ سے کہا: شاہ! تمہارے پاس کھربوں ڈالر ہیں، مگر ہم نہ ہوں تو یہ تمہارے کسی کام نہیں آئیں گے۔ ہماری حفاظت کے بغیر تمہاری حکومت دو ہفتے بھی نہیں چل سکتی۔..... تمہیں ہمارا حصہ دینا ہو گا۔[30]

فلسطین سے باہر فلسطین کی جنگ

ایسے میں یہ سوال کہ اہل غزہ کی نصرت کیوں نہیں ہو سکی، کیوں نہیں ہو رہی، اور آگے بھی اس نصرت کے راستے کیوں مسدود ہیں؟ اس کا جواب اس کے علاوہ کیا ہے کہ اس کا باعث ہمارے ان ممالک / نظاموں کی وہ عشروں پر محیط جنگ ہے جو یہ امریکی سرپرستی میں اسلام و اہل اسلام کے خلاف اپنے ہاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ پیمانہ بڑا سادہ اور آسان ہے، جو فوج و نظام اپنی تاریخ میں جتنا امریکہ کا اتحادی رہا، امریکی مفادات کا اس نے اپنے ہاں جتنا دفاع کیا، اس کو راضی رکھنے کے لیے اہل اسلام کے خلاف جتنا لڑے، اُتنا ہی اہل غزہ کو محصور کرنے اور انہیں آج یہودی درندوں کے آگے باندھ کر ڈالنے میں اس کا کردار ہے۔ جنگِ غزہ سات اکتوبر کو شروع ہوئی، جبکہ یہ افواج اپنی زمینوں پر فلسطین کے خلاف اپنی جنگ کئی عشروں سے جاری رکھے ہوئے ہیں۔ بہت ہی بے شرم ہیں وہ لوگ جو ایک طرف 'دہشت گردی' کے خلاف جنگ کے نام پر، اہل اسلام کے خلاف امریکہ کے دل و جان سے اتحادی ہوں، اپنی زمین امریکیوں کے فوجی اڈوں کے لیے پیش کرتے ہوں، اجرتی قاتل بن کر اس سے اربوں ڈالر بٹورتے ہوں،[31] اپنے عقوبت خانوں کو دفاع امت کی خاطر لڑنے والے مجاہدین سے بھرتے ہوں اور اپنے ہر داخلی و خارجی معاملے میں امریکہ کی غلامی کرتے ہوں اور اس کے بعد پھر جب اہل غزہ کا قتل عام ہو تو مگرمچھ کے آنسو بہاتے ہیں، کانفرنسیں منعقد کرتے ہیں اور غزہ کے حق میں تقریریں کر کے داد وصول کرتے ہیں۔

ترکی و پاکستان ہو یا عرب کے یہ خلیجی ممالک، ہر جگہ یہی ایک قسم کی دورنگی و چالاکی ہے۔ کیا پاکستانی فوج کی طرف سے امریکہ کی خدمات کوئی ڈھکی چھپی ہیں؟ بہت ہی افسوس کی بات ہو گی کہ ہمارے بعض دینی سیاسی قائدین غزہ کی تباہی پر غم زدہ اور غضبناک ہوں، مگر ساتھ ہی امریکیوں کا دفاع کرنے والی اس فوج کو اپنی فوج بھی کہتے ہوں، امریکہ کو امت کا دشمن بھی قرار دیتے ہوں، اسے برا بھلا کہتے ہوں اور دوسری طرف پھر جو مجاہدین امریکہ کے خلاف لڑنے نکلے تھے، ان کے خلاف پاکستانی فوج کی امریکی جنگ کو جہاد کا نام بھی دیتے ہوں۔

کیا غزہ کی مدد اس طرح ہو پائے گی؟ کیا امریکہ کی غلام امت مسلمہ کی غدار فوج کو اس طرح عذر دے کر ہم اسرائیل کو کبھی کمزور کر لیں گے؟ اہل غزہ کی قربانیوں و صبر و ثابت اور بعد ان کی فتح پر شادیانے بجانا اور ان کی تعریفوں کے پل باندھنا جبکہ اپنے ہاں اہل غزہ کے خلاف جرائم کی مرتکب مجرم فوج کو عزت و تحفظ دینا اور ان کی امریکی سرپرستی میں لڑی جانے والی جنگ کو دین و ملت کے مفاد میں ثابت کرنا، یہ 'کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا، بھان متی نے کنبہ جوڑا' والا رویہ نہیں تو اور کیا ہے؟ ضروری ہے کہ ان تضادات سے اب ہم باہر نکل آئیں، اپنی تائید و حمایت اور براءت و عداوت کی بنیادیں اب ہم وطنیت اور قومیت کے سیکولر اصولوں کی جگہ اسلامیت کے اصولوں پر استوار کریں اور شریعتِ مطہرہ کے مطابق انہیں ڈھالیں۔

یہ سوچنا کہ غزہ کی جنگ اور مسجد اقصیٰ کی آزادی کا معرکہ بس فلسطین میں ہی لڑا جا سکتا ہے جبکہ دور بیٹھ کر یہ ہمارے بس میں نہیں، ایسا سوچنا سادگی نہیں بلکہ امت کے حق میں جرم ہو گا، اس لیے کہ یہ حقیقت اظہر من الشمس ہے کہ فلسطین میں یہ اہل غزہ کا معرکہ تب ہی کامیاب ہو گا، جب اس سے باہر ہم اپنی اپنی زمینوں پر، جہاں ہم واقعی کچھ کر سکتے ہیں، اس کو اپنا سمجھیں اور اُن قوتوں کو کمزور کرنے کے لیے متحد ہو جائیں جو اسرائیل کی جان و روح بنی ہوئی ہیں۔ ضروری ہے کہ انگریز کی تشکیل کردہ صہیونی غلام فوج کو اپنا کہنے کی بجائے خود اپنے اسلامی لشکر ہم تشکیل دیں، مساجد و مدارس اور منبر و محراب کو اپنی تحریک کے محور بنائیں اور اپنی زمین پر حزب اللہ بن کر حزب الشیطان، اس صہیونی اتحاد کے خلاف صف آرا ہو جائیں۔

پس وقت آگیا ہے کہ:

سامنے کھڑے کوہ ہمالیہ جتنے اونچے اور واضح حقائق کو ہم کھلی آنکھوں سے دیکھیں اور ان کی موجودگی کا اعتراف کریں۔ غزہ کی تباہی اور مقدسات پر تسلط کا ذمہ دار صرف اسرائیل نہ تھا اور نہ ہے، اس میں بنیادی و مرکزی کردار جب امریکی اتحاد کا ہے تو ضروری ہے کہ اب ہم چار و ناچار اس حقیقت کو تسلیم کر لیں، اور پھر اس نکتہ پر امت کو متحد و متفق کر لیں کہ امریکہ امت پر مسلط وہ عالمی استعمار ہے کہ جس کو نظر انداز کرنا، خود فریبی ہے، اہل غزہ کے ساتھ زیادتی ہے، ان مظلومین کو اس صہیونی طاقت کے سامنے اکیلے چھوڑنا اور امت مسلمہ کے مصائب اور اس کی غلامی کی رات کو طول دینا ہے۔

یہ حقیقت بھی قبول کرنی چاہیے کہ یہ افواج صہیونی استعمار کے جنود ہیں اور انہیں اپنا سمجھ کر ہم نہ اسرائیل و امریکہ کے قبضے سے امت و اس کے مقدسات چھڑا سکتے ہیں اور نہ ہی اپنے ہاں نفاذِ

---

[30] ویڈیو کلپ جس میں ٹرمپ ایک جلسے سے تقریر کر رہا ہے۔

[31] ۲۰۰۲ سے ۲۰۱۸ تک امریکہ نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں تعاون کے زمرے میں ۳۳ ارب ڈالر پاکستان کو عطا کیے، یہ اعلانیہ مد دہے جبکہ غیر اعلانیہ اس سے کہیں زیادہ ہے۔

شریعت کی طرف کوئی قدم بڑھا سکتے ہیں۔ جب یہی سچ ہے تو پھر ہم اپنے آپ سے پوچھیں کہ کیا ہماری ایسی کوئی جدوجہد جس میں اُلٹا انہی افواج کو اپنا سمجھا جاتا ہو، انہیں ہٹانے اور ان کی جگہ خوف خدا رکھنے والی مجاہد قوت لانے کی کوئی سنجیدہ کوشش نہ ہو، بلکہ جس جدوجہد میں الٹا استعمار کے کھینچے گئے دائروں میں گھومتے رہنے تک ہی ہم محدود ہو جاتے ہوں، کیا ایسی کوشش امت مظلومہ کی کوئی دوا بن سکتی ہے؟ کیا دنیا میں ایسی پر امن اور جمہوری جدوجہد کو کبھی کامیابی ملی ہے؟ ہمیں تسلیم کرنا چاہیے کہ ایسے دائروں کو راستے سمجھ لینا جو امریکی رینڈ کارپوریشن کے تیار کردہ و تائید کردہ ہوں، ان پر چل کر ہم چاہیں یا نہ چاہیں صہیونی استعمار کو ہی فائدہ دیں گے اور یہ بالحقیقت آنکھیں بند کر کے ایسا چلنا ہے جس کا خمیازہ پوری امت بھگت رہی ہے۔

آزادیٔ قدس کا راستہ

امریکہ کے خلاف جہاد کے لیے کھڑا ہونا امت کا انتخاب نہیں، بلکہ اس کی مجبوری ہے۔ باقی یہ سوال کہ یہ جہاد ممکن بھی ہے یا نہیں؟ تو واقعہ یہ ہے کہ یہ جہاد مشکل ضرور ہے مگر ناممکن قطعاً نہیں۔ تیس سال قبل محسن امت، شیخ اسامہ بن لادن نے اپنے گھر بار، وطن، مال و اولاد اور ساتھیوں کی قربانی دے کر امریکہ کے خلاف جہاد کی اہمیت و ضرورت امت پر واضح کر دی۔ آپ اور آپ کے ساتھیوں بالخصوص شیخ ایمن الظواہری نے دلائل کے ساتھ انتہائی تفصیل میں اس کے خلاف جہاد کی ضرورت اور پھر اس کا طریقہ کھول کر بتا دیا۔ اس سارے عرصہ میں کسی ایک واقعے نے بھی ان کی اس دعوت و پکار کو غلط ثابت نہیں کیا۔ یہاں تک کہ غزہ کی اس جنگ نے سانپ کے سر، اس عالمی ناسور کے خلاف اٹھنے اور امت کو اٹھانے کی ضرورت پر مزید مہر تصدیق ثبت کر دی ہے اور یہ دکھا دیا ہے کہ عقل و دلیل کی بنیاد پر امت مسلمہ کو اس ذلت سے نکالنے کے لیے کوئی بھی سوچے گا تو اس کو اس کے خلاف جہاد کے سوا کوئی راہ نہیں ملے گی۔

ایسے میں اس پکار کو اگر ہم فقط اس وجہ سے نظر انداز کر کے اس کی مخالفت شروع کر دیں کہ یہ مشکل ہے، اس پر عمل کی قیمت بڑی ہے تو کیا اس سے ہم حقیقت کو تبدیل کر لیں گے؟ کیا امت مسلمہ کی مشکل آسان ہو جائے گی؟ یا تلخ نوائی معاف، خدانخواستہ ہماری اور امت کی منزل مختلف ہے؟ پھر اگر مشکل و آسان ہی پیمانہ و کسوٹی بن جائے تو اہل غزہ کی پھر ہم کیوں تعریف کریں؟ انہوں نے کیا مشکل و آسانی دیکھ کر طوفان الاقصیٰ کا راستہ چنا؟ اگر ہم کہتے ہیں کہ ان کے پاس کوئی راستہ نہیں تھا اور وہ اس جنگ کے اندر کودنے میں حق بجانب تھے تو ہمارے پاس کیا آج کوئی ایسا راستہ بچا ہے کہ جس پر چل کر ہم فلسطین کی کوئی مدد کر سکیں؟ کیا امریکہ اور اس کے اتحاد کو چھیڑے بغیر، کوئی فرد یہ ثابت کر سکتا ہے کہ آج نہیں تو کل اسرائیل کا وجود ہم ختم کر لیں گے؟

امریکہ ناقابل تسخیر نہیں!

یہ بھی عرض کریں کہ امریکی غلام افواج و نظاموں کے خلاف جہاد اور بذات خود امریکہ کے خلاف یہ جہاد، ایک دوسرے کی ضد اور مخالف قطعاً نہیں ہیں، یہ دونوں متوازی ہیں، بلکہ ایک دوسرے کو مواقع اور تقویت دینے والے ہیں، لہٰذا جہاں کہیں بھی جہاد کی مصلحت ہو، ان غلام نظاموں کے خلاف جہاد کی آگ بھڑکانا ضروری ہے کہ اس کا نتیجہ ان شاء اللہ عالمی استعمار پر عسکری ضربوں اور اقتصادی نقصان کی صورت میں نکلے گا مگر اس سارے میں امریکہ کی اہمیت اور اس کو نقصان پہنچانے کی ضرورت بہر حال نظروں میں رہنا لازمی ہے، کہ یہ حکام و افواج غلام اور آلہ کار ہیں جبکہ امریکہ اسرائیل سمیت ان تمام کو تحفظ و دفاع فراہم کرنے والا ہے، ان نظاموں میں سے کسی ایک کا سقوط بھی، امریکہ کے اس سے پیچھے ہٹنے پر منحصر ہے جس کی حالیہ واقعات میں مثالیں دنیا نے دیکھ بھی لی ہیں۔

امریکہ کی عسکری طاقت اور اس کی وسعت یقیناً بہت زیادہ ہے مگر یہ یقین ہونا چاہیے کہ اللہ کے اذن سے یہ ناقابل تسخیر قطعاً نہیں ہے! اس کے سالانہ عسکری اخراجات آٹھ سو ارب ڈالر ہیں، جو دنیا کے کل عسکری مصارف کا ۴۱ فی صد ہے، مگر یہ قوت امریکہ کی کمزوری بھی بن سکتی ہے، بالخصوص اس لحاظ سے کہ اس کی یہ طاقت روایتی جنگ (Conventional Warfare) میں تو کارآمد ہے مگر غیر روایتی جنگ (Unconventional Warfare) میں یہ غیر مؤثر ہے، اور مجاہدین کا میدان یہی غیر روایتی جنگ ہے، اسی سے اللہ نے امریکہ کا کبر توڑا ہے، پس اس جہاد کے ذریعہ جب اس کے سیکورٹی مصارف بڑھائے جائیں گے تو اس کا اقتصاد امت کی بیداری اور اس جہاد کے سبب کمزور ہو جائے گا، اور ایسا ہونا ناممکن قطعاً نہیں ہے، بلکہ اللہ کی نصرت اور امت مسلمہ کے جہاد و ثبات سے یہی ان شاء اللہ ہونا ہے، تو ایسی صورت میں امریکہ کا یہ عسکری حجم اس پر الٹا بوجھ بن جائے گا، یہی ان شاء اللہ اس کے گرنے کا سبب بنے گا اور یہی وہ وقت ہو گا کہ جب اسلامی لشکروں کو بڑھنے سے پھر دنیا کی کوئی قوت نہیں روک پائے گی۔

پس ضروری ہے کہ:

یہ شعور و آگہی ہم پھیلائیں کہ:

- مسجدِ اقصیٰ کو آزاد اور اپنی زمین پر دین اسلام کو غالب کرنے کی سعی فرض عین ہے اور یہ سعی مطلوب صورت میں تب ہی ہو پائے گی جب ہم جہاد فی سبیل اللہ کو اپنے اوپر فرض سمجھیں اور اس کو اپنی تحریکی جدوجہد میں کلیدی اہمیت و فوقیت دیں۔ اگر تو ہماری جدوجہد میں جہاد بمعنی قتال فی سبیل اللہ نہ ہو، اس میں شرکت اور اس کو قوی کرنے کا مقصد نہ ہو، تو یہ امت کی مشکلات حل کرنے کے بجائے، اس کو بڑھا دینے والی ہو گی اور

اللہ کے ہاں فرض عین جہاد چھوڑنے کی جو جو وعیدیں اللہ کی کتاب میں موجود ہیں، العیاذ باللہ ہم پر صادق آسکتی ہیں۔

- امریکی استعمار، عالمی نظام کا امریکہ کے ہاتھ میں ایک ہتھیار، اسلام و مسلمانوں کے خلاف اس کا کردار، اسرائیل کے دفاع میں اس کی کلیدی اہمیت اور پھر خود ہمارے ہاں دین اسلام کی حاکمیت میں مشکلات، ان افواج و نظام پر امریکہ کا اثر، یہ سمجھنا اور سمجھانا ضروری ہے تاکہ ہم اپنے دشمن کو سمجھیں اور حق و باطل کی اس جنگ میں فکری و عسکری طور پر رُخ بہ منزل مطلوب مقابلہ کریں۔
- امریکی مفادات کے خلاف جہاد کی اہمیت ہم خود سمجھیں اور دوسروں کو سمجھائیں اور جتنا ہم سے ہوسکے اس جہاد میں اپنا حصہ ڈالیں اور یہ کوشش بھی پھر کریں کہ اس جہاد میں اپنے ساتھ امت کے زیادہ سے زیادہ طبقات کو شریک کرلیں۔ امریکہ اس جنگ کو سکیڑنا اور ختم کرنا چاہتا ہے ہم اس کو اس سے کہیں زیادہ پھیلانے والے بن جائیں۔
- اپنے ممالک میں افواج و حکام، اور نظاموں کے مبنی بر باطل ہونے اور امت کو غلام رکھنے میں اس کے خطرناک کردار کو عام کریں، اس کے خلاف جہاد و قتال کی فرضیت شرعی و واقعاتی دلائل کے ذریعے ثابت کریں۔ پھر اس قتال میں، ضروری ہے کہ ایسی تمام تر ظاہری و باطنی غلطیوں سے بچیں کہ جن کی وجہ سے شیطان اکبر کے مفادات کو کسی قسم کا تحفظ پہنچ رہا ہو، یہ امر نظر میں رکھنا اس لیے ضروری ہے کہ اس شیطان کو اپنے ممالک سے نکالے اور مایوس کیے بغیر ان نظاموں کا گرنا مشکل ہے۔
- مسجدِ اقصیٰ و اہل غزہ کی مدد و نصرت کی یہ جنگ کیسی ہو؟ اس کا اس لحاظ سے شعور پھیلانا ضروری ہے کہ یہ غزہ و فلسطین میں جتنی لڑی جاتی ہے اس کے برابر یہ فلسطین سے باہر لڑنا بھی ضروری ہے اور فلسطینی مجاہدین تب ہی اس میں فتح یاب ہوسکتے ہیں جب فلسطین سے باہر امت کی طرف سے اُس صہیونی شیطان کے خلاف دنیا بھر میں کامیاب جہاد ہو جو اہل غزہ کے خلاف اسرائیل کو کھڑے رکھے ہوئے ہے۔
- یہ جنگ عسکری میدان میں ضروری ہے اور عسکری جنگ سے ہی معاشی و سیاسی نتائج نکلیں گے، مگر یہ عسکری جنگ تب ہی اچھی ہو پائے گی اور نتائج دے گی جب فکر و دعوت کے میدان میں اسے صحیح طرح لڑا جائے، دشمن کی پہچان اور اس کے مکر و فریب، اس کا عالمی نظام اور اس نظام کی دجالی اصطلاحات، نعروں اور سازشوں کی صحیح پہچان، پھر عالمی نظام اور علاقائی نظام کا آپس میں ربط، اس نظام کے معاشی حربے یہ سب ہم جتنا زیادہ امت کے سامنے واضح کریں اسی قدر عسکری، سیاسی اور ثقافتی میدان میں اس کے خلاف مزاحمت بڑھے گی اور ساتھ ہی ساتھ، اس کے نتیجے میں امت کی اپنی داخلی تعمیر و اصلاح میں پیش رفت ہو گی۔

ذکر کردہ باتوں کے متوازی یا اس سے بھی اہم نکتہ یہ ہے کہ:

۱. ہم قوت و ضعف اور فتح و شکست کے امور میں وہ ایمان و یقین اور توکل و بھروسہ کرنے والے بن جائیں جو اللہ کو ہم سے مطلوب ہے، اور وہ یہ کہ ﴿وَمَا النَّصْرُ إِلَّا مِنْ عِنْدِ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ﴾ فتح و نصرت من جانب اللہ ہوتی ہے، اور ﴿إِنْ يَنْصُرْكُمُ اللَّهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ وَإِنْ يَخْذُلْكُمْ فَمَنْ ذَا الَّذِي يَنْصُرُكُمْ مِنْ بَعْدِهِ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ﴾، پس طاقت و قوت کے دنیاوی پیمانے بالکل ایک طرف رکھیں اور یکسو ہو کر اللہ کی طرف متوجہ ہو جائیں کہ وہ رب اگر ہماری مدد کرے، تو پھر دنیا کی کوئی قوت ہمیں جھکا نہیں سکے گی، ہم کسی کی طاقت سے مغلوب نہیں ہوں گے، لیکن خدانخواستہ اللہ کو ہم نے ناراض کیا تو پھر چاہے بہت کچھ ہمارے پاس ہو تو بھی ہم ناکامی و نامرادی سے نہیں بچیں گے۔

۲. پس قلب و قالب کے ساتھ خود اللہ کے ساتھ ہم جڑ جائیں اور دوسروں کو جوڑنے والے بن جائیں، اللہ کا تقویٰ اختیار کریں اور ہر قسم کے ظلم سے بچیں، اللہ کی نافرمانی کرنے سے بطورِ فرد بھی ہم اللہ کی رحمت و نصرت سے محروم ہوسکتے ہیں اور اس کا وبال پوری کی پوری اجتماعیت اور امت پر بھی پڑ سکتا ہے، لہٰذا غزہ کی نصرت کا اصل ذریعہ یہ ہے کہ ہم اللہ کے مطیع اور محبوب بننے کی کوشش کریں، اس کے دین کی نصرت کرنے والے بن جائیں، اس میں اپنی شخصی خواہشات و تمناؤں کو اللہ کے محبوب بنانے سے لے کر محبت و نفرت اور دوستی و دشمنی کے پیمانوں تک، یہ سب وہی رکھیں جو اللہ کو مطلوب ہوں، اسی کے تحت پھر جہاد فی سبیل اللہ آتا ہے اور اسی کے تحت امت مسلمہ کے تمام طبقات، مجاہدین و غیر مجاہدین کے ساتھ تعامل بھی آتا ہے، لہٰذا ان سب میں ہم اللہ کو راضی کرنے والے بن جائیں، یہ کریں گے تو اس سے اللہ کی رضا اور پھر اس کی نصرت نصیب ہو گی اور اسی سے اللہ کے اذن سے مسجد اقصیٰ کی مدد پھر ہم کر سکیں گے۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

☆☆☆☆☆

جہاد میں شرعی اصولوں کی پابندی لازمی ہے!

”جہاد فی سبیل اللہ اسلام کی سربلندی کا ایک اہم فریضہ ہے، مگر اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ شرعی اصولوں کے مطابق ہو اور فساد و بغاوت سے پاک ہو۔“

حجۃ الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ

(تصریحاتِ قاسمی)

میرے غازیو! تمہیں سلام

ام المجاہدین

سلام ان ماؤں کو جنہوں نے ایسے بیٹے جنے جو دشمنوں کو کھٹکتے ہیں، سلام ان بہنوں اور بیٹیوں کو جنہوں نے اپنے جگر گوشوں کو پیش کیا، اپنے شوہروں کو آگے کیا اور سلام ان بچوں کو، جن کی تکبیر کی گونج سے وادی بھر گئی اور جن کے پتھروں نے دشمنوں کے ٹینکوں کے پرخچے اڑا دیے، جو پیچھے نہ ہٹے، ڈٹے رہے، جن بچوں اور خواتین نے پتھر مارنے کی پاداش میں جیلیں کاٹیں، سزائیں جھیلیں، راہ خدا میں تکالیف اور غم جھیلتی رہیں لیکن ثابت قدم رہیں، انکو سلام۔ میرے بہادر بیٹوں کو جوانوں کو اور بوڑھوں کو بلکہ پوری قوم کے ہر ہر فرد کو تمہاری ماں کا سلام، پوری امت کا سلام!

تم سب نے نسل در نسل قربانیاں دیں، رب تعالیٰ انہیں قبول فرمائے، قبر اور حشر کی دہشت اور وحشت سے بچوگے یہ ہمارے محمد ﷺ فرما چکے جس کا مفہوم ہے کہ جنہوں نے دنیا میں تلواروں کی جھنکار دیکھی انکے لیے قبر اور حشر کی دہشت اور وحشت نہیں کیونکہ دو خوف اکھٹے نہیں ہو سکتے۔

تم سب ہماری آہوں اور سسکیوں میں ہو، تمہارے غم اور قربانیاں ہمیں زندگی میں جینا اور مرنا سکھا گئے، تم سب سوتے جاگتے ہمارے ساتھ ہو، بظاہر ہم دور ہیں پر تمہارے ساتھ ہیں، دعاؤں میں وفاؤں میں انشا اللہ۔ ہمارے دل تمہارے ساتھ دھڑکتے ہیں، تمہارے آنسو ہماری آنکھوں میں چمکتے ہیں۔ یہ ظاہری دوریاں بظاہر ہیں حقیقتاً نہیں۔ ہم تمہارے ساتھ ہیں اور تمہارے ہیں۔

نصر من اللہ و فتح قریب

اس جماعت کی دانشمندی، حق پرستی، توکل علی اللہ اور اخلاص نے آج تمہیں عزت کا تاج پہنچایا، تم متحد ہو کر سیسہ پگھلائی ہوئی دیوار بن کر پوری قوم ایک جسم کی مانند بن گئے اور اللہ تعالیٰ اپنے اور تمہارے دشمن کو ذلیل و خوار کر گیا، الحمد اللہ!

حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا، میری امت میں ایک گروہ ہمیشہ دین پر قائم اور اپنے دشمنوں پر غالب رہے گا وہ اپنی مخالفت کرنے والوں یا بے یار و مدد گار چھوڑ دینے والوں کی پرواہ نہیں کرے گا، الا یہ کہ انہیں کوئی تکلیف پہنچ جائے یہاں تک کہ اللہ کا حکم آجائے اور وہ اسی حال پر ہوں گے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے پوچھا یارسول اللہ ﷺ وہ لوگ کہاں ہوں گے؟ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، ”بیت المقدس میں اور اس کے آس پاس۔“

سبحان اللہ و بحمدہ، سبحان اللہ العظیم

دین اسلام کس قدر کامل ہے، تا قیامت کی ساری معلومات بلکہ بعد از قیامت، جنت دوزخ تک کے سارے احوال بہت کھول کر ہمارے رب جلیل نے ہمیں دے دیے ہیں، الحمد اللہ۔

قرآن و سنت تو وہ روشنی ہے، نور ہے جس پر چل کر زمانے کے سارے احوال اور نشانیاں واضح ہوتی چلی جاتی ہیں۔ آج کل فلسطین میں جو کچھ ہو رہا ہے اور ہوا، وہ تاریخ میں تو ثبت ہو گیا اور وہاں یہ حق و باطل کا معرکہ ۷۵ یا زیادہ سالوں سے جاری ہے، کئی نسلیں پل بڑھ کر اسی معرکوں کا حصہ بنتی چلی گئیں، جنہوں نے آنکھ کھولتے ہی یہی کچھ دیکھا، یہ سب کچھ ان کے خون میں شامل ہے۔

> اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ○
>
> (سورۃ الصف:۴)
>
> ”بیشک اللہ ان لوگوں کو پسند رکھتا ہے جو اس کی راہ میں صف بستہ لڑتے ہیں گویا سیسہ پلائی دیوار ہیں۔“

دن رات اللہ والے اس سے فریاد کرتے تھے اور کر رہے ہیں کہ اللہ ہمیں اپنے محبوب بندوں میں شامل فرمالے، کونسا وہ عمل ہے جس سے ہم یہ درجہ پا جائیں۔ اسکے جواب میں یہ آیت اتری:

> تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ○(سورۃ الصف:۱۱)
>
> ”تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اللہ کی راہ میں اپنے اموال اور اپنی جانوں کے ساتھ، جہاد کرو اگر تم جانو تو یہ تمہارے لیے بہتر ہے۔“

اسی آیت کو دنیا اور آخرت کی کامیابی کا معیار اور کسوٹی قرار دیا گیا۔

دنیا اور آخرت کی سپر پاور صرف اللہ کریم ہی کی ذات مبارک ہے اور سب کو فنا ہونا ہے سوائے اس کی ذات کے۔ جہالت کی زبان میں آج امریکہ اور اسرائیل سپر پاور کہلاتے ہیں، تو یہ سپر پاور ’امریکہ‘ افغانستان سے ایسا بھاگا کے وہ تو صحیح معنوں میں کسی کو منہ دکھانے کے قابل نہ رہا۔

اور اب اسرائیل کے ساتھ مل کر فلسطین اور اس کے لوگوں کو صفحۂ ہستی سے مٹانے کی ٹھان بیٹھا، جیلیں تو اسرائیل برسوں سے انکے بچوں، بڑوں اور بوڑھوں سے بھر ہی رہا تھا مگر اس بار تو اس نے انہیں صفحۂ ہستی سے ہی مٹانے کے لیے ان کے گھروں سمیت تمام لوگوں کو شہید

کرنے کا منصوبہ بنا کر پوری بستیوں کو ہی ملیامیٹ کر ڈالا۔ بستی کی بستیاں ملبہ کا منظر پیش کر رہی ہیں۔

کیا بچے، کیا بوڑھے، کیا جوان خواہ وہ مرد ہوں یا عورتیں، یا تو شہید ہوئے، معذور ہوئے یا قیدی بنے اور جو بچ گئے وہ ڈٹ گئے۔

یہ ایک فولادی قوم ہے، جسے کوئی توڑ نہیں سکا کیونکہ وہ جان گئے کہ جہاد ہی راہ اصلاح ہے، سب سے بڑی عبادت اللہ کی راہ میں جہاد ہے۔ غزوۂ بدر میں ہی اللہ تعالیٰ نے ایمان کو کفر سے ممتاز کر دیا اور جہاد ہر مسلمان پر فرض ہو گیا، پھر انہیں یہ خوش خبری دے دی کہ بچ گئے تو غازی ہو اور شہادت ملی تو جنت۔

۵۰ ہزار سے زائد لوگ حالیہ بمباری میں شہید ہو چکے ہیں اللہ تعالیٰ ان کی شہادتوں کو قبول فرمائیں اور اعلیٰ درجے عطا فرمائیں۔ آمین۔

سچے مومن ہی تو جہاد کو موجب قربت الٰہیہ مان کر اپنی جان اور املاک کو قربان کرنے پر تیار ہوتے ہیں اور آرزومند بھی رہتے ہیں اور بعد میں بچ جانے پر مذموم بھی ہوتے ہیں، اللہ بھی ایسی متقی جماعتوں اور قوم کو بخوبی جانتا ہے، ایسے ہی لوگوں کو ثابت قدمی اور استقلال نصیب کیا جاتا ہے۔ ان کے صبر و شکر نے رب تعالیٰ کو راضی کیا اور جب اسرائیل سے قیدیوں کا تبادلہ شروع ہوا تو ان سب بچوں، بوڑھوں، خواتین اور تمام شہریوں کے لبوں پر، قیدیوں اور بچے بچے کی زبان پر الحمدللہ، وللہ الحمد، لا الہ الا اللہ کے ترانوں کی گونج سے وادی شاداب ہو گئی، بھر گئی۔

انہیں نہ قید کی صعوبتوں کا غم ہوا، نہ بچھڑنے کی شدت کا ملال نظر آیا، بلکہ رب تعالیٰ کا شکر اور شہداء کے لیے دعائیں اور اپنے جوانوں کے ڈٹے رہنے پر شکر اور سجدہ شکر ہی میں سب نظر آئے۔ قابل تعریف اور قابل تقلید ہو تم۔

ان میں سے کسی نے کہا کہ بچے نہ بچے تو بچے پھر مل جائیں گے، گھر نہ بچا تو گھر بھی بن جائے گا، لیکن تم دشمن کے آگے ہتھیار ڈال دیتے تو عزت نہ بچتی اور الحمدللہ ابھی ہمارے تمہارے سر اونچے ہیں۔ عزت بچ گئی تو ہمارے سر بلند ہیں۔ تم اسلام کے بیٹے ہو۔

دنیا حیران ہے یہ کیسے لوگ ہیں ملبے اور مٹی پر بیٹھے ہیں، نہ گھر رہا نہ در مگر وہ خوش ہیں بہت خوشی کہ یہ مٹی یہ زمین اور بیت المقدس ہمارا ہے، ہمیں کوئی غم نہیں۔ جو لوگ جگہ چھوڑنے پر مجبور کیے گئے وہ بھی میلوں کا پیدل سفر طے کر کے واپس پہنچے اور پہنچ رہے ہیں جن کی تعداد ۵ لاکھ سے زیادہ ہو چکی۔

سورۂ آل عمران کی آیات یاد آئیں اور دل روشن اور آنکھیں چمک اٹھیں:

فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّیْ لَاۤ اُضِیْعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى ۚ بَعْضُكُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۚ فَالَّذِیْنَ هَاجَرُوْا وَاُخْرِجُوْا مِنْ دِیَارِهِمْ وَاُوْذُوْا فِیْ سَبِیْلِیْ وَقٰتَلُوْا وَقُتِلُوْا لَاُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَیِّاٰتِهِمْ وَلَاُدْخِلَنَّهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ ثَوَابًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الثَّوَابِ○(سورۃ آل عمران: ۱۹۵)

”چنانچہ ان کے پروردگار نے ان کی دعا قبول کی (اور کہا) کہ: میں تم میں سے کسی کا عمل ضائع نہیں کروں گا، خواہ وہ مرد ہو یا عورت۔ تم سب آپس میں ایک جیسے ہو۔ لہٰذا جن لوگوں نے ہجرت کی، اور انھیں ان کے گھروں سے نکالا گیا، اور میرے راستے میں تکلیفیں دی گئیں، اور جنہوں نے (دین کی خاطر) لڑائی لڑی اور قتل ہوئے، میں ان سب کی برائیوں کا ضرور کفارہ کر دوں گا، اور انھیں ضرور بالضرور ایسے باغات میں داخل کروں گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی۔ یہ سب کچھ اللہ کی طرف سے انعام ہوگا، اور اللہ ہی ہے جس کے پاس بہترین انعام ہے۔“

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا ۫ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ○ (سورۃ آل عمران: ۲۰۰)

”اے ایمان والو! صبر سے کام لو اور (باطل کے سامنے) ثابت قدم رہو اور جہاد کی تیاری رکھو اور اللہ سے ڈرو تاکہ تم کامیابی پاؤ۔“

اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الَّذِیْنَ یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِهٖ (سورۃ الصف: ۴)

”اللہ کو سب سے زیادہ محبوب وہ لوگ ہیں جو اس کی راہ میں قتال کریں۔“

حدیث کا مفہوم ہے کہ روز قیامت میدان حشر میں سب لوگ منتظر ہوں گے کہ جنت کا دروازہ کب کھلے گا، اتنے میں ایک بہت بڑا گروہ پھٹے پرانے جوتے اور کپڑوں میں آئے گا نہ سر میں تیل نہ کنگھی، حال سے بے حال ہوں گے، وہ آئیں گے اور جنت کا دروازہ ان کے لیے کھلے گا اور بلا حساب و کتاب وہ سیدھے جنت میں داخل ہو جائیں گے۔ لوگ حیران ہو کر پوچھیں گے یہ کون لوگ ہیں تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ندا آئے گی، یہ وہ لوگ ہیں جنہیں ہم نے دنیا میں اس حال میں رکھا مگر انہوں نے شکر ادا کیا اور صبر کیا۔ گویا صابرین اور شاکرین کا حساب کتاب ہی نہیں۔

کہیں وہ تم تو نہیں؟

وَّیَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِیْزًا○ (سورۃ الفتح: ۳)

”اور اللہ تعالیٰ آپ کی زبردست مدد فرمائے۔“

اسرائیلی وحشیوں اور درندوں کی قید سے نکل آئے ہمارے بھائیوں اور بہنوں کو خصوصاً ڈھیروں مبارک ہو اور جو باقی قیدی بچ گئے ہیں اور ابھی ظالموں کی قید میں ہیں وہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی یاد تازہ کروا رہے ہیں۔ بس وہ سیدنا بلال رضی اللہ عنہ کو یاد کر لیں، جو سب ظلم سہتے رہے پر احد، احد کہتے نہ تھکے۔

نبی ﷺ کی سنہری باتیں یاد کرو: "اے آلِ یاسر صبر کرو تمہارے لیے جنت ہے۔"

کتنے قیدی رہا ہو رہے ہیں، رب کا شکر ادا کرتے نہیں تھک رہے تھے، لبوں پر الحمد للہ، الحمد للہ کا ورد جاری ہے جبکہ ایک قیدی بھائی کہتے ہیں کہ اسرائیلی ہم قیدیوں کے ساتھ جانوروں جیسا سلوک کرتے ہیں، کھانے کو بہت ہی کم دیتے تھے، مریضوں کو دوا اور علاج کی سہولت برائے نام ہے بلکہ ایک قیدی بھائی نے بتایا کہ اس کا آپریشن کرنا پڑا، اسرائیلیوں نے تو بغیر سن کیے بغیر بیہوشی کی دوائی کے یونہی آپریشن کر دیا۔ کیسے پتھر اور سخت دل ہیں یہ یہودی، انہیں کون سی بد دعاؤں، سب ہی چھوٹی ہیں۔ پر خدا کی لاٹھی بے آواز ہے۔ کسی کی سماعت گئی، تو کسی کی بصارت گئی، کسی کی کمر ٹوٹی تو کسی کے ہاتھ پاؤں۔ یاالٰہی ہمارے دل ٹھنڈے کر، انہیں دونوں جہاں میں پکڑ اور اپنے عذاب الیم کا مزہ چکھا۔

ایک اور قیدی بھائی رہائی کے بعد بتا رہے تھے کہ میری شادی کو دو ماہ ہوئے تھے ان کے پاس شادی کی انگوٹھی تھی، جسے وہ چھپاتے رہے اور بہت مانگنے پر بھی نہیں دی تو ان کی قید ۲۵ سال سے بڑھا کر ۳۰ سال کر دی۔ اور بھی ایسے بے شمار ہمارے قیدی بھائی اور بیٹے رہائی کے بعد بھی کہتے رہے، ہمارے امیر کا خون ہمارا خون ہے، وہ ہماری زندگی ہیں، ہم اپنے مقصد سے نہ پیچھے ہٹیں گے، نہ رکیں گے، بلکہ ڈٹے رہیں گے، ہماری زندگی اللہ کی رضا پر رہے گی۔ امت کے شیرو! اللہ ثابت قدم رکھے۔ وہ لوگ آگے بتاتے ہیں: "اسرائیلی ہمیں وحشی جانور کہتے ہیں، حالانکہ وہ خود وحشی ہیں۔ حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش سے آخر تک کوئی ان سے زیادہ جابر و ظالم نہیں ہو سکتا۔ یہودیوں سے زیادہ ظالم کوئی نہیں ہو سکتا۔"

بینجمن نیتن یاہو، جو اسرائیلیوں کا وزیر اعظم ہے، کہتا ہے یہ صفحہ ہستی سے مٹ جائیں۔ وہ قیدی بھائی رہائی کے بعد مندرجہ بالا باتوں کے ساتھ یہ بھی بتا رہے تھے: "وہ ہمیں کبھی بھی نہیں توڑ سکتے ان شاء اللہ، جبکہ وہ ہم پر ہر روز اپنے کتے چھوڑتے تھے، ہم پر تھوکتے تھے، مٹی میں ہمیں پھینک کر گن سے مارتے تھے۔ قیدیوں کو انسان ہی نہیں سمجھتے۔"

۲۳ سال بعد ایک بھائی رہا ہوئے کہتے ہیں: "فلسطین کی جنگ میں بد ترین ظلم ہوا ہے شاید ایسا کسی جیل میں نہ ہوا ہو۔ ہر وہ ظلم جو کوئی تصور کر سکتا ہو یا نہیں، وہ وہاں اسرائیلی کرتے ہیں۔"

پھر بھی ہمارے شیر مجاہدین یہی کہہ رہے ہیں: "ہم تب تک ٹھیک ہیں جب تک ہمارے فلسطینی بھائی اور سارے لوگ ٹھیک ہیں، فلسطین، غزہ کے لوگ وفادار اور قابل فخر ہیں، خواہ وہ زندہ ہوں یا شہید۔"

آخر میں، وہ قیدی بھائی، رہائی کے بعد کہتے ہیں کہ ہم تمام قیدیوں کا بھی ان کو سلام کہتے ہیں اور تعریف، تحسین پیش کرتے ہیں۔

امت کی گواہیاں بھی تمہارے ساتھ ہیں پیارو۔ تمہارے صبر کا بدلہ ان شاء اللہ جنت اور اللہ کی رضا ہے۔

میرے غیرت مند بیٹو، جیالو اور قابل صد افتخار ماؤں اور بہنو اور بیٹو، خدا تعالیٰ تمہیں استقامت عطا کرے، تمہارے غموں کو خوشیوں میں بدل کر تم سے ہمیشہ کے لیے راضی ہو جائے۔ بیت المقدس ہمارا ہے، تم شہید ہوئے، ثابت قدم رہے، صابرین و شاکرین میں ملے اور ان شاء اللہ تم نے دین سے، محمد ﷺ سے وفا کی۔

توحید تو یہ ہے کہ خدا حشر میں کہہ دے
یہ بندہ دو عالم سے خفا میرے لیے ہے

کی محمد ﷺ سے وفا تو نے ہم تیرے ہیں
یہ جہاں چیز ہے کیا لوحِ قلم تیرے ہیں

اور کیا چاہیے؟ ہو مبارک تمہیں اللہ تعالیٰ کی رضا، جنت تو مشکلات سے گھیری گئی ہے۔

بس پوری امت کو رب تعالیٰ بیدار کر دے، متحد کر دے، کیونکہ بیت المقدس ہم سب کا ہے! دشمنوں کے لیے یہی دعا ہے۔ اللھم زلزل لھم اللھم زلزلھم

ظلم و سربیّت کی جتنی اقسام ہو سکتی ہیں جو سوچی جا سکتی ہیں یا نہیں سوچی جا سکتی ہیں، ان میں سے ہر ہر طرح کے ظلم و ستم ان مسلمانوں پر ڈھائے جا رہے ہیں خواہ وہ مرد ہوں، عورتیں ہوں، بوڑھے ہوں یا بچے۔

ایک اسرائیلی عورت سر پکڑ کر بیٹھی رو رہی تھی کہ یہ زندہ واپس اپنے ملک جا رہے ہیں۔ یقین نہیں آ رہا کہ انسان اتنا سخت دل کیسے ہو سکتا ہے؟ یہ ظلم کی انتہا تک پہنچ گئے، اس سے زیادہ تم اور کر بھی کیا سکتے ہو؟ جہنم کی آگ میں تو تم نے ہمیشہ ہی جلنا ہے پر اے اللہ انہیں اتنی زیادہ ڈھیل نہ دیں۔ وہ سمجھتے ہیں جیسے زندگی اور موت ان کے ہی ہاتھوں میں ہیں۔

یاالٰہی تیرا کلمہ پڑھنے والے ان ذلیلوں اور درندوں کے ہاتھوں اتنے شدید ظلم و ستم کا شکار نہ بنیں۔ میرے رب اس جنگ کی بساط انہیں پر الٹ دیں۔ آگ کے فرشتے بھیج جو چن چن کر ایک ایک کو آگ اسی دنیا میں لگا دیں، جو بجھائے نہ بجھے، جہنم میں جانے سے پہلے ان کے لیے دنیا جہنم بنا دے۔

میرے مولا، ربی یوں ظالموں کو ڈھیل نہ دے۔ کیا بے رحم اور سخت دل ایسے ہی ہوتے ہیں؟ انہیں دنیا میں بھی پکڑ اور تمام معصوم بچوں، عورتوں، میرے بیٹوں اور بزرگوں کا بدلہ لے۔ یا قہار، یا جبار، یا قہار!

یا الٰہی تو غیب سے ہمارے قیدیوں کی مدد فرما، معصوموں کی فریادیں سن۔ وہ سفاک ہمارے بھائیوں اور بیٹوں کے حلق کے اندر لوہے کے پائپ یا راڈ ڈال کر ان کی سانسیں بند کرنا چاہتا ہے، ساتھ ہی اپنے بوٹوں سے اس کے سینے پر کود رہا تھا کہ وہ مر جائے۔ الٰہی موت اور زندگی تو صرف آپکے ہاتھوں میں ہے، یہی ہمارا عقیدہ ہے اور تقدیر پر ہمارا ایمان ہے۔ مالک ہر خیر اور شر تیرے ہاتھ میں ہے، یہ یہود و نصاریٰ ہوتے کون ہیں کسی کو نفع نقصان اور زندگی یا موت دینے والے ان کی حیثیت ہی کیا ہے؟ الٰہی انہیں ملیامیٹ کر دیں۔ چن چن کر ایک ایک کو دونوں جہاں میں عبرت کی تصویر بنا کر ان کا غرور خاک میں ملا دیں۔ یہ ایسے بلبلاتے پھریں کہ یہ موت مانگیں اور انہیں موت نہ ملے۔ ایڑیاں رگڑ رگڑ کر اور سسک سسک کر انہیں عبرت کا نشان بنا کر زندہ رکھ۔

انہیں کیسی بد دعاؤں کہ دل ٹھنڈا ہو۔ الٰہی وہاں کے لاکھوں شہدا کا بدلہ لیں، ان سفاکوں اور درندوں سے جو خود کو خدا سمجھنے لگے ہیں، اے دکھی اور ٹوٹے دلوں میں رہنے والے!

میرے غزہ، میرے فلسطین کے ایک ایک فرد کا توان کے دشمنوں سے، اِس جہاں میں بھی بدلہ لے اور اپنے غضب اور عذاب کا کوڑا اُس جہاں میں بھی برسا۔ یارب اتنی ڈھیل انہیں نہ دے، اسی دنیا میں تو ان کے بھی ہر فرد کو اپنے غصے اور عذاب میں پکڑ لے تاکہ ہمارے دل کچھ تو ٹھنڈے ہوں۔

وہ تیرے دشمن ہیں، تیرے رسول محمد ﷺ کے، تیرے دین کے، اس پر چلنے والوں کے اور تیرا کلمہ پڑھنے والوں کے بدترین دشمن ہیں۔

آپ کا فرمان سچ کے سوا کچھ نہیں، تبھی آپ نے فرمایا:

لَتَجِدَنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا الْيَهُوْدَ (سورۃ المائدۃ: ۸۲)

”آپ لوگوں میں مسلمانوں کا سب سے زیادہ دشمن یہودیوں کو پائیں گے۔“

یا ارحم الراحمین!

امت مسلمہ کو جگا دے، ان کی غیرت دینی کہاں ہے؟ کیوں فانی اور دھوکے کی دنیا پر یہ مرتے ہیں؟ اپنی مسلمان بہنوں اور ماؤں کی چیخیں انہیں سنائی نہیں دے رہیں؟ معصوم اور مظلوم بچوں کے لئے کیوں نہیں کھڑے ہوتے؟ انہیں غیرت دے میرے مولا! انہیں اپنے مجاہدین کے لیے کھڑا کر، کھری نیت کے ساتھ۔ کیوں وہ بے حس ہو گئے ہیں؟ حقیر دنیا پر مرے مٹے جاتے ہیں، ان کے غافل اور سوئے دلوں کو جگا دے میرے مولا! کوئی تو عمر رضی اللہ عنہ اور صلاح الدین ایوبی رحمہ اللہ پیدا کر دے۔ انہیں دنیا میں آنے کا مقصد بتا، معیارِ زندگی بلند کرنا اور پیسے کے پیچھے جینا مرنا، عیش میں رہنا زندگی نہیں، دینی غیرت کی خاطر جینا مرنا سکھا۔

اے زمین و آسمان کے بادشاہ، شہنشاہ، حاکم! تیرا نام لینے والے جاگ جائیں، اپنا تن، من، دھن لٹا دینے والا انہیں بنا دے، کامیاب تو وہ ہیں جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی طرح اپنا سب کچھ حتیٰ کہ جان بھی قربان کر دینا اپنے لیے سعادتِ عظیم سمجھتے رہے، اور رب تعالیٰ نے انہیں اعلیٰ ترین مقامِ شہدا، صدیقین اور صالحین دینے کا وعدہ کیا ہے، ہاں شرط یہ ہے کہ نیت صرف اپنے رب کے دین کو نافذ کرنا اور اس کو سربلند کرنا ہو ورنہ بہادر کہلانے کی خاطر یا وطن کی خاطر لڑنا جہنم میں لے جانے کا سبب بن سکتا ہے، سب سے زیادہ عظمت والے دین اسلام پر کٹ مرنا، خون بہانا ہی رب تعالیٰ کے نزدیک محبوب ترین عمل ہے۔

پیارے اللہ ایسی نسلیں ہوں ہماری جو آپ کے لیے کٹ مرنا سب سے بڑی سعادت سمجھیں۔

الٰہی مجھے، میری بیٹیوں اور خواتین کو خولہ بنت ازور بنا دے، ہمارے بچے بھی معاذ اور معوذ بن جائیں، جو اس وحشی دشمن کو جہنم واصل کریں۔ ہمیں بھی حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا بنا دیں کہ ہم ان ظالموں کا سر کاٹ کر ان کی ہی طرف پھینک دیں۔

یہی التجا ہے یارب!

☆☆☆☆☆

آپ نے اپنے بچوں کی تھوڑی سی خوشی کے لیے جو انہیں خرید کر دیا
اِسرائیل نے اس کی کمائی سے معصوم فلسطینی بچوں کا قتلِ عام کیا!
صیہونی مصنوعات کا......
#بائیکاٹ_کیجیے!

غزہ کی موجودہ صورتحال اور مستقبل کے خدشات

شاہین صدیقی

پچھلے پندرہ مہینوں میں غزہ میں دنیا نے ایسے ایسے دل سوز مناظر دیکھے کہ زمین کانپ اٹھے اور آسمان پھٹ جائے، لیکن آفرین ہے فلسطین کے بہادر اور جری، باہمت اور پر عزم مسلمانوں پر کہ انہوں نے استقامت، سرفروشی اور بہادری کی ایسی مثال پیش کی کہ مشرق و مغرب کے انسانوں کو حیران کر دیا۔ جس طرح ان کے قائدین نے عام مجاہدین کے ساتھ مل کر صفِ اوّل میں لڑتے ہوئے جامِ شہادت نوش کیا، اسباب کی قلت کے باوجود بہترین حکمتِ عملی اور اقبال کے شاہین کے مصداق 'جھپٹنا، پلٹنا، پلٹ کر جھپٹنا' کے اصول پر عمل کرتے ہوئے اللہ کی مدد و نصرت سے صہیونیوں کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کر دیا۔

وہ دہشت گرد اسرائیل جس نے ۸ اکتوبر سے حماس کو ختم کرنے کے دعوے کے ساتھ جنگ شروع کی، غزہ کا محاصرہ کر کے، ہر طرح کی رسد بند کر کے، پندرہ ماہ تک ہر طرح کے جنگی جرائم کا ارتکاب کیا، لیکن بالآخر اسی حماس سے جنگ بندی کا معاہدہ کیا۔ اللہ تعالیٰ نے ظالم کو تمام تر طاقت کے باوجود پوری دنیا کے سامنے ذلیل و رسوا کیا۔

جنگ بندی شروع ہوتے ہی حماس نے بھرپور انداز میں پاور شو کیا اور پورے جاہ و جلال کے ساتھ غزہ کی سڑکوں پر دوبارہ نمودار ہو گئے۔ غزہ کے لوگوں کی خوشی دیدنی تھی اور ان کے نعروں نے دشمن کو یہ پیغام دیا کہ فلسطینی مسلمان صہیونی قابضین سے اپنی زمین واپس لینے اور قبلۂ اوّل کے تقدس کو بحال کرنے تک ہار نہیں مانیں گے۔ حالانکہ اس پوری جنگ میں حماس نے بہت سے قائدین کی قربانی دی لیکن جس منظم انداز میں حماس اس وقت ابھری ہے اس نے مغربی دانشوروں اور تجزیہ نگاروں کو بھی ورطۂ حیرت میں ڈال دیا۔ حماس نے قیدیوں کے تبادلے میں جس منظم انداز میں اپنی طاقت کا مظاہرہ کیا، اس نے دشمن کو پیغام دیا کہ حماس ایک نظریے کا نام ہے جو ہر فلسطینی کے دل میں بستی ہے اور اسے ختم کرنا ممکن ہے۔

جنگ بندی معاہدہ

غزہ جنگ بندی معاہدہ، جس میں قطر، مصر اور امریکہ نے ثالث کا کردار ادا کیا، تین مراحل پر مشتمل تھا۔

پہلا مرحلہ

- معاہدے کے مطابق ۱۹ جنوری ۲۰۲۵ء سے شروع ہونے والا پہلا مرحلہ چھ ہفتوں پر مشتمل تھا۔ اس میں قابض صہیونی ریاست کی طرف سے مکمل جنگ بندی طے تھی اور اس مرحلے میں غزہ کی آبادی واپس اپنے گھروں کو لوٹ گئی، خصوصاً شمالی غزہ کی آبادی۔
- اسرائیلی قیدی جنہیں ۷ اکتوبر ۲۰۲۳ء کے حملے میں حماس نے قیدی بنایا، ان میں سے ۱۳۳ افراد کو اسرائیلی جیلوں میں موجود فلسطینیوں کی ایک بڑی تعداد کے تبادلے میں رہا کیا گیا۔ یہ ۱۳۳ افراد عورتوں، بوڑھوں، بچوں اور مریضوں پر مشتمل ہیں۔
- غزہ کے اندر، خصوصاً شمال، جو غذائی اور ادویات کی قلت کے باعث قحط اور ایمرجنسی صورتحال کا شکار ہے، یومیہ چھ سو امدادی ٹرک آنے کی اجازت طے ہوئی جس میں غذائی و طبی ساز و سامان، خیمے، ایندھن اور ملبہ اٹھانے والی بھاری مشینری شامل تھے لیکن اس پر مکمل طور پر عمل درآمد نہیں ہوا۔

دوسرا مرحلہ

پہلے مرحلے کے شروع ہونے کے سولہویں دن دوسرے مرحلے کو حتمی شکل دینے کے لیے مذاکرات کا آغاز کیا جانا تھا۔ دوسرے مرحلے سے متعلق یہ طے ہوا تھا کہ باقی ماندہ اسرائیلی قیدی ہزاروں فلسطینی قیدیوں کے تبادلے میں رہا کیے جائیں گے، اور اس مرحلے میں اسرائیلی قابض فوج غزہ کی سرزمین سے نکل جائے گی اور مزید امدادی سامان غزہ میں پہنچایا جائے گا۔

تیسرا مرحلہ

تیسرا مرحلہ فلسطین کی تعمیرِ نو کے منصوبوں کو حتمی شکل دینے اور ان پر عمل درآمد کرنے سے متعلق تھا۔

لیکن جیسا کہ توقع کی جا رہی تھی اور اسرائیل کی بدنیتی بھی واضح نظر آ رہی تھی یہ معاہدہ پہلے مرحلے سے آگے نہ بڑھ سکا۔ اور پہلے مرحلے کے اختتام پر مقبوضہ صہیونی ریاست نے ٹرمپ کی شہ پر دوسرے مرحلے کی طرف پیش قدمی سے انکار کر دیا۔ اور حماس پر، قیدیوں کو رہا کروانے کے لیے، دباؤ ڈالنے کے لئے غزہ میں آنے والی امداد مکمل طور پر روک لی۔

نیتن یاہو کا دورۂ امریکہ اور ٹرمپ کی ہرزہ سرائی

شکست خوردہ نیتن یاہو، پندرہ ماہ مسلط کردہ جنگ کے بعد بھی جنگ کا کوئی ایک ہدف بھی حاصل نہ کر پایا، جبکہ غیر سرکاری اعداد و شمار کے مطابق اس جنگ میں چھ ہزار صہیونی قابض فوجی جہنم واصل ہوئے اور ہزاروں معذور ہو کر غزہ سے نکلے، جبکہ نا صرف ان کی بزدل فوج کا مورال گرا بلکہ فوجیوں کے اندر خودکشیوں کی شرح میں بہت اضافہ ہوا۔ اس کے علاوہ دورانِ جنگ

ایک غیر سرکاری تحقیق کے مطابق پانچ لاکھ اسرائیلی فوجی اور شہری 'پی ٹی ایس ڈی' کا شکار ہوئے۔

قیدیوں کے لواحقین کے پرزور دباؤ اور فوج کی حالت دیکھ کر نیتن یاہو سیز فائر کے لیے راضی تو ہو گیا لیکن اس کی نیت اس جنگ بندی کو زیادہ عرصے جاری رکھنے کی نہیں، جیسا کہ نیتن یاہو کی کابینہ کے وزراء بار بار اس بات کو دہرا رہے ہیں کہ جنگ بندی پہلے مرحلے سے آگے نہیں بڑھے گی، اور اس جنگ بندی کا بنیادی مقصد زیادہ سے زیادہ اسرائیلی قیدیوں کو واپس لانا ہے، تاکہ اندرونی طور پر دباؤ کچھ کم ہو سکے۔

فروری کے شروع میں نیتن یاہو کے دورۂ امریکہ کے موقع پر ٹرمپ نے اپنی طاقت کے زعم میں غزہ پر قبضہ کر کے وہاں کے لوگوں کو فلسطین سے جبری بے دخل کرنے کے ایسے منصوبے کا اعلان کیا کہ اقوام عالم بھی ششدر رہ گئیں۔ ٹرمپ کے اس جارحانہ، ناقابل قبول، ناقابلِ عمل اور ماوراء العقل منصوبے کے مطابق غزہ کی پٹی سے غزہ کے شہریوں کو زبردستی بے دخل کر دیا جائے کیونکہ ٹرمپ کے مطابق غزہ رہنے کے قابل نہیں اور امریکہ اس کو لیول کر کے رہنے کے قابل بنائے گا۔ ساتھ ہی ٹرمپ نے اردن، مصر اور دیگر عرب ممالک پر زور دیا کہ وہ غزہ کے شہریوں کو اپنے ملک میں آباد کریں تاکہ ٹرمپ غزہ کی تعمیر نو کر کے اسے 'رِاویرا آف مڈل ایسٹ'[۳۲] (Riviera of Middle East) بنا دے۔

ٹرمپ کا مقصد فرینچ رِاویرا کے طرز پر غزہ کو ایک عالی شان سیاحتی مقام میں تبدیل کرنا ہے جہاں دنیا کے امیر ترین لوگ سیر و سیاحت اور عیاشی کے لیے آئیں۔

ٹرمپ ابھی حال ہی میں دوبارہ صدر بنا ہے اور خود کو دنیا کا سب سے طاقتور انسان سمجھتا ہے۔ شاید بہت سوں کے نزدیک ایسا ہو بھی، لیکن اب دنیا یک قطبی (یونی پولر) نہیں رہی۔ دنیاوی اعتبار سے دیکھا جائے تو امریکہ کے مقابلے میں چین ایک بہت بڑی طاقت کی صورت میں کھڑا ہے اور ہر سطح پر خصوصاً معاشی اور تجارتی سطح پر امریکہ کے مدمقابل آگیا ہے۔ ٹرمپ کا یہ زعم اس کے پچھلے دورِ صدارت میں بھی دیکھنے میں آیا تھا۔ تب بھی اس نے افغانستان کے حوالے سے خوب ڈینگیں ماریں اور بلند و بانگ دعوے کیے لیکن اپنے دورِ صدارت کے آخر میں خود ہی اس نے افغانستان سے دم دبا کر بھاگنے میں عافیت جانی۔ بالکل اسی طرح ان شاء اللہ ٹرمپ کا یہ منصوبہ ایک ناقابل عمل اور مضحکہ خیز خیال ثابت ہو گا۔ جن فلسطینیوں نے ڈیڑھ سال مسلسل امریکی بموں کی گھن گرج، بھوک و پیاس اور بنیادی ضروریات کے بغیر صبر سے گزارے لیکن ان کے پایۂ استقلال میں لغزش نہ آئی، وہ اپنا حقیقی وطن کبھی نہیں چھوڑیں گے ان شاء اللہ۔ ایک نکبہ سے وہ سبق سیکھ چکے ہیں، دوسرا نکبہ دہرانے نہیں دیں گے۔

ٹرمپ کے اس منصوبے کو سراہتے ہوئے اسرائیل نے جنگ بندی کے پہلے مرحلے کے اختتام پر دوسرے مرحلے کے لیے مذاکرات شروع کرنے کے بجائے پہلے مرحلے کی عارضی توسیع کا یک طرفہ اعلان کیا۔ ساتھ ہی حماس کو دھمکیاں دیں کہ اسی پہلے مرحلے میں تمام اسرائیلی قیدیوں کو یک بارگی رہا کر دیا جائے ورنہ جنگ دوبارہ شروع کر دی جائے گی۔ دراصل اسرائیل اور امریکہ چاہتے ہیں کہ اپنے قیدیوں کو مکمل جنگ بندی کے بغیر ہی آزاد کروالیں تاکہ دوبارہ اہلیانِ غزہ پر جنگ مسلط کر کے انہیں انکی سرزمین سے بزور بے دخل کر دیا جائے اس سلسلے میں امریکہ نے ۱۲ بلین ڈالر کے ہتھیار اسرائیل کو سپلائی کرنے کی منظوری دی ہے۔

حماس نے اس اقدام کی شدید مخالفت کی اور یہ واضح کیا کہ اسرائیلی قیدیوں کی رہائی صرف جنگ بندی معاہدے پر عمل درآمد کی صورت میں ہی ممکن ہے۔ اس سلسلے میں نیتن یاہو اور ٹرمپ نے باری باری حماس اور اہلیانِ غزہ کو دھمکیاں دینے کا سلسلہ بھی شروع کر رکھا ہے۔

مصر کا تجویز کردہ پلان

ٹرمپ کی اس بھونڈی تجویز نے نہ صرف غزہ کے مکینوں بلکہ خطے کے ممالک میں بھی ہلچل مچا دی اور سب نے ٹرمپ کی اس تجویز کو مسترد کر دیا۔ بعض تجزیہ نگاروں کی ایک رائے یہ بھی ہے کہ ٹرمپ کا غزہ پلان دراصل غزہ کی تعمیر نو کو عرب ممالک کے ذمہ ڈالنا تھا۔ تاکہ امریکہ کو یہاں اربوں ڈالر خرچ نہ کرنے پڑیں اور اگر یہ تجزیہ درست ہے تو ٹرمپ اس مقصد میں کامیاب بھی ہو گیا کیونکہ اس کے نتیجے میں عرب ممالک فوراً متحرک ہو گئے۔

عرب لیگ کے اجلاس بلائے گئے اور ٹرمپ کی تجویز کے مدمقابل ۴ مارچ کو ہونے والے اجلاس میں مصر نے غزہ کی تعمیر نو سے متعلق اپنا ترتیب دیا ہوا لائحہ عمل پیش کیا۔ جس کو تمام عرب ممالک نے متفقہ طور پر منظور کیا۔

مصر کے صدر السیسی نے، جنگ بندی کے بعد غزہ کی تعمیر نو کی لیے، ۵۳ بلین ڈالر کا منصوبہ پیش کیا ہے، جو تین مراحل پر مشتمل ہے۔ لیکن اس کا بنیادی نکتہ یہ ہے کہ حماس کو غزہ کے حکومتی اور انتظامی نظام سے بالکل بے دخل کر دیا جائے اور وہاں کا انتظام فلسطینی اتھارٹی کے ٹیکنو کریٹس کے ہاتھ میں ہو۔ اس حوالے سے حماس کی قیادت نے بھی اعلان کیا ہے کہ وہ غزہ کی تعمیر نو اور اہلیانِ غزہ کی سلامتی کے لیے حکومت سے سبکدوش ہونے پر راضی ہیں۔

اس منصوبے کے مطابق اقوام متحدہ اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ اور عرب ممالک کی امداد کے ذریعے غزہ میں پہلے مرحلے میں ملبہ اٹھایا جائے گا، ساتھ ہی لاکھوں موبائل گھروں میں وہاں کے

---

[۳۲] رِاویرا (Riviera) کی اصطلاح فرانس اور اٹلی کے بعض ساحلی سیاحتی مقامات کے لیے استعمال ہوتی ہے جہاں ریزورٹس، کسینوز (قمار خانے)، اور سیاحوں کی عیاشی کے لیے قحبہ خانے موجود ہوتے ہیں۔

رہائشیوں کو منتقل کیا جائے گا اور پانی، بجلی اور گیس جیسی بنیادی سہولیات مہیا کی جائیں گی۔ چھ ماہ کے اندر دولاکھ گھر تعمیر کیے جائیں گے اور ساٹھ ہزار عمارتیں مرمت کی جائیں گی۔

دوسرا مرحلے میں بیس بلین ڈالر کی مالیت درکار ہوگی جس میں مزید اداروں، گھروں، سڑکوں کی تعمیر اور بنیادی سہولیات کی باقاعدہ فراہمی شامل ہوگی۔ دوسرا مرحلہ ۳۰ مہینوں (ڈھائی سال) پر محیط ہوسکتا ہے، اس کا دارومدار مالی وسائل اور کام کی رفتار پر ہوگا۔

تیسرے مرحلے میں وہاں باقاعدہ حکومتی نظام قائم کیا جائے گا۔

مغربی کنارے کے کشیدہ ہوتے حالات

غربِ اردن کا فلسطینی علاقہ جو مغربی کنارہ یا ویسٹ بینک کہلاتا ہے، باقی ماندہ فلسطین پر صہیونیوں کے قبضے کے بعد فلسطینیوں کے پاس غزہ کے علاوہ بچا ہوا دوسرا علاقہ ہے جس کا غزہ کے ساتھ کوئی زمینی ربط موجود نہیں، اور جہاں غزہ ہی کی طرح ایک بہت بڑی آبادی مہاجر کیمپوں میں آباد ہے۔ یوں تو سات اکتوبر ۲۰۲۳ء کے حملوں کے بعد صہیونی قابضین نے مغربی کنارے پر بھی اپنی دراندازی شروع کر دی تھی لیکن غزہ میں جنگ بندی شروع ہوتے ہی اسرائیل نے تباہی و بربادی کا وہی فارمولا مغربی کنارے پر بھی لاگو کر دیا۔ وہاں بڑے پیمانے پر آپریشنز شروع کر دیے اور نا صرف آئے روز بڑی تعداد میں لوگوں کو گرفتار کیا جارہا ہے بلکہ الجزیرہ کے مطابق اب تک چالیس ہزار لوگوں کو بے گھر کر کے ان کے گھر یا تو بمباری سے تباہ کر دیے ہیں یا بلڈوز۔ طولکرم کے مہاجر کیمپ کی ہی ۸۵ فیصد مہاجر آبادی کو بے گھر کر دیا گیا ہے، جبکہ وہاں مجاہدین سے بھی جگہ جگہ جھڑپیں جاری ہیں۔ وہاں جاری اسرائیلی دہشت گردی کی سنگینی کا اندازہ اس بات سے بھی لگایا جاسکتا ہے کہ قریب بیس سال بعد صہیونی فوجوں نے وہاں ٹینکوں سے چڑھائی کی ہے۔

غزہ کے حالات کے ساتھ ساتھ مغربی کنارے کے حالات کو بھی نظر انداز نہیں کیا جاسکتا، جہاں صہیونیوں نے نہ صرف آپریشنز کے نام پر تباہی مچا رکھی ہے بلکہ صہیونی آبادکاروں کو بھی نیتن یاہو کی حکومت نے فری ہینڈ دے رکھا ہے اور وہ تیزی سے فلسطینیوں کی املاک اور گھر بار ہتھیا رہے ہیں۔ صہیونی طاقتیں تیزی سے فلسطینیوں کو فلسطین سے بے دخل کرنے اور نسل کشی کرنے کی طرف بڑھ رہی ہیں جبکہ مسلم حکمران اس سب صورتحال پر بھی خاموش ہیں۔

ماہِ رمضان المبارک کے شروع ہوتے ہی صہیونی دہشت گردوں نے وہاں کی مساجد پر حملے شروع کر دیے۔ الجزیرۃ کے مطابق رمضان المبارک میں اب تک آٹھ مساجد پر حملے کیے جا چکے ہیں جہاں مسلمانوں کو نماز سے روکا گیا جبکہ کچھ مساجد کو آگ لگا دی گئی۔ سب سے اہم بات یہ کہ رمضان المبارک شروع ہوتے ہی قبلہ اوّل مسجد اقصیٰ میں داخلے کے لیے صرف ۵۵ سال سے اوپر عمر کے مردوں اور ۵۰ سال سے اوپر عمر کی خواتین کو رسائی دی گئی جبکہ مسجد اقصیٰ کمپاؤنڈ میں موجود مسجد ابراہیمی میں نماز کی ادائیگی سے روک دیا گیا جو کہ بیت المقدس کے حوالے سے 'سٹیٹس کو' معاہدے کی صریح خلاف ورزی ہے۔

تازہ صورتحال

غزہ اور باقی فلسطین کی صورتحال بہت مخدوش اور غیر یقینی ہے جو دن بدن تیزی سے تبدیل بھی ہورہی ہے۔ جنگ بندی میں بھی اسرائیل کی طرف سے مسلسل خلاف ورزیاں جاری ہیں۔ غزہ کے حکومتی اعداد و شمار کے مطابق اب تک غاصب اسرائیلی فوج نے ۹۶۲ بڑی خلاف ورزیاں کی ہیں جن میں ۹۸۱افراد کو شہید اور ۴۹۰ کو زخمی کیا اور دوبارہ امدادی ٹرکوں کا غزہ میں داخلہ روک دیا گیا۔ آئے روز کسی بھی شہری کو ہراساں کیا جاتا ہے اور کسی بھی شہری کو گولیوں کا نشانہ بنا دیا جاتا ہے۔ اسرائیلی جیلوں میں ہزاروں بے گناہ فلسطینی قید ہیں جنہیں اذیت ناک تشدد کا شکار کیا جاتا ہے۔

ماہ رمضان المبارک شروع ہوتے ہی نیتن یاہو نے فلسطین میں داخل ہونے والی بین الاقوامی امداد اور بنیادی ضروریات کا داخلہ مکمل طور پر روک دیا۔ جس کی وجہ سے خوراک، ادویات اور بنیادی وسائل کی پہلے سے ہی کمی کا شکار اہلیانِ غزہ میں بہت پریشانی اور بے چینی بڑھ گئی ہے۔

اسرائیل نے یہ حرکت ٹرمپ کے پلان کو آگے بڑھانے کے نقطہ نظر سے کی ہے اور اسے ٹرمپ کی مکمل آشیرباد حاصل ہے۔ مزید ساتھ دینے کے لیے ٹرمپ نے اپنی سوشل میڈیا پوسٹ میں نہ صرف حماس بلکہ اہلیان غزہ کو بھی دھمکی دی ہے کہ اگر اسرائیلی قیدیوں کو رہا نہ کیا گیا تو انہیں بہت خوفناک نتائج کا سامنا کرنا پڑے گا۔

غزہ پر جاری ظلم اور مقبوضہ فلسطین میں آپریشن کے نام پر لوگوں کو ان کے گھروں سے بے دخل کر کے ان کی املاک تباہ کر دینا، شام اور لبنان میں بڑھتا ہوا قبضہ، ناجائز ریاست کے 'گریٹر اسرائیل' کے خواب کی تکمیل کے لیے کیے جانے والے اقدامات ہیں اور اللہ نے اب تک صرف فلسطین کے غیور مسلمانوں کو یہ اعزاز بخشا ہے کہ تن تنہا غاصب صہیونیوں کا مقابلہ کر کے جرأت و بہادری کی مثال قائم کر رہے ہیں، جبکہ امت مسلمہ کو اپنے ہی جھمیلوں سے فرصت نہیں اور ان کے منافق حکمران اپنی کرسیاں اور اپنی گردنیں بچانے کی فکر میں ہیں۔ ایسے میں پوری دنیا کی جہادی تحریکات کے لیے ضروری ہے کہ وہ بیت المقدس کی سلامتی اور فلسطینی بھائیوں کی آزادی کے لیے بڑے اقدام کریں۔ کیونکہ یہی واحد طبقہ ہے جس سے کوئی امید وابستہ کی جاسکتی ہے۔

☆☆☆☆☆

غیر یہودیوں کو جکڑنے والے اسرائیلی قوانین

وسعت اللہ خان

مغرب اسرائیل کی اندھا دھند حمایت میں جو بیسیوں منطقیں جھاڑتا ہے، ان میں سے ایک یہ بھی ہے کہ اسرائیل عرب آمریتوں کے سمندر میں جمہوریت کا سرسبز جزیرہ ہے، وہاں نہ کوئی بادشاہ ہے نہ سول و فوجی ڈکٹیٹر، تبدیلی ہمیشہ ووٹ کے ذریعے آتی ہے، اگرچہ آئینی لحاظ سے اسرائیل ایک یہودی وطن ہے مگر اس کی حدود میں جو انیس فیصد عرب رہتے ہیں وہ بھی پارلیمانی سیاست میں حصہ لیتے ہیں اور پارلیمنٹ میں ان جماعتوں کا ایک اتحاد ”عرب بلاک“ کے نام سے موجود ہے۔

جہاں تک مقبوضہ مغربی کنارے کا معاملہ ہے تو وہ چونکہ اسرائیل کا باقاعدہ حصہ نہیں اس لیے وہاں کی آبادی پر فوجی قوانین اور اسی مقبوضہ علاقے میں قائم یہودی آبادکار بستیوں پر سویلین قوانین لاگو ہیں۔ اگر اس تضاد کے بارے میں جرح کی جائے تو مغربی دانش آئیں بائیں شائیں چونکہ چنانچہ پر اتر آتی ہے۔

لیکن جو عرب اسرائیلی برابر کے شہری بتائے جاتے ہیں کیا انہیں وہی مساوی حقوق حاصل ہیں جو اسرائیل کے کسی بھی یہودی باشندے کو؟

[یہاں میں بار بار ”عرب اسرائیلی“ کی اصطلاح یوں استعمال کر رہا ہوں کیونکہ اسرائیل کے قوانین میں مملکتِ اسرائیل اور جوڈیا سماریا (مغربی کنارہ) کا تو تذکرہ ہے مگر فلسطین یا فلسطینیوں کا کوئی وجود نہیں]۔ ریاستی صہیونی آئیڈیالوجی کے مطابق جب سو سوا سو برس پہلے یہودیوں کی اپنے ”اجدادی وطن“ واپسی شروع ہوئی تو یہاں چند عرب خانہ بدوش قبیلوں کے کوئی نہیں تھا۔ ویسے بھی صہیونیت کے باوا آدم تھیوڈور ہرزل کے بقول ”ایک غیر آباد سرزمین ایک بے سرزمین قوم (یہودی) کی ملکیت ہے“۔

اسرائیلی قیادت فلسطینیوں کو سینہ ٹھونک کر نیم انسان اور دو ٹانگوں پر چلنے والا چوپایہ کہتی ہے۔ البتہ اسرائیل کو کوئی مغربی سامراج کی ناجائز اولاد کہہ دے تو پھر یہود دشمنی کا ماتم شروع ہو جاتا ہے۔

اس تناظر میں اسرائیل میں نافذ کچھ قوانین کا تذکرہ ضروری ہے تاکہ یہ اندازہ ہو سکے کہ یہ ریاست کس قدر جمہوری، غیر نسل پرست اور انسانیت دوست ہے۔

برطانوی تسلط کے دور (۱۹۱۷ تا ۴۸ء) کے کئی قوانین اسرائیل نے جوں کے توں اٹھا لیے۔ جیسے ۱۹۳۹ء کا یہ قانون کہ ”دشمن ممالک سے تجارت یا سفری تعلق“ ممنوع ہے۔ اس قانون کے دائرے میں وہ عرب اور مسلم ممالک آتے ہیں جنھوں نے اسرائیل کو تسلیم نہیں کیا۔ چنانچہ اسرائیل کے عرب شہری بھی ان ممالک سے کسی بھی طرح کا براہِ راست یا بلاواسطہ ثقافتی، مذہبی، معاشی تعلق نہیں رکھ سکتے۔ نہ ہی وہ ان ممالک سے مذہبی لٹریچر سمیت کوئی شے منگوا سکتے ہیں۔

ہنگامی دفاعی قانون نمبر ۱۲۵ بھی برطانوی دور کی یادگار ہے۔ اس کے تحت کسی بھی خطے کو حساس فوجی علاقہ قرار دے کر وہاں شہریوں کی نقل و حرکت ممنوع قرار دی جا سکتی ہے۔ اسرائیل نے مئی ۱۹۴۸ء میں اسی قانون کے تحت ملک میں مارشل لا نافذ کیا اور ساڑھے سات لاکھ عربوں کو ”حساس فوجی علاقوں“ سے نکال باہر کیا اور واپسی پر پابندی لگا دی۔

اسی قانون کے تحت جون ۱۹۶۷ء کے بعد مقبوضہ مغربی کنارے کا ساٹھ فیصد علاقہ حساس قرار دے دیا گیا۔ ایریا سی نامی اس علاقے میں کوئی فلسطینی مقامی فوجی کمان کے اجازت نامے کے بغیر داخل نہیں ہو سکتا، بھلے وہاں اس کی املاک ہی کیوں نہ ہوں۔

اسرائیل کے متروکہ املاک قانون مجریہ ۱۹۵۰ء کے تحت ۲۹ نومبر ۱۹۴۷ء کے بعد جس شہری نے کسی بھی وجہ سے اپنا گھر، کھیت یا بینک اکاؤنٹ ترک کر دیا وہ غیر حاضر تصور ہوگا اور اس کا اثاثہ ریاستی کسٹوڈین کی ملکیت تصور کیا جائے گا۔ ۱۹۵۰ء کے اس قانون کی زد میں عملاً صرف فلسطینی عرب ہی آتے ہیں۔

اس کے برعکس ۱۹۵۰ء کے قانونِ واپسی (شہریت) کے تحت دنیا میں کہیں بھی آباد یہودی باشندہ، اس کی اولاد، اولاد کی اولاد اور زیرِ کفالت افراد اسرائیلی شہریت کے اہل ہیں۔ گھر واپسی کا یہ قانون اپنے گھروں سے جبراً نکالے گئے لاکھوں فلسطینیوں پر منطبق نہیں ہوتا۔

۲۰۰۸ء میں قانونِ شہریت میں یہ ترمیم کی گئی کہ کسی بھی شخص کی اسرائیلی شہریت منسوخ ہو سکتی ہے اگر ثابت ہو جائے کہ وہ ریاستِ اسرائیل کا وفادار نہیں یا اس نے ممنوعہ فہرست میں شامل نو عرب ممالک بشمول غزہ میں عارضی سکونت اختیار کر لی ہے۔ (جب کہ ان نو عرب ممالک میں آباد یہودی شہریوں پر یہ شرط لاگو نہیں ہوتی)۔ شہریت کے قانون کے تحت اگر کوئی غیر ملکی یہودی اسرائیل میں عارضی قیام بھی کرتا ہے تو اسے بھی اسرائیلی شہریوں کے مساوی حقوق حاصل ہوں گے۔

(اس رعایت کے سبب اکثر غیر ملکی یہودی اسرائیلی فوج میں خدمات انجام دیتے رہتے ہیں یا پھر اسرائیل اور مقبوضہ علاقوں کی آبادکار بستیوں میں املاک خرید رہے ہیں مگر ان کی دوہری

شہریت برقرار ہے۔ مقبوضہ مغربی کنارے پر جو سات لاکھ یہودی آباد ہیں ان میں ساٹھ ہزار امریکی شہری ہیں)۔

۱۹۵۲ء کے بین الاقوامی تنظیمی قانون کے تحت عالمی صہیونی ادارے جیویش ایجنسی کو نیم سرکاری ادارے کا درجہ دیا گیا ہے (جیویش ایجنسی لگ بھگ ایک صدی سے باقی دنیا میں آباد یہودیوں کو اسرائیل کی جانب ہجرت کی ترغیب اور انتظام میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے)۔

متروکہ املاک قانون مجریہ ۱۹۵۰ء اور حصولِ زمین اور معاوضے کے قانون مجریہ ۱۹۵۳ء کے ذریعے حاصل کی گئی فلسطین کی ۹۳ فیصد زمین صہیونی ریاست یا جیویش نیشنل فنڈ کی ملکیت ہے (جیویش نیشنل فنڈ ۱۹۰۱ء میں قائم کیا گیا تھا، تاکہ عربوں سے زمین خریدنے کے لیے چندہ جمع کیا جاسکے۔ یہ ایک ٹیکس فری ادارہ ہے اور ہزاروں ایکڑ غصب شدہ زمین کا مالک ہے)۔

سنیچر ۲۹ نومبر ۱۹۴۷ء کے دن جب ۵۲ رکنی اقوامِ متحدہ نے سوویت یونین اور امریکہ کی حمایت سمیت تیرہ کے مقابلے میں چھتیس ووٹوں سے فلسطین کو دو حصوں میں بانٹا تو ۴۸ فیصد زمین فلسطینی اکثریت کو اور ۵۲ فیصد زمین یہودی اقلیت کو دے دی گئی۔ جن تین ممالک نے رائے شماری میں حصہ نہیں لیا ان میں فلسطین پر قابض "بالفور ڈکلریشن" کا خالق برطانیہ بھی شامل تھا۔

مگر اسرائیل کے وجود میں آنے کے پانچ برس کے اندر اندر فلسطینیوں کو ملنے والی اڑتالیس فیصد زمین سکڑ کے محض ساڑھے تین فیصد تک رہ گئی۔ یہ زمین ۳۴۹ عرب اکثریتی دیہاتوں اور قصبوں سے "قانوناً" ہتھیائی گئی۔ صرف ۶۸ فلسطینی گاؤں اس ریاستی ڈاکے سے بچ پائے مگر وہ بھی چوطرفہ یہودی آبادیوں سے گھیر لیے گئے۔

زمین کے انتظام و انصرام کے قانون مجریہ ۱۹۶۵ء کے تحت ریاستی کونسل میں سرکار کے علاوہ جیویش ایجنسی، یہودی مذہبی اداروں اور جیویش نیشنل فنڈ کی نمائندگی ہے۔ کسی مقامی عرب شہری یا تنظیم کو اس کونسل میں کبھی شامل نہیں کیا گیا۔

اب تو پوری دنیا کہہ رہی ہے کہ اسرائیل نسل پرست اور اپارتھائیڈ ریاست ہے۔ اگرچہ انسانیت کے خلاف جرائم میں ملوث ہونے کے الزام میں نیتن یاہو اور ان کے سابق وزیرِ دفاع یوو گیلنٹ کے انٹرنیشنل کرائم کورٹ نے گرفتاری وارنٹ بھی نکال دیے ہیں مگر یہ مجرم قیادت اور اس کے اتحادی ممالک بضد ہیں کہ یہ سب الزامات یہود دشمنی کا نتیجہ ہیں۔

اسرائیلی ریاستی ضابطے کے آرٹیکل اٹھارہ اے کے تحت صرف یہودی مذہبی تہواروں پر عام تعطیل ہو گی۔ واحد غیر مذہبی چھٹی چودہ مئی (یومِ آزادی) ہے۔

۲۰۱۱ء میں بدنامِ زمانہ نکبہ قانون کے تحت وزارتِ خزانہ کو اختیار دیا گیا کہ وہ ایسے کسی بھی ثقافتی، تعلیمی یا آرٹ ادارے کی سرکاری مالی امداد ختم کر سکتی ہے جو چودہ مئی کو یومِ آزادی کے بجائے بطور یومِ نکبہ یا یومِ سوگ منائے یا اسرائیل کو ایک یہودی جمہوری ریاست ماننے سے انکار کرے۔

تعلیم ایکٹ مجریہ ۱۹۵۳ء کے تحت جدید اسکولوں اور مذہبی مدارس میں ایسا نصاب پڑھایا جاتا رہا ہے جس سے صرف یہودی ثقافت اور صہیونی نظریہ اجاگر ہو۔ ۲۰۰۰ء میں اس ایکٹ میں یہ اضافہ کیا گیا کہ سرکاری سطح کی تعلیم میں اسرائیل کے عرب اور دیگر شہریوں کی ثقافت، روایات اور تاریخ کے پہلوؤں کو بھی تسلیم کیا جائے۔

یہ شق دیکھنے میں تو بہت اچھی لگتی ہے مگر اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ قومی نصاب میں یہودی ثقافت اور صہیونی نظریے کی طرح دیگر ثقافتوں اور ان کی تاریخ بھی لازماً شامل کی جائے۔ چنانچہ اب تک یہی دیکھنے میں آرہا ہے۔

۲۰۰۰ء سے پہلے تک اسرائیل کی دو سرکاری زبانیں تھیں۔ عبرانی اور عربی۔ مگر دوسرے انتفاضہ (۲۰۰۰ء تا ۲۰۰۵ء) کے ردِ عمل میں عربی سے سرکاری درجہ واپس لے لیا گیا۔ اس تبدیلی کے بعد درس گاہوں میں غیر یہودی سماج کی تاریخ و ثقافت کیسے اجاگر ہو؟ کوئی بتلائے کہ ہم بتلائیں کیا۔

ویسے بھی اسرائیل کے سرکاری اسکولوں میں جو تاریخ پڑھائی جاتی ہے اس میں نقبہ کا ذکر سرے سے غائب ہے (نکبہ ۱۹۴۸ء تا ۵۲ء کے اس دور کو کہتے ہیں جب ساڑھے سات لاکھ فلسطینیوں کو جبراً اپنا گھر اور زمین چھڑوانے کے لیے کئی جگہ قتلِ عام کر کے دہشت زدہ کیا گیا)۔

بظاہر اسرائیل کی عرب اقلیت کو سرکاری فنڈنگ سے کیمونٹی اسکول کھولنے کی اجازت تو ہے مگر عرب اسکولوں میں اگر نقبہ پر بات ہو تو فنڈنگ روکی جاسکتی ہے۔ حتیٰ کہ وہ اسرائیلی یہودی مورخ جو سرکار کے تاریخی بیانیے کو چیلنج کرتے ہیں ان کی ریسرچ فنڈنگ بھی منسوخ ہو جاتی ہے۔

۱۹۹۴ء سے یہ قانون بھی لاگو ہے کہ نئی پارلیمنٹ کے افتتاحی اجلاس میں اسرائیلی ریاست کے قیام کا تاسیسی اعلان پڑھا جائے گا تاکہ ریاست کے صہیونیت سے تعلق کا اعادہ ہو سکے۔

۱۹۸۰ء میں فاؤنڈیشن آف لا ایکٹ نافذ ہوا۔ اس کے تحت اگر عدالتیں موجودہ قانونی نظام میں کسی سوال کا تسلی بخش جواب تلاش نہ کر پائیں تو تورات پر مبنی ضابطۂ قانون ہلاخا سے رجوع کر سکتی ہیں۔ یعنی شریعتِ موسوی کو اسرائیلی قانونی نظام میں مساوی درجہ حاصل ہے۔

مقدس مقامات کی دیکھ بھال کے قانون مجریہ ۱۹۶۷ء کے تحت وزارتِ مذہبی امور اسرائیلی حدود میں واقع مقدس مقامات کی دیکھ بھال کی ذمہ دار ہے۔ وزارت کی فہرست میں ایک سو

پینتیس یہودی مقامات ہیں مگر ایک بھی غیر یہودی مقام شامل نہیں۔اس بابت انسانی حقوق کی ایک اسرائیلی تنظیم عدالہ کی درخواست عدالت نے مسترد کر دی۔

یہودی مذہبی امور کے قانون مجریہ ۱۹۷۱ء کے تحت مذہبی اداروں اور قبرستانوں کی دیکھ بھال کے لیے وزارتِ مذہبی امور نے ہر یہودی بستی، قصبے اور شہر میں مذہبی کونسلیں بنائی ہیں جنہیں سرکاری امداد ملتی ہے۔البتہ کسی غیر یہودی آبادی میں ایسی کوئی کونسل نہیں۔

۱۹۶۷ء میں غربِ اردن پر قبضے کے بعد مشرقی یروشلم کے ارد گرد کی ساڑھے سترہ ہزار ایکڑ دیہی زمین یروشلم کی شہری حدود میں شامل کی گئی۔ ۱۹۸۰ء میں پارلیمنٹ نے یروشلم کیپیٹل ایکٹ منظور کیا جس کے تحت متحدہ یروشلم (مغربی و مشرقی یروشلم) اسرائیل کا دارالحکومت قرار پایا۔

باالفاظِ دیگر مقبوضہ یروشلم کو باقاعدہ اسرائیل میں شامل کر لیا گیا۔۲۰۱۷ء میں ڈونلڈ ٹرمپ نے اس دعوی کو تسلیم کر لیا۔حالانکہ اوسلو سمجھوتے کے تحت مشرقی یروشلم فلسطینی ریاست کا دارالحکومت بننا تھا۔۱۹۸۱ء میں ایک اور قانون کے تحت مقبوضہ گولان کو اسرائیل میں ضم کر لیا گیا۔

۲۰۰۳ء میں شہریت کے قانون میں خاندانی تعلق سے متعلق ترمیم کی گئی کہ اگر کسی شہری کی بیوی یا شوہر کا تعلق اسرائیل سے باہر (بشمول مقبوضہ مغربی کنارہ اور غزہ) سے ہے تو انہیں اسرائیل میں ایک ساتھ رہنے کے لیے خصوصی عارضی اجازت نامہ درکار ہو گا بشرطیکہ عورت کی عمر پچیس برس اور مرد کی عمر پینتیس برس سے کم نہ ہو۔

البتہ گیارہ برس تک کی عمر کے بچوں پر اس قانون کا اطلاق نہ ہو گا۔اس قانون کے سبب ہزاروں فلسطینی خاندان جن کے رشتے ناتے مقبوضہ فلسطین میں ہیں مسلسل قانونی پریشانی کا شکار رہتے ہیں۔اس قانون کی روح دراصل یہ ہے کہ منقسم خاندان تنگ آ کر ملک چھوڑ دیں۔

۱۹۷۹ء میں ایمرجنسی قانون میں یہ ترمیم کی گئی کہ کسی بھی شہری کو غیر معینہ انتظامی حراست میں رکھا جا سکتا ہے۔مگر ہر چھ ماہ بعد اس حراست کی عدالتی تجدید کرانا ہو گی۔اس قانون کے تحت ہزاروں فلسطینی نوجوان، بوڑھے، بچے اور خواتین غیر معینہ مدت کے لیے جیل میں ہیں۔

۲۰۰۶ء میں قومی سلامتی کے لیے خطرہ بننے والے افراد (یعنی فلسطینیوں) کے لیے فوجداری قانون میں پہلے سے موجود تحفظات کو اور کم کر دیا گیا۔ترمیم سے پہلے گرفتار شخص کو اڑتالیس گھنٹے کے اندر جج کے سامنے پیش کرنا لازم تھا۔یہ مدت بڑھا کے چھیانوے گھنٹے (چار دن) کر دی گئی۔ترمیم سے پہلے ملزم کو اڑتالیس گھنٹے کے اندر وکیل فراہم کیا جانا لازم تھا۔

ترمیم کے بعد ملزم کو اکیس دن تک وکیل تک رسائی سے محروم رکھا جا سکتا ہے۔اس قانون میں ۲۰۰۸ء میں مزید تبدیلی کی گئی کہ قانون نافذ کرنے والے ادارے (فوج اور پولیس) تفتیشی عمل کا مکمل آڈیو وڈیو ریکارڈ رکھنے کے پابند نہیں۔چنانچہ تفتیش میں تشدد کے استعمال کا راستہ قانونی طور پر کھل گیا۔

۲۰۱۱ء میں جیل قوانین میں مزید ترمیم کی گئی کہ وہ ملزم جو قومی سلامتی کے قانون کے تحت زیر حراست ہیں انہیں محکمہ جیل خانہ جات کی سفارش پر سپریم کورٹ وکیل تک رسائی کے حق سے غیر معینہ مدت تک محروم کر سکتی ہے اگر محکمہ یہ سمجھے کہ وکیل اس ملزم کا کوئی پیغام کسی دہشت گرد تنظیم تک پہنچا سکتا ہے۔اس قانون کا بنیادی مقصد فلسطینی قیدیوں کو وکیل اور سماعت سے زیادہ سے زیادہ مدت تک محروم رکھنا ہے۔

۲۰۰۹ء میں اقتصادی ترقی کے لیے ترجیحاتی علاقوں کے تعین کے قانون میں ترمیم کے بعد حکومت اپنی صوابدید پر کسی بھی آبادی کے لیے جتنا چاہے ترقیاتی فنڈ مخصوص کر سکتی ہے۔

چنانچہ ۵۵۳ یہودی قصبوں کے مقابلے میں عرب اسرائیلیوں کے صرف چار قصبوں کے لیے تعلیمی و ترقیاتی فنڈز مختص کیے گئے۔شہری حقوق کی تنظیم العدالہ نے جب اس ترمیم کو چیلنج کیا تو عدالت نے یہ درخواست اٹارنی جنرل کی اس یقین دہانی کے بعد مسترد کر دی کہ حکومت فنڈز کی فراہمی میں آئندہ امتیاز نہیں برتے گی۔عملاً یہ امتیازی پالیسی آج بھی برتی جا رہی ہے۔

غیر ملکی فنڈنگ کی شفافیت کے قانون مجریہ ۲۰۱۱ء کے تحت این جی اوز پر لازم ٹھہرا کہ وہ غیر ملکی مالی امداد کی تفصیلات اور مقاصد اپنی ویب سائٹس پر مشتہر کریں تاکہ چور دروازے سے دہشت گردی کی ممکنہ مالی مدد پر ریاست نظر رکھ سکے۔

مگر چالاکی یہ ہے کہ اس قانون کا اطلاق غیر ملکی نجی اداروں اور افراد پر نہیں ہوتا تاکہ مقبوضہ علاقوں میں قائم یہودی بستیوں کے لیے امریکی و یورپی یہودیوں سے ملنے والی مالی مدد متاثر نہ ہو۔اس کے علاوہ ورلڈ زائیونسٹ آرگنائزیشن، جیویش ایجنسی فار اسرائیل، جیویش نیشنل فنڈ اور امریکن ایوانجلیکل فرقے کی یونائیٹڈ اسرائیل اپیل پر اس قانون کا اطلاق نہیں ہے۔

اس قانون کا بنیادی ہدف اسرائیل اور مقبوضہ فلسطین میں سرگرم انسانی حقوق کی تنظیمیں ہیں جن کا دارومدار نجی امداد کے بجائے زیادہ تر انسانی حقوق کی بین الاقوامی تنظیموں، ریاستی اداروں، اقوامِ متحدہ اور یورپی یونین کے ذیلی اداروں پر ہے۔اس قانون کے نفاذ کے بعد بہت سے بیرونی اداروں نے اپنی امداد روک لی یا کمی کر دی۔

ایک اور قانون کے تحت اسرائیل کے اقتصادی، ثقافتی، سفارتی، تعلیمی بائیکاٹ کی اپیل یا مطالبے کی سزا بھاری جرمانے اور سرکاری امداد کی معطلی کی صورت میں بھگتنا ہو گی۔اس قانون کا مقصد حکومت مخالف شہریوں کو اسرائیل کے بائیکاٹ کی بین الاقوامی تحریک بی ڈی ایس کی حمایت سے روکنا ہے۔

ایڈمیشن کمیٹی قانون مجریہ ۲۰۱۱ء کے تحت چار سو سے زائد مکانوں پر مشتمل آبادی اپنی ایڈمیشن کمیٹی بناسکتی ہے جو یہ فیصلہ کرے کہ کمیونٹی میں اگر کوئی نیا کنبہ بسنا چاہے تو کیا اس سے مقامی سماجی ہم آہنگی تو متاثر نہ ہو گی۔ اس قانون کا مقصد عرب اسرائیلیوں کو یہودی آبادیوں میں بسنے سے روکنا اور مخصوص علاقوں تک محدود رکھنا ہے۔ اس کے برعکس مقبوضہ غربِ اردن کے فلسطینی اکثریتی شہر ہیبرون (الخلیل) کے بیچوں بیچ دو سو یہودی گھرانے اسرائیلی فوج کے پہرے میں کئی برس سے دھڑلے سے رہتے ہوئے اکثریتی شہریوں کی روزمرہ زندگی اجیرن کر رہے ہیں۔ اپارتھائیڈ کی اس سے بہتر مثال نہیں ملے گی۔

تحویلِ اراضی کے قانون مجریہ ۱۹۱۱ء کے تحت وزارتِ خزانہ کو سرکاری مقاصد کے لیے کوئی بھی زمین پچیس برس کے لیے قبضے میں لینے کا اختیار اس شرط پر دیا گیا کہ مذکورہ اراضی جس مقصد کے لیے حاصل کی گئی ہے اگر وہ معینہ عرصے میں پورا نہیں ہو تا تو زمین اصل مالکان کو لوٹا دی جائے گی۔ مگر اس قانون کی آڑ میں مقبوضہ علاقوں میں ہزاروں ایکڑ زمین جیویش نیشنل فنڈ کے حوالے کر کے یہودی آبادکار رہائشی اسکیموں کا اعلان کر دیا جاتا ہے تاکہ زمین کے عرب مالکان واپسی کا دعویٰ دائر کر بھی دیں تو ''نئے زمینی حقائق'' کی روشنی میں عدالت یہ دعویٰ باآسانی مسترد کر دے۔

اسی طرح جنوبی اسرائیل کے صحرا نجف میں صدیوں سے بسے لگ بھگ ایک لاکھ بے زمین بدو قبائلی معاشی خود کفالت کے لیے زمین کی الاٹمنٹ کے قانوناً ترجیحی حقدار ہیں۔ مگر صحرا نجف کی ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے مقامی بدوؤں کے فطری حق کو نظرانداز کرتے ہوئے بندوبستِ اراضی کے قانون مجریہ ۲۰۱۰ء کے تحت بیس ہزار ایکڑ زمین ساٹھ یہودی آبادکاروں کو کمیونٹی ویلفیئر کے نام پر الاٹ کر دی۔

۲۰۱۲ء میں ایک اور عجیب و غریب قانون انکم ٹیکس میں ترمیم کی شکل میں نافذ کیا گیا۔ اس کے تحت مقبوضہ علاقوں کی یہودی آبادکار بستیوں میں تعلیمی و فلاحی اداروں کی آمدنی ٹیکس سے مستثنیٰ قرار پائی۔ اس قانون کا اطلاق مقبوضہ فلسطینی بستیوں پر نہیں ہو تا۔

۲۰۱۲ء کے ایک قانون کے تحت کسی دشمن علاقے (بشمول غزہ و غربِ اردن) میں دہشت گردی کے خلاف فوجی کارروائی کے دوران کسی غیر اسرائیلی شہری کے جان و مال کے نقصان کے ازالے کی حکومت یا فوج ذمہ دار نہیں ہے۔

یہ قانون ستمبر ۲۰۰۵ء کی سابقہ تاریخ سے لاگو کیا گیا جب اسرائیل نے غزہ سے فوجی انخلا کیا اور یہاں بسے تقریباً نو ہزار یہودی آبادکاروں کو مغربی کنارے پر بسا دیا۔ اس کے بعد سے غزہ پر وقفے وقفے سے فوج کشی جاری ہے۔ اس قانون کے تحت غزہ میں اسرائیلی فوجی ایکشن کے دوران مرنے یا زخمی ہونے والے سویلینز یا ان کی املاک کے نقصان کی بھرپائی کی ذمے داری سے فوج اور اسرائیلی حکومت مستثنیٰ ہے۔

۲۰۱۵ء کے ایک قانون کے تحت ریاستی املاک کو نقصان پہنچانے والے بچوں کو نہ صرف عدالت کا سامنا کرنا ہو گا بلکہ ان کے والدین کو نقصان کی قیمت کے برابر جرمانہ بھی بھرنا ہو گا۔ جب کہ نیشنل انشورنس ایکٹ کے تحت اسرائیل یا مشرقی یروشلم کی حدود میں کوئی بچہ قومی سلامتی کو نقصان پہنچانے کی پاداش میں عدالتی سزا پاتا ہے تو اس کی دیکھ بھال کا سرکاری الاؤنس بھی منسوخ ہو جائے گا۔

اسرائیلی فوجداری قانون کے تحت پتھراؤ سے سرکاری املاک کو نقصان پہنچانے کی زیادہ سے زیادہ سزا بیس برس ہے۔ اس قانون میں مزید ترمیم یہ کی گئی ہے کہ ایسے کسی بھی مقدمے میں عدالت کو کم از کم تین برس کی سزا لازماً سنانا ہو گی۔

۲۰۱۸ء میں کاؤنٹر ٹیررازم قانون میں ترمیم کی گئی کہ کوئی بھی فلسطینی جو دہشت گردی کے شبہہ میں پولیس کے ہاتھوں مارا جائے، اس کی لاش پولیس دس روز یا تب تک قبضے میں رکھ سکتی ہے جب تک اہلِ خانہ تحریری حلف نامہ نہ دیں جس میں تفصیل ہو کہ تدفین کب اور کہاں ہو گی اور کتنے لوگ شریک ہوں گے۔ اس بارے میں پولیس احکامات کو مدِ نظر رکھنا ہو گا اور بطور ضمانت ایک مخصوص رقم بھی جمع کرانا ہو گی جو شرائط پر مکمل عمل نہ ہونے کی صورت میں ضبط ہو سکتی ہے۔

۲۰۲۳ء میں پولیس کو اختیار دیا گیا کہ وہ غیر قانونی ہتھیاروں یا سرگرمیوں کے شبہہ میں کسی بھی عمارت یا گھر کی کسی بھی وقت بلا وارنٹ تلاشی لے سکتی ہے اور کوئی بھی مشکوک شے ضبط کر سکتی ہے۔

شہریت کی منسوخی کے ترمیمی قانون مجریہ ۲۰۲۳ء کے مطابق اگر کسی اسرائیلی شہری (عرب) کو دہشت گردی یا اعانت یا حمایت کے جرم میں سزا سنائی جاتی ہے اور دورانِ قید اسے فلسطینی اتھارٹی کی جانب سے وظیفہ ملتا ہے تو ایسے فعل کو ریاستِ اسرائیل سے عدم وفاداری تصور کرتے ہوئے مجرم کی سزا مکمل ہونے کے بعد اس کی اسرائیلی شہریت منسوخ کر کے ملک بدر یا فلسطینی اتھارٹی کے زیرِ انتظام علاقے (مغربی کنارے یا غزہ) میں بھیجا جا سکتا ہے۔

ان قوانین کے مطالعے کے بعد بھی اگر کوئی سمجھتا ہے کہ اسرائیل ایک نارمل جمہوری ریاست ہے تو اس کی مرضی۔

[یہ مضمون ایک معاصر اخباری ویب سائٹ پر شائع ہو چکا ہے۔ مستعار مضامین مجلے کی ادارتی پالیسی کے مطابق شائع کیے جاتے ہیں۔(ادارہ)]

☆☆☆☆☆

بسم اللہ الرحمن الرحیم

القاعدہ برِّ صغیر
جماعت قاعدة الجهاد برّ صغير

بیان: AQS_126_00
تاریخ: ۷ جمادی الثانی ۱۴۴۶ھ بمطابق ۹ دسمبر ۲۰۲۴ء

وَيَوْمَئِذٍ يَفْرَحُ الْمُؤْمِنُونَ بِنَصْرِ اللَّهِ!

اور اس دن ایمان والے اللہ کی دی ہوئی فتح سے خوش ہوں گے!

فتحِ شام کی بابت

الحمد لله رب العالمين والصلاة والسلام على سيد الأنبياء والمرسلين وعلى آله وصحبه ومن تبعهم بإحسان إلى يوم الدين، أما بعد

الله أكبر كبيراً والحمد لله كثيراً وسبحان الله بكرةً وأصيلاً! تمام تعریف اس پاک ذات کے لیے ہے جس نے اپنی نصرت سے اپنے مجاہد بندوں کو سرزمینِ شام میں فتح وظفر سے نوازا۔ ایک صدی کے بعد توحید و رسالت والا پرچمِ اسلامی آج پورے ملکِ شام میں لہرا رہا ہے، وَلِلَّهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُولِهِ وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَلَكِنَّ الْمُنَافِقِينَ لَا يَعْلَمُونَ○ (عزت تو اللہ ہی کو حاصل ہے اور اس کے رسولؐ کو، اور ایمان والوں کو، لیکن منافق لوگ نہیں جانتے)۔ پچاس سال سے حاکم، ظالم نصیری نظام، اللہ جل جلالہ کے حکم سے، مجاہدینِ اسلام کی قربانیوں، جہادی ضربوں اور جہاد و رباط فی سبیل اللہ کی بدولت ٹوٹ کر پاش پاش ہو گیا ہے۔ اس فتحِ عظیم کے موقع پر ہم مشرق تا مغرب پوری دنیا میں بستی امتِ مسلمہ کو، سرزمینِ شام کے اہلِ ایمان کو، پوری دنیا کے مجاہدینِ اسلام کو اور شام میں موجود مجاہدینِ اسلام کو دل کی گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتے ہیں۔ اس فتحِ عظیم پر ساری امتِ مسلمہ کی خوشی دیدنی ہے، اللہ پاک اپنے محبوب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کو ایسے فتح و نصرت کے دن مزید دکھائے، اس امت کے لوگوں کے دلوں کو ٹھنڈا کر دے، ان کے دین کو غالب فرمائے اور تمام ادیانِ باطلہ اور باطل نظاموں کو مغلوب و ذلیل فرمائے، آمین یا ربّ العالمین! آج سے ساڑھے تین سال قبل افغانستان میں مجاہدینِ اسلام کی فتح اور اب ارضِ شام میں مجاہدینِ اسلام کی فتح تمام دنیا کے مسلمانوں کے لیے، خصوصاً نفاذِ دین کے لیے کوشاں تحریکاتِ اسلامی کے لیے ایک واضح مثال اور پیغام ہے کہ جہاد ہی ظلم کے خاتمے، حقوق کی بازیابی اور عزت کے حصول کا راستہ ہے۔

اللہ پاک نے مجاہدینِ شام کو جہاد و قتال فی سبیل اللہ کے میدان میں سرخرو فرما کر، ایک اور نہایت اہم ذمہ داری ان کے کاندھوں پر ڈال دی ہے۔ اللہ مجاہدینِ شام کو حکومت و سیادت کی اس ذمہ داری سے بھی بہترین انداز میں عہدہ برآ ہونے کی سعادت و توفیق عطا فرمائیں۔ بے شک مومنوں کی صفت تو یہ ہے کہ جب ان کو زمین میں اقتدار ملتا ہے تو وہ اسلام کے عدل و انصاف کو نافذ کرتے ہیں، محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت کو ملک میں نافذ کرتے ہیں، حدود اللہ کو جاری کرتے ہیں، نمازوں کو قائم کرتے ہیں، زکاۃ کا نظام قائم کرتے ہیں، نیکی کا حکم دیتے ہیں اور برائی کے کاموں سے روکتے ہیں، ایک ایسی اسلامی امارت قائم کرتے ہیں جہاں تمام شہریوں کے حقوق کا تحفظ ہوتا ہے، اور ظلم کی ہر شکل کی روک تھام ہوتی ہے، ایک ایسی حکومت قائم کرتے ہیں جہاں مسلمانوں میں وحدت ہوتی ہے، اور انتشار واختلاف کی ہر کوشش کا سدباب کیا جاتا ہے۔ یقیناً مجاہدینِ شام کی قیادت کو یہ احساس ہے کہ فتح کے بعد یہ نہایت حساس گھڑی ہے۔ مجاہدینِ شام بخوبی آگاہ ہیں کہ یہ وقت اپنی صفوں میں اتحاد و اتفاق کا وقت ہے اور مل کر ہر بیرونی سازش کو ناکام بنانے کا وقت ہے، ہر وہ سازش و منصوبہ جو اہلِ شام یا امتِ مسلمہ کے خلاف عسکری، سیاسی یا فکری محاذ پر کوشاں ہے۔ شام میں موجود مجاہدینِ اسلام کے شانوں پر ایک ایسے اسلامی معاشرے کی حفاظت و تشکیل کی ذمہ داری ہے جس کا ہر بچہ، بوڑھا اور جوان اسلام کا محافظ ہو۔ ان کے ذمے ایک ایسی مجاہد نسل کی تیاری ہے جو امت کا دفاع کرے اور اسلام و امت کے مقدسات کو آزاد کروانے والی ہو۔ اللہ پاک ان مقاصدِ جلیلہ کے حصول میں مجاہدینِ شام کی نصرت فرمائیں اور ان کے حامی و مددگار ہو جائیں، و من اللہ التوفیق!

آخر میں ایک بار پھر ہم تمام امتِ مسلمہ خصوصاً اہلِ شام کو اس فتحِ عظیم پر مبارک باد پیش کرتے ہیں۔

لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ أَعَزَّ جُنْدَهُ وَنَصَرَ عَبْدَهُ وَغَلَبَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهُ فَلَا شَيْئَ بَعْدَهُ!

وآخر دعوانا أن الحمد لله رب العالمين وصلى الله تعالىٰ على نبينا الأمين!

ادارہ السحاب، برِصغیر
As-Sahab Media (The Subcontinent)

فاتح شامی مجاہدین کو چند اہم نصیحتیں

فضیلۃ الشیخ خبیب سوڈانی (ابراہیم القوصی)

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله وحده نصر عبده وأعز جنده وهزم الأحزاب وحده، معِزّ عباده الموحدين المجاهدين ومذل أعدائه الكافرين ارسل رسوله بالهدى ودين الحق ليظهره على الدين كله ولو كره المشركون القائل:

﴿فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ ۠ وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ۚ وَلِيُبْلِيَ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنْهُ بَلَاۗءً حَسَنًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ﴾ (سورة الانفال:۱۷)

والصلاة والسلام على رسول الملحمة وقائد المجاهدين سيدنا محمد و على آله وصحبه أجمعين ثم أما بعد

دریں اثنا کہ ہم فلسطین میں مسلمانوں کی صہیونیوں کے خلاف جنگ کا مشاہدہ کر رہے تھے اور بھاری قربانیوں کے باوجود غزہ، مغربی کنارے اور بیت المقدس کے آسمان پر فتح کا سورج ابھی تک درخشاں تھا کہ اچانک فتح کا ایک دوسرا سورج شام کے آسمان پر طلوع ہو کر ایک اور فتح کی نوید دینے لگا، جس سے اللہ مسلمانوں کے دلوں کو ٹھنڈا کرے گا۔

تو ہم آج اللہ کی مدد و نصرت پر خوش ہیں بے شک جسے چاہتا ہے عزت دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے ذلت دیتا ہے، اُس کے ہاتھ میں خیر و بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

لہٰذا میں اپنی تقریر کے آغاز میں تمام مسلمانوں کو، بالخصوص سرزمینِ رباط شام میں اپنے بھائیوں کو، اس فتح و نصرت کی مبارکباد پیش کرتا ہوں جو اللہ نے اپنے کمزور اور مظلوم مسلمانوں کو مرحمت فرمائی ہے اور یہ فتح کئی سالوں کے ظلم و قہر، جبر، اور درندگی جھیلنے کے بعد حاصل ہوئی ہے جس میں لاکھوں مسلمانوں کو قتل اور ان کے ساتھ وحشیانہ سلوک کیا گیا تھا۔

پس اے اللہ! تیرے لیے ہی تمام تعریفیں ہیں، ہم تیری حمد شمار نہیں کر سکتے، تو ویسا ہے جیسے تو نے خود اپنی تعریف کی ہے۔

ان تیز رفتار حالات کے تناظر میں ہماری چند گذارشات ہیں: جو کہ مختصر ہیں اور ہم آپ کو اس پر غور و فکر کی دعوت دیتے ہیں۔

میں نے چاہا کہ کچھ وصیتوں اور نصیحتوں کی یاد دہانی کے لیے محبوب سرزمین شام کے اپنے مجاہد بھائیوں کے سامنے یہ گزارشات پیش کروں کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مومن مومن کے لیے ایسا ہے جیسے عمارت کہ اس کا ایک حصہ دوسرے حصے کو مضبوط کرتا ہے۔

پس میں اللہ سے مدد چاہتے ہوئے کہوں گا:

پہلی نصیحت

ہم بلادِ شام میں موجود اپنے بھائیوں سے کہنا چاہتے ہیں کہ بشار الاسد اور اس کے اتحادیوں کے ساتھ آپ کی جنگ بقا کی جنگ ہے[۳۳]، یہ جنگ آپ نے ۲۰۱۱ء میں شروع کی تھی اور اس سے پہلے آپ کے بھائیوں نے بشار کے باپ حافظ الاسد کے خلاف یہ جنگ شروع کی تھی، جس کے ہاتھ سے حماہ کی مشہور قتل گاہ سجی تھی، جہاں ۲۷ دنوں میں آپ کے چالیس ہزار سے زائد مسلمان بھائی شہید ہوئے تھے، سو آپ بخوبی جانتے ہیں کہ آپ ایک ایسے فرقہ پرست دشمن سے لڑ رہے ہیں جس کے ظلم اور وحشت کی تاریخِ جدید میں کوئی نظیر نہیں ملتی۔ جس کا نعرہ تھا: (الاسد او نحرق البلد) اسد رہے گا یا ہم ملک کو جلا دیں گے۔

یہ ایک ایسا دشمن تھا، جس کے ظلم و کفر اور درندگی نے بچوں کے بال سفید کر دیے، ایسا خونخوار دشمن جس نے اپنے عوام کا نام و نشان مٹانے کے لیے تشدد کے نت نئے طریقے ایجاد کیے، محض اس وجہ سے کہ عوام دیگر اقوام کی طرح کچھ آزادی کے حصول کا مطالبہ لے کر سڑکوں پر نکل آئے تھے، اس ظالم کے حکم پر مسلح افواج نے بھی کسی ظلم سے دریغ نہ کیا، عوام پر براہ راست گولیاں چلائیں، جنگی جہازوں نے پورے کے پورے علاقے راکھ کے ڈھیر میں بدل دیے، سارین نامی گیس چھوڑ کر پورے کے پورے ہنستے بستے خاندانوں کو مٹی میں ملا دیا گیا اور لاکھوں لوگوں کو زبردستی ادلب کی جانب ہجرت پر مجبور کر دیا گیا۔

اور آج جب کہ آپ نے اللہ کے فضل سے کئی سالوں کے بعد جنگ کا آغاز کیا ہے اور اس کے لیے ضروری تیاری کی ہے، تو جان لیں کہ آپ کی یہ جنگ پچھلی جنگوں جیسی نہیں ہے، یہ ایک فیصلہ کن جنگ ہے۔ لہٰذا جو آپ سے اس کو روکنے کا مطالبہ کرے، ان سے کہو کہ ’جنگ روکنا ناممکن ہے، یا ہم جیتیں گے یا اسد‘۔

اس لیے اس سے پہلے کہ آپ کا دشمن سانس لے سکے، آپ کا سفر جاری رہنا چاہیے یہاں تک کہ اللہ آپ کے درمیان فیصلہ کر دے اور جان لیں کہ جتنی تیز آپ اپنے قدموں کو بڑھائیں گے اور دیہاتوں اور شہروں کو آزاد کرائیں گے، اتنا ہی آپ کے مجاہدین کے حوصلے بلند ہوں

[۳۳] یہ بیان دمشق کی فتح سے قبل نشر ہوا۔ (ادارہ)

گے اور دشمن کا حوصلہ پست ہو گا، اس سلسلے میں قومی، لسانی بنیادوں پر قائم تنظیموں کے ساتھ جنگوں میں مشغول ہونے سے حتی الامکان بچیں۔

آپ کو ان تنظیموں سے اختلافات رکھنے کے باوجود متفق ہیں کہ اسد خاندان جیسے حملہ آور دشمن سے متحد ہو کر لڑنے کی ضرورت ہے۔

اور بہت احتیاط کے ساتھ، پیچھے کی طرف واپس جانے سے بچیں اور سیاسی حل اور علاقائی سودوں جیسی چالوں میں نہ پھنسیں، کیونکہ آپ یہ سب کچھ ماضی میں آزما چکے ہیں، جس کا کوئی خاطر خواہ نتیجہ نہیں نکلا۔

میں بار بار کہتا ہوں، احتیاط کیجئے اور پیچھے نہ ہٹیں، کیونکہ اگر آپ نے ایسا کیا تو اس کے نتائج آپ اور آپ کے اہل وعیال کے لیے انتہائی سنگین ہوں گے۔ اس بار آپ کا انجام ادلب کی جانب سفر سبز قالین پر نہیں ہو گا، کیونکہ نہ ادلب ہو گا اور نہ کوئی اور جگہ، لہٰذا ہوشیار رہیں۔

دوسری نصیحت

ہم آپ کو یاد دلاتے ہیں کہ جب آپ نے اپنے مبارک انقلاب کا آغاز کیا، تو دل اللہ کی محبت اور شوقِ جہاد سے بھرے ہوئے تھے، آپ نے اللہ کے لیے خلوص نیت کے ساتھ عمل کیا اور صفوں کو متحد کیا، اور آپ کی جنگ کا نعرہ تھا: ”یا اللہ، یا اللہ، کون ہے ہمارا سوائے تیرے!“

تو اللہ نے آپ کے لیے زمین اور انسانوں کے دل کھول دیے، اور آپ کی جنگ کا میدان دمشق کے دل میں تھا، اور آپ کے قدموں نے القنیطرۃ تک پہنچ کر یہودیوں کے بالکل قریب پہنچ گئے۔ آپ فتح کے قریب تھے، لیکن جب آپ کی صفوں میں اختلافات اور تنازعات پیدا ہوئے، تو اللہ کی سنت کے مطابق آپ کو شکست اور ناکامی کا سامنا ہوا، یہاں تک کہ آپ ادلب کے ایک تنگ حصے میں محصور ہو گئے اور کفار کی افواج اپنی چالوں اور سازشوں کے ذریعے آپ کے جہاد اور قربانیوں کو ختم کرنے کے لیے آپ پر حملہ آور ہوئیں۔

لہٰذا بیدار رہیں، آپ پر ان کی سازشوں کا دوبارہ حملہ نہ ہو، ہم آپ کو پچھلے سبق سے عبرت حاصل کرنے کی دعوت دیتے ہیں۔ ہم آپ کو اتحاد کی دعوت دیتے ہیں اور فرقہ بندی کو چھوڑ کر اللہ کے دشمنوں کے خلاف متحد ہونے کی ضرورت ہے۔ آپ کے دشمن آپس میں متحد ہو کر آپ کے خلاف محاذ کھول رہے ہیں تو آپ ان سے زیادہ حق رکھتے ہیں کہ آپ متحد ہوں اور جان لیں کہ آپ کی طاقت آپ کے اتحاد میں ہے اور اپنے درمیان اختلافات اور فرقہ بندی کو ترک کرنا آپ کو طاقت دے گا۔ اللہ کے حکم کی پیروی کریں، جیسا کہ اس نے فرمایا:

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا ۠ وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَاۗءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖٓ اِخْوَانًا ۚ (سورۃ آل عمران: ۱۰۳)

”اور اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام رکھو، اور اپنے اوپر اللہ کی نعمت کو یاد کرو، جب تم آپس میں دشمن تھے پس اس نے تمہارے دلوں کو جوڑ دیا اور تم آپس میں بھائی بن گئے۔“

اور اللہ کا یہ فرمان خوب یاد رکھیں:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوْا وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ○ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ رِيْحُكُمْ وَاصْبِرُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ○ (سورۃ الانفال: ۴۵)

”اے ایمان والو! جب تم کسی (کافروں کی) جماعت سے مقابلہ کرو تو ثابت قدم رہو اور اللہ کا ذکر کثرت سے کرو، تا کہ تم کامیاب ہو جاؤ، اور اللہ، اس کے رسول کی اطاعت کرو اور آپس میں اختلاف نہ کرو و گرنہ ناکام ہو جاؤ گے اور تمہاری ہوا اکھڑ جائے گی اور صبر سے کام لو، بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔“

اور یہ فرمان:

وَاِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۙ ثُمَّ لَا يَكُوْنُوْٓا اَمْثَالَكُمْ ○ (سورۃ محمد: ۳۸)

اور اگر تم پیٹھ پھیرو گے تو وہ (اللہ) تمہاری جگہ دوسرے لوگ لے آئے گا جو تمہاری طرح نہیں ہوں گے۔

تیسری نصیحت

یاد رکھیں! اللہ نے قدرتی طور پر آپ کے ملک کو اسرائیلی ریاست کے ارد گرد ایک اہم ریاست بنایا ہے، لہٰذا آپ کے خلاف سازشیں بہت بڑی ہیں، امریکہ اور اس کا پٹھو اسرائیل کسی بھی ایسے نظام کو برداشت نہیں کرتے جو ان کے نظام اور ارادوں کے خلاف ہو، جو ان کا ہمسایہ ہو، تو وہ ایسے نظام کو کبھی نہیں برداشت کریں گے، چاہے وہ نظام اسلام سے منحرف ہو جیسے بشار الاسد کا نظام، اس صورت حال میں امریکہ اور اسرائیل آپ کے ساتھ مفادات کے تصادم میں خاموش تماشائی نہیں رہیں گے، خاص طور پر جب آپ کی شاندار کامیابیاں ایران کے ایک مضبوط بازو کے خلاف ہوں۔

چونکہ آپ کا جہاد اور پرچم اللہ کے لئے بلند ہے، آپ چاہیں یا نہ چاہیں، آپ اسرائیل کی قومی سلامتی کے لئے ایک بڑا خطرہ بن چکے ہیں۔

یاد رکھیں! چند ہفتے پہلے نیتن یاہو نے کہا تھا کہ وہ مشرق وسطیٰ کا نقشہ بدلنے کی تیاری کر رہے ہیں، یعنی ان کے نزدیک اسرائیل کی عظیم ریاست کا قیام شروع ہو چکا ہے اور آپ کا ملک شام ان کی متوقع ریاست کی حدود میں شامل ہے۔

اور آپ اب میدان میں اللہ کے فضل سے کامیابیاں حاصل کر رہے ہیں، آپ شاید یہودیوں اور امریکیوں کے منصوبوں کو مکمل طور پر خاک میں ملا چکے ہیں، اس کے بعد وہ آپ پر دہشت گردی کے خلاف جنگ کے نام پر حملے شروع کر سکتے ہیں۔

اگر ایسا ہو، تو بہترین دفاع حملہ کرنا ہے، لہٰذا اللہ پر توکل کریں اور اسرائیل کے دروازے پر حملہ کریں، اللہ کی قسم! اگر آپ نے ایسا کیا، تو یہ قدم امت کو بیدار کرنے اور آپ کے ساتھ مل کر اسرائیل کے خلاف جنگ میں حصہ لینے کا آغاز ہو گا اور اللہ کے حکم سے آپ کے ساتھ ہر طرف سے اللہ کے شیر دل نوجوان آئیں گے، چاہے وہ پیٹ کے بل چل کر آئیں۔ اس موقع کو ضائع نہ کریں اور اس عظیم عزت کو ہاتھ سے نہ جانے دیں۔

چوتھی نصیحت

جان لیں کہ بشار الاسد کے نظام کے ساتھ آپ کی جنگ میں کامیابی، اختتام نہیں بلکہ ایک طویل جنگ کا آغاز ہے، جو آپ کے ملک پر صہیونی صلیبی تسلط کے خلاف ہے۔ یہاں ایک اہم نکتہ ہے جسے واضح کرنا ضروری ہے تاکہ تنازع کی نوعیت سمجھ میں آئے۔ امریکہ اپنے عالمی نظام کے تحت آپ کی جنگ کو اور آپ کے خلاف کاروائیوں کو دہشت گردی کے خلاف جنگ کے نام پر جائز قرار دے گا اور آپ کو القاعدہ کے ساتھ تعلقات کا الزام دے گا، حالانکہ آپ کو اس سے تعلق توڑے آٹھ سال سے زیادہ کا عرصہ گزر چکا ہے۔

اگر ایسا ہوا تو آپ پر واضح ہو جائے گا کہ جو القاعدہ نے تین دہائیاں پہلے کہا تھا وہ سچ ثابت ہو گا کہ امریکہ اور اس کے اتحادیوں کے ساتھ جنگ ۱۱ ستمبر کے واقعات کی وجہ سے نہیں، بلکہ یہ پرانی صلیبی جنگوں کا تسلسل ہے، جو اسلام کے اصل پیغام اور اس کے پیروکاروں کے خلاف ہے۔ یہ جنگ اسلام اور کفر کے درمیان ہے، چاہے ان کی اصطلاحات اور نام بدل کر پیش کیے جائیں۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

وَلَنۡ تَرۡضٰى عَنۡكَ الۡيَهُوۡدُ وَلَا النَّصٰرٰى حَتّٰى تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمۡ (سورۃ البقرۃ: ۱۲۰)

”اور یہود و نصاریٰ تم سے اس وقت تک ہرگز راضی نہیں ہوں گے جب تک تم ان کے مذہب کی پیروی نہیں کرو گے۔“

وہ آپ سے کبھی راضی نہیں ہوں گے جب تک کہ آپ ان کے مذہب کی پیروی نہ کریں اور ان کے سامنے آپ اپنے دین اور عقیدے سے کوئی سمجھوتہ نہ کریں۔ اللہ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں اور آپ کو اس سے بچائے۔ اللہ کا یہ فرمان یاد رکھیں:

وَلَا يَزَالُوۡنَ يُقَاتِلُوۡنَكُمۡ حَتّٰى يَرُدُّوۡكُمۡ عَنۡ دِيۡنِكُمۡ اِنِ اسۡتَطَاعُوۡا ؕ وَمَنۡ يَّرۡتَدِدۡ مِنۡكُمۡ عَنۡ دِيۡنِهٖ فَيَمُتۡ وَهُوَ كَافِرٌ فَاُولٰٓئِكَ حَبِطَتۡ اَعۡمَالُهُمۡ فِى الدُّنۡيَا وَالۡاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ اَصۡحٰبُ النَّارِ ۚ هُمۡ فِيۡهَا خٰلِدُوۡنَ ○ (سورۃ البقرۃ: ۲۱۷)

”اور وہ (کافر) مسلسل تم سے لڑتے رہیں گے تاکہ تمہیں دین سے پھیر دیں اگر وہ چاہیں، اور جو شخص تم میں سے اپنے دین سے پھرا پھر اسے کفر کی حالت میں موت آئے تو ایسے لوگ ہیں جن کے اعمال دنیا و آخرت میں ضائع ہوئے اور یہ جہنم کے مستحق ہیں، جہاں ہمیشہ رہیں گے۔“

اور اللہ کا یہ فرمان:

اِنَّهُمۡ اِنۡ يَّظۡهَرُوۡا عَلَيۡكُمۡ يَرۡجُمُوۡكُمۡ اَوۡ يُعِيۡدُوۡكُمۡ فِىۡ مِلَّتِهِمۡ وَلَنۡ تُفۡلِحُوۡۤا اِذًا اَبَدًا ○ (سورۃ الکہف: ۲۰)

”اگر وہ (کفار) تم پر غالب آ گئے تو تمہیں سنگسار کریں گے یا وہ اپنے دین کی طرف پھیر دیں گے، اس طرح تم کبھی بھی کامیاب نہ ہوں گے۔“

یہ معرکہ بڑا ہے اور اس کے اثرات اور نتائج سنگین ہوں گے، یہ آپ کو دو راستوں میں سے ایک کو اختیار کرنے پر مجبور کر سکتا ہے، جیسا کہ اللہ نے پچھلی آیت میں ذکر کیا۔ لہٰذا اپنے آپ کو آنے والے حالات کے لئے تیار کریں، اللہ کے لیے خلوص نیت کے ساتھ اپنے توکل کو از سرِ نو تازہ کریں اور ایمان رکھیں کہ کامیابی اللہ کے ہاتھ میں ہے، جو کچھ اللہ چاہے وہ ہو گا اور جو نہ چاہے وہ نہیں ہو گا اور یہ سب اللہ کے حکم سے ہے، اللہ کبھی بھی اپنی طرف رجوع کرنے والے بندے کو بے بس نہیں چھوڑے گا اور دین سب سے اعلیٰ اور قیمتی ہے، جو سب سے زیادہ عزیز ہے اور حکمرانی اللہ کے ہاتھ میں ہے، وہ جسے چاہے عطا کرتا ہے اور جس سے چاہے چھین لیتا ہے۔

پانچویں نصیحت

احتیاط کریں، کہ آپ کے درد، زخم، مصائب، یتیموں اور بیواؤں کے آنسو آپ کو اپنے دین کے حوالے سے سمجھوتہ کرنے پر مجبور نہ کریں۔ ہوشیار رہیں، کہ بموں، راکٹوں، ہوائی جہازوں کی گڑگڑاہٹ، اور ٹینکوں کی آواز آپ کو کمزوری، شکست یا ذلت میں مبتلا نہ کر دے اور آپ امریکہ کی دھونس اور دباؤ کے سامنے سر نہ جھکائیں، اپنے دین کے معاملے پر کسی بھی قیمت، کسی بھی سطح پر کمزوری نہ دکھائیں۔

آپ کے سامنے اس سے بھی زیادہ شدید حالات کی ایک مثال موجود ہے، یاد کریں اپنے طالبان بھائیوں کی اس جنگ کو جو انہوں نے افغانستان میں چالیس سے زیادہ کفری ممالک کے خلاف ۲۰ سال تک لڑی۔ اس جنگ میں لاکھوں لوگ مارے گئے، ہزاروں زخمی ہوئے، خواتین بیوہ ہوئیں، بچے یتیم ہوئے، گھر اور دیہات تباہ ہوئے، کھیتوں کو جلا دیا گیا، لیکن اس سب کے باوجود طالبان نے امریکہ کو جو دنیا کا سب سے بڑا کافر ملک ہے، ایک انچ زمین دینے سے بھی انکار کیا، انہوں نے ۲۰ سال تک میدان جنگ میں صبر و استقامت دکھائی، یہاں تک کہ اللہ نے ان پر

فتح نازل کی اور انہیں عزت دی، امریکہ، جو طاقتور ترین ملک تھا، آخر کار ''سلطنتوں کے قبرستان'' میں دفن ہو گیا۔

یہ وہ وقت تھا جب امریکی صدر بش نے طالبان کو دھمکی دی کہ وہ ان کو تباہ کرنے آرہے ہیں، تو طالبان کے امیر ملا عمر رحمۃ اللہ علیہ نے اس دھمکی کا جواب دیتے ہوئے کہا:

''ہم سے اللہ نے فتح کا وعدہ کیا ہے اور امریکہ نے ہمیں شکست کا وعدہ کیا ہے اور ہم دیکھیں گے کہ کس کا وعدہ سچا ہے۔''

یہ الفاظ آپ کے لیے ثابت قدمی، صبر اور استقامت کا موجب بنیں، تاکہ آپ بھی اپنے دشمن کے خلاف صبر کے ساتھ کھڑے رہیں جب تک اللہ آپ کے درمیان فیصلہ نہ کر دے اور آپ کے سامنے ایک اور عظیم مثال ہے، وہ آپ کے بھائی ہیں جو غزہ میں، جہاں قتل و جرح، تباہی، بھوک اور محاصرہ ہے، لیکن پھر بھی وہ آج تک میدان میں ثابت قدم ہیں، ہتھیار جسموں پر سجائے ہوئے ہیں اور اب تک ان کا ایمان متزلزل نہیں ہوا، نہ ہی ان لوگوں کی وجہ سے انہیں کوئی تکلیف ہوئی جو انہیں چھوڑ چکے ہیں اور نہ اپنے مخالفین سے کوئی ضرر پہنچا۔

یہ سب مثالیں آپ کو یاد دلاتی ہیں کہ اگر آپ اپنے مقصد پر ثابت قدم رہیں اور اللہ پر بھروسہ رکھیں تو آپ کو یقینی طور پر کامیابی حاصل ہوگی۔

چھٹی نصیحت

یاد رکھیں کہ اگر آپ کو اللہ کی مدد سے اپنے ملک پر قبضہ حاصل ہوتا ہے، تو فلسطین کے عوام کی مدد کرنا آپ پر فرض بن جاتا ہے، کیونکہ آپ پر پڑوسی ہونے کی وجہ سے یہ فرض ہے، اس لیے آپ کو اللہ کے ان انعامات کی اہمیت کو سمجھنا چاہیے، کیونکہ فلسطین کی آزادی اور مسجد اقصیٰ کی بازیابی کا عمل آپ پر فرض ہے۔

لہٰذا، اپنے موجودہ معرکے کو بشار اسد کے نظام اور اس کے اتحادیوں کے خلاف لڑتے ہوئے، اپنے دل و دماغ کو فلسطین کی آزادی کے لیے وقف کریں اور اپنے بھائیوں کی مدد کریں جو وہاں ظلم و ستم کا شکار ہیں۔ اس معرکے کا مقصد صرف سائیکس پیکو کے حدود تک محدود نہ رکھیں، کیونکہ فلسطین کے عوام آپ کی مدد کے منتظر ہیں۔ آپ آج مسلمانوں کے ہر اول دستے کی حیثیت اختیار کر چکے ہیں جو مقدسات کی آزادی کے لیے اور عالم اسلام میں موجود تمام یہودی، امریکی، برطانوی اور روسی فوجوں کے خلاف جنگ لڑ رہے ہیں۔

صحیح حدیث ہے، جسے امام ابو داؤد نے حسن سند کے ساتھ روایت کیا، جسے امام البانی نے جامع صحیح میں ذکر کیا:

''جب کسی مسلمان کی عزت پامال کی جا رہی ہو اور اس کا حق چھینا جا رہا ہو اور دوسرا مسلمان اس کی مدد نہ کرے تو اللہ بھی اس کی مدد نہیں کرتا جب وہ اس (اللہ) سے مدد کا مستحق ہو اور جو شخص کسی مسلمان کی مدد کرتا ہے جب اس کی عزت پامال کی جا رہی ہو اور اس کا حق چھینا جا رہا ہو، تو اللہ اس کی مدد کرتا ہے، جب اسے مدد و نصرت کی ضرورت ہو۔''

لہٰذا یاد رکھیں کہ آپ کا جہاد، جو آپ اپنے ملک میں کر رہے ہیں، فلسطین کی آزادی کی راہ ہموار کرے گا اور آپ کا کردار اسلامی دنیا کے لیے بہت اہم ثابت ہوگا۔

ساتویں نصیحت

میں آپ سے گذارش کرتا ہوں کہ آپ طویل مدت تک جاری رہنے والی جنگ کے لیے اپنی زیادہ سے زیادہ طاقت اور سازوسامان تیار کریں، جو سالوں تک آپ کے کام آسکے۔ اس کے لیے آپ کو ہمارے بھائیوں کی جنگ سے سبق حاصل کرنا چاہیے جو غزہ کے علاقے میں کتائب القسام کے ساتھ مل کر لڑ رہے ہیں۔ انہوں نے اپنے محدود وسائل، امداد کی کمی اور حوصلہ افزائی نہ ہونے اور محاصرے، بائیکاٹ، بھوک، تعاقب اور بمباری کے باوجود ایک تنگ علاقے میں جو آپ کے ملک کے ۵۰۷ حصوں میں سے ایک حصے سے بھی کم ہے، ناممکن کو ممکن بنایا۔ لہٰذا آپ کو سرنگیں اور خندقیں کھودنی چاہئیں اور جنگی ساز و سامان کی ایک بڑی مقدار انتہائی خفیہ مقامات پر ذخیرہ کرنی چاہیے، خاص طور پر وہ اسلحہ جو گوریلا جنگ کے لیے موزوں ہو جیسے بارودی سرنگیں، ڈرون طیارے، سنائپر رائفلز، سائلنسر، ایئر ڈیفنس سسٹمز اور دستی اور گائیڈڈ میزائل۔

آٹھویں نصیحت

جاسوسوں کے حوالے سے انتہائی احتیاط سے کام لیں جو آپ کی صفوں میں گھس کر آپ کے عزم کو کمزور کرتے ہیں، مایوسی اور افواہوں کے ذریعے آپ کی ہمت توڑتے ہیں، ان کی باتوں پر توجہ نہ دیں اور اگر آپ اپنے رب سے ان کے خلاف مدد مانگیں گے، تو آپ ان کو ان کے بولنے کے انداز سے پہچان لیں گے اور ان جیسے افراد زبان کی لغزشوں اور چہروں کے نقوش سے ظاہر ہو جائیں گے۔

اس کے باوجود لوگوں کو شک کی بنیاد پر نہ پکڑیں اور تابعی یحییٰ بن یحییٰ غسانی کا قول یاد رکھیں جب انہوں نے موصل کا گورنر بننے پر کہا:

''جب عمر بن عبد العزیز نے مجھے موصل کا گورنر بنایا تو میں نے دیکھا کہ اس علاقے میں چوریاں بہت زیادہ ہیں اور لوگ دھوکہ دہی کرتے ہیں، تو میں نے عمر بن عبد العزیز کو خط لکھا، جس میں اس صوبے کی حالت بتائی اور پوچھا: کیا لوگوں کو شک کی بنیاد پر پکڑوں اور فقط الزام کی بنا پر سزا دوں یا انہیں دلیل اور گواہی کے بعد سزا دوں، جیسا کہ قرآن و سنت سے ثابت

ہے؟ تو انہوں نے مجھے جواب دیا کہ: 'لوگوں کو دلیل کے ساتھ پکڑو اور جو سنت ہو اس کے مطابق عمل کرو اور اگر حق انہیں درست نہ کرے، تو اللہ انہیں کبھی درست نہ کرے'۔ یحیٰ کہتے ہیں: میں نے ایسا ہی کیا اور اپنی مدت پوری کرنے کے بعد موصل سے نکلتے وقت وہ پورے عالم اسلام میں سب سے زیادہ اصلاح شدہ تھا اور وہاں بہت کم چوریوں کی شکایات آتی تھیں۔"

اور میں آپ کی توجہ جدید ٹیکنالوجیز کی جانب بھی دلاتا ہوں جو آج کل جاسوسی اور مقامات کی نشاندہی کے لیے وسیع پیمانے پر استعمال کی جاتی ہیں، خاص طور پر موبائل فونز اور میدان میں رابطے کے آلات، آپ کو لبنان میں حزب اللہ کے ساتھ جو کچھ ہوا، اس سے عبرت اور سبق حاصل کرنا چاہیے۔

نویں نصیحت

میں اپنی بات کو یہاں ختم کرتا ہوں اور اپنی اور آپ کی رہنمائی کے لیے یہ نصیحت پیش کرتا ہوں: اللہ سے ڈریں ثابت قدم رہنے میں، اصولوں پر ڈٹے رہنے میں۔

اللہ سے ڈریں! اللہ کی مضبوط رسی سے وابستہ ہونے میں، اللہ سے ڈریں! ہر اس چیز میں جو جماعت اور یکجہتی کی طرف بلاتی ہے اور ہر اس چیز سے دور رہیں جو اختلاف اور فرقہ بندی کی طرف لے جاتی ہے۔

اللہ سے ڈریں! عدل کے قیام میں اور ظلم سے بچنے میں، اللہ سے ڈریں! کمزوروں، یتیموں اور فقراء و مساکین کے ساتھ رحم اور حسن سلوک میں، اللہ اللہ! لاکھوں شہداء اور زخمیوں کے خون سے وفا میں۔

اللہ اللہ! لاکھوں بیواؤں اور یتیموں کی حمایت میں!

اللہ اللہ! اپنے فلسطینی بھائیوں کی مدد کے حوالے سے!

آپ نے ثابت قدمی سے نام نہاد امن کے علم برداروں اور عالمی حیلہ سازوں اور یہودی ریاست کے ساتھ تعلقات استوار کرنے والوں کی سازشوں کو ناکام بنایا ہے، وہی لوگ جو اپنی آزادی و خود مختاری کفریہ و مرتد ریاستوں کے ہاتھوں بیچ چکے ہیں، لہٰذا اپنے معاملات کسی ایسے شخص کے سپرد نہ کریں جس کا دین اللہ کے لیے خالص نہ ہو اور جو میدان جنگ اور قربانیوں میں تجربہ نہ رکھتا ہو۔

اور اللہ پر کامل توکل سے کام لیں اور فتح کی خوشی میں حق سے بڑھنے کی کوشش نہ کریں، جیسے آپ اپنے دشمنوں کے خلاف اپنے کندھوں پر اسلحہ اٹھا کر لڑتے ہیں، ویسے ہی اپنے دلوں میں اس مظلوم قوم کے لیے رحم لے کر ان کے لیے ایک بہتر زندگی کی طرف راہنمائی کریں، تاکہ ان کا دین اور دنیا درست ہو۔

اور شریعت کے قوانین کو قائم کریں، جیسے اللہ اور اس کے رسول پسند کرتے ہیں، تاکہ مسلمانوں میں جہاد کا جذبہ پیدا ہو اور دین صرف اللہ کے لیے ہو جائے۔

اے اللہ! اسلام اور مسلمانوں کو عزت دے، ہمارے مجاہد بھائیوں کو فلسطین، غزہ اور شام میں مدد دے۔ اے اللہ! انہیں صومالیہ، افریقہ، مغرب (مراکش) اور جزیرہ نما عرب میں بھی کامیاب کر اور ہمارے مسلمان بھائیوں کو سوڈان اور ہر جگہ محفوظ رکھ، اے اللہ! جو ہمارے اور مسلمانوں کے لیے برا ارادہ کرے، اسے اپنے آپ میں مشغول کر دے اور اس کے منصوبوں کو تباہی میں بدل دے۔

یا اللہ ہم ان کی برائیوں کو تیری خدمت میں رکھتے ہیں اور تیری پناہ مانگتے ہیں۔

وآخر دعوانا الحمد للہ رب العالمین

☆☆☆☆☆

بقیہ: رمضان المبارک میں مجاہدین کے کرنے کے کام

نصاب برائے حفظ:

قرآن مجید کی بعض سورتیں جو بھول چکی ہوں از سرِ نو یاد کرنے کی کوشش کریں۔

آخر میں یہ عرض ہے کہ اللہ تعالیٰ کا بے پایاں فضل و کرم ہے کہ اس نے ہمیں ایک بار پھر رمضان کی برکات سے مستفید ہونے کا موقع عنایت فرما دیا، چنانچہ اس کے ایک ایک لمحے کو غنیمت جان کر عبادت الٰہی میں وقف ہو جائیں۔

افطاری کے وقت بہت زیادہ کھانے سے پرہیز کریں۔ نفس تو یہ چاہے گا کہ پورا دن بھوکا پیاسا رہنے کے بدلے چٹخارے دار کھانے ملیں۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ آپ اپنے نفس کی باگیں ڈھیلی چھوڑ دیتے ہیں یا قابو کر لیتے ہیں۔ افطار کے وقت انواع واقسام کی نعمتوں سے لطف اندوز ہوتے وقت گوانتاناموکے پنجروں میں قید اپنے بھائیوں کو ضرور یاد رکھیے گا اور اگر ان کی یاد سے آپ کی آنکھیں بھر آئیں تو امید رکھیں کہ ان شاء اللہ ہمارے لیے راہِ جہاد میں چلنا آسان ہو جائے گا۔

☆☆☆☆☆

بشار الاسد کے ظالمانہ نظام کے زوال پر چند گزارشات

شیخ سامی العریدی

﴿عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يَّرْحَمَكُمْ ۚ وَاِنْ عُدْتُّمْ عُدْنَا ۘ وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ حَصِيْرًا۝﴾

الحمد لله معزّ الإسلام بنصره، ومذل الشرك بقهره، ومصرّف الأمور بأمره، ومديم النعم بشكره ومستدرج الكفار بمكره،

الذي قدر الأيام دولا بعدله، وجعل العاقبة للمتقين بفضله والصلاة والسلام على من أعلى الله منار الإسلام بسيفه.

اما بعد:

یہ اللہ کی عظیم نعمت ہے جو اس نے بالعموم اہلِ اسلام پر اور بالخصوص اہلِ شام کو مرحمت فرمائی ہے کہ اللہ نے انہیں بشار الاسد جیسے طاغوت کے زوال سے نوازا۔ اللہ کا شکر اور فضل ہے، اور ہم اللہ سے دعا گو ہیں کہ وہ اس فتح اور کامیابی کو اہلِ اسلام کے لیے عزت، کامرانی اور قوت کا سبب بنائے۔

اس عظیم واقعہ کے بعد بہت سے اختلافات اور بحث ومباحثے کا سلسلہ شروع ہو گیا، اس کامیابی کی وجوہات واسباب پر بحث کی جانے لگی، اور سوالات اٹھائے گئے کہ کیا کوئی عالمی سازش اور خارجی ہاتھ اس میں شامل تھے جو بشاری نظام کے زوال کا سبب بنے؟ اس طرح کے بہت سی باتیں کی جانے لگیں۔

لہٰذا اس فتح سے متعلق چند گزارشات پیش کرنے جا رہا ہوں، جو درج ذیل نکات پر مشتمل ہوں گی۔

اول:

یہ بات ہر مسلمان کے عقیدے میں شامل ہے کہ ہر چیز اللہ کی تقدیر اور مشیئت سے ہوتی ہے، اور کائنات میں صرف وہی کچھ ہوتا ہے جو اللہ چاہتا ہے۔ اللہ کے ہاتھ میں ہر چیز کا اختیار ہے، وہ جسے چاہے عزت دیتا ہے اور جسے چاہے ذلت دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَاۗءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَاۗءُ ۡ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاۗءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاۗءُ ۭ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ۭ اِنَّكَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۡ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ۡ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَاۗءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ (سورۃ آل عمران:۲۶،۲۷)

”کہو کہ: اے اللہ! اے اقتدار کے مالک! تو جس کو چاہتا ہے اقتدار بخشتا ہے، اور جس سے چاہتا ہے اقتدار چھین لیتا ہے، اور جس کو چاہتا ہے عزت بخشتا ہے اور جس کو چاہتا ہے رسوا کر دیتا ہے، تمام تر بھلائی تیرے ہی ہاتھ میں ہے۔ یقیناً تو ہر چیز پر قادر ہے۔ تو ہی رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے۔ اور تو ہی بے جان چیز میں سے جاندار کو برآمد کر لیتا ہے اور جاندار میں سے بے جان چیز نکال لاتا ہے، اور جس کو چاہتا ہے بے حساب رزق عطا فرماتا ہے۔“

وہ ذات پاک تو ﴿كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَاْنٍ﴾ ہر روز نئی شان میں ہے، جیسا کہ تفسیرِ بغوی میں ہے: مفسرین نے فرمایا:

”اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ جسے چاہے زندہ کرتا ہے، جسے چاہے مارتا ہے، جسے چاہے رزق دیتا ہے، جسے چاہے عزت دیتا ہے، جسے چاہے ذلیل کرتا ہے، جسے چاہے بیماری سے شفا دیتا ہے، جسے چاہے قید سے آزاد کرتا ہے، جسے چاہے غم سے نجات دیتا ہے، جس کی چاہے دعا قبول کرتا ہے، جسے چاہے عطا کرتا ہے، جسے چاہے گناہوں کی معافی دیتا ہے اور اس کی بے شمار تخلیقی افعال اور واقعات میں سے، وہ جو چاہے کرتا ہے۔“

لہٰذا جو کچھ بھی ہوا، وہ اللہ کی مشیئت اور تقدیر کے مطابق تھا، یہ ایک نعمت بھی ہے اور اللہ کی طرف سے اپنے بندوں کے لیے ایک آزمائش اور امتحان بھی۔ ہم اس واقعہ کے اسباب کو سمجھتے ہوئے، اللہ کے فضل اور تقدیر پر شکر گزار ہیں۔

دوم:

یقیناً ان بڑی وجوہات میں سے جو بشار جیسے جابر حکمران کے زوال کا سبب بنی ہیں، وہ اللہ تعالیٰ کا خصوصی انعام و احسان ہے جو اس نے اہلِ شام پر فرمائے اور ان کے درمیان ایمان و صبر سے لبریز ایک جماعت کا اٹھانا ہے، جو دہائیوں سے اس ظالم نظام کے خلاف کھڑی تھی۔ انہوں نے اس کے خلاف اپنی زبان، مال اور جانوں کے ذریعے جہاد کیا۔ یہ عظیم واقعہ صرف چند دنوں یا مہینوں یا پچھلے چند سالوں کا نتیجہ نہیں ہے، بلکہ یہ حق اور باطل کے درمیان ایک طویل جنگ کا نتیجہ ہے جو کئی دہائیوں سے جاری ہے۔

یہ بہت بڑا ظلم ہو گا کہ ہم ان عظیم لوگوں کی محنت کو بھول جائیں جنھوں نے اس جابر نظام کا مقابلہ کرنے کے لیے اپنے تمام وسائل اور صلاحیتوں کو پیش کیا۔ اللہ تعالیٰ ان کی کوششوں میں برکت ڈالے اور ان کے جہاد کو محفوظ رکھے اور ان کی قربانیوں کو قبول فرمائے، تاکہ اہلِ شام

کے درمیان ایسے افراد موجود رہیں جو ان کا سفر مکمل کریں اور اس جابر نظام کو ان دنوں میں اللہ کی مدد اور رحمت سے گرادیں۔ اللہ کی سنت کے مطابق عظیم واقعات کے لیے پہلے سے کچھ ایسی تدابیر اور تیاری ضروری ہوتی ہے، کیونکہ عظیم واقعات اچانک نہیں ہوتے، فتح مکہ بھی کئی آزمائشوں، تربیت، دعوت، ہجرت اور غزوات کے بعد نصیب ہوئی تھی۔

اسی طرح، ہمیشہ سے عظیم واقعات کے لیے بہت محنت، قربانیاں اور مسلسل کام کی ضرورت ہوتی ہے، جنہیں بعض لوگ شاید چھوٹا سمجھیں یا یہ سمجھیں کہ ان کا کوئی اثر نہیں ہوتا، لیکن یہ چھوٹی محنتیں اور جدوجہد ہی ایک بڑی کامیابی اور فتح کی بنیاد بنتے ہیں۔

سوم:

اللہ کی مشیئت کے مطابق حق اور باطل کے درمیان جنگ کا سلسلہ جاری رہنا ہے۔ اللہ کی سنت یہی ہے کہ اہلِ باطل اہلِ حق کے خلاف اپنی دشمنی، مکر اور سازشوں کو جاری رکھتے ہیں، جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَلَا يَزَالُوْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ حَتّٰى يَرُدُّوْكُمْ عَنْ دِيْنِكُمْ اِنِ اسْتَطَاعُوْا (سورۃ البقرۃ: ۲۱۷)

"اور یہ (کافر) تم لوگوں سے برابر جنگ کرتے رہیں گے، یہاں تک کہ اگر ان کا بس چلے تو یہ تم کو تمہارا دین چھوڑنے پر آمادہ کر دیں۔"

اور فرمایا:

وَاِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ اَوْ يَقْتُلُوْكَ اَوْ يُخْرِجُوْكَ ۭ وَيَمْكُرُوْنَ وَيَمْكُرُ اللّٰهُ ۭ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ○ (سورۃ الأنفال: ۳۰)

"اور (اے پیغمبر) وہ وقت یاد کرو جب کافر لوگ تمہارے خلاف منصوبے بنا رہے تھے کہ تمہیں گرفتار کرلیں، یا تمہیں قتل کردیں، یا تمہیں (وطن سے) نکال دیں، وہ اپنے منصوبے بنا رہے تھے اور اللہ اپنا منصوبہ بنا رہا تھا اور اللہ سب سے بہتر منصوبہ بنانے والا ہے۔"

اور فرمایا:

وَقَدْ مَكَرُوْا مَكْرَهُمْ وَعِنْدَ اللّٰهِ مَكْرُهُمْ ۭ وَاِنْ كَانَ مَكْرُهُمْ لِتَزُوْلَ مِنْهُ الْجِبَالُ ○ (سورۃ ابراھیم: ۴۶)

"اور وہ لوگ اپنی ساری چالیں چل چکے تھے، اور ان کی ساری چالوں کا توڑ اللہ کے پاس تھا، چاہے ان کی چالیں ایسی کیوں نہ ہوں جن سے پہاڑ بھی اپنی جگہ سے ہل جائیں۔"

اور فرمایا:

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ○ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ○ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ○

(سورۃ الطارق: ۱۵-۱۷)

"بیشک یہ (کافر لوگ) چالیں چل رہے ہیں۔ اور میں بھی اپنی چال چل رہا ہوں۔ لہٰذا تم ان کافروں کو ڈھیل دو، انھیں تھوڑے دنوں اپنے حال پر چھوڑ دو۔"

اس وقت اس مجرم نظام کے زوال کا جو واقعہ پیش آیا ہے، وہ اسی ربّانی سنت کے تحت ہے۔ شام میں اہلِ حق اور اہلِ باطل کے درمیان ہونے والے اس عظیم معرکے میں جو سازشیں کی گئیں، وہ کسی سے پوشیدہ نہیں۔ پہلے اہلِ باطل نے اس جابر نظام کو اہلِ اسلام کے خلاف لڑنے کے لیے مدد فراہم کی اور مختلف انداز میں اپنے کردار کو تبدیل کیا۔ تاہم، جب انہیں یہ محسوس ہوا کہ اس مرحلے میں اس نظام کا خاتمہ ان کے مفادات کے لیے بہتر ہے، تو انہوں نے اس نظام کی حمایت سے دستبردار ہو کر اسے گرادینے کی سازش شروع کی، تاکہ اپنے مفادات اور منصوبوں کو آگے بڑھا سکیں۔ ان لوگوں کی جانب سے اس تبدیلی پر ساری دنیا شاہد ہے۔

ان مجرموں کے اس اقدام کے پیچھے سب سے بڑی وجہ اہلِ شام کا صبر، استقامت اور جہاد ہے جو اللہ نے اہلِ سنت کو عطا کیا، اور اسی طرح ان اسباب کے جمع ہونے سے اللہ کی سنت پوری ہوئی، جس کے مطابق دنیا میں حق و باطل کے درمیان تصادم کا سلسلہ جاری رہتا ہے، جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّفَسَدَتِ الْاَرْضُ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ ذُوْ فَضْلٍ عَلَي الْعٰلَمِيْنَ ○ (سورۃ البقرۃ: ۲۵۱)

"اگر اللہ لوگوں کا ایک دوسرے کے ذریعے دفاع نہ کرے تو زمین میں فساد پھیل جائے، لیکن اللہ تمام جہانوں پر بڑا فضل فرمانے والا ہے۔"

اور فرمایا:

وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَّصَلَوٰتٌ وَّمَسٰجِدُ يُذْكَرُ فِيْهَا اسْمُ اللّٰهِ كَثِيْرًا ۭ وَلَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ○ (سورۃ الحج: ۴۰)

"اور اگر اللہ لوگوں کے ایک گروہ (کے شر) کو دوسرے کے ذریعے دفع نہ کرتا رہتا تو خانقاہیں اور کلیسا اور عبادت گاہیں اور مسجدیں جن میں اللہ کا کثرت سے ذکر کیا جاتا ہے، سب مسمار کردی جاتیں۔ اور اللہ ضرور ان لوگوں کی مدد کرے گا جو اس (کے دین) کی مدد کریں گے۔ بلاشبہ اللہ بڑی قوت والا، بڑے اقتدار والا ہے۔"

(بقیہ صفحہ نمبر ۱۲ پر)

عمرِ ثالث

امارت اسلامیہ افغانستان کے مؤسس عالی قدر امیر المومنین ملا محمد عمر مجاہد رحمۃ اللہ علیہ کی مستند تاریخ

مصنف: قاری عبدالستار سعید
مترجم: جلال الدین حسن یوسف زئی

ایک بامعنی خواب

اقتدار کی خاطر تنظیموں کے مابین اختلافات افغانستان کے دیگر صوبوں کی طرح جنوبی صوبوں میں بھی بد نظمی اور خانہ جنگی کی وجہ بن گئے۔ قندھار میں ملانقیب، استاذ عبدالحلیم، سرکاتب اور دوسرے گروپوں کے مابین لڑائیوں کا سلسلہ شروع ہوا جبکہ دوسری طرف ہلمند میں سابق مجاہدین کے درمیان پہلے سے جاری باہمی جنگوں نے مزید زور پکڑ لیا۔ رئیس عبدالواحد، محمد رسول اخندزادہ، مولوی عطاء محمد اور دیگر فریقوں کے درمیان باہمی جنگیں اس قدر تیز ہوئیں کہ روز کے حساب سے دسیوں افراد قتل اور بھاری اسلحہ کے استعمال کی وجہ سے گاؤں اور گھر تباہ ہو رہے تھے۔

ہلمند کی جنگوں میں حصہ لینے والا ایک کمانڈر، جس پر اس کے مخالفین کی طرف سے زمین تنگ کر دی گئی تھی اور وہ بھاگنے پر مجبور ہو گیا تھا، چاہ رہا تھا کہ سنگِ حصار کے علاقے میں اسے کیمپ بنانے کے لیے جگہ دی جائے لیکن وہاں کے مقامی مجاہدین نے اس کی اجازت نہیں دی۔

اس دوران ملا محمد عمر مجاہد رحمۃ اللہ علیہ کے مدرسہ کے ایک طالب علم نے خواب دیکھا اور صبح اپنے ساتھیوں کو بتایا کہ میں نے رات میں خواب دیکھا کہ ہمارے مدرسہ کے ساتھ منسلک اسلحہ ڈپو کی چھت منہدم ہو گئی ہے اور ڈپو میں پڑے اسلحے پر سورج کی روشنی پڑ رہی ہے۔

بعض طلباء خواب سننے کی وجہ سے پریشان ہو گئے، لیکن اس طالب علم نے یہ خواب علاقے کے ایک نیک اور دیانت دار مشہور بزرگ عالم مولوی موسیٰ جان کو بیان کیا، بزرگ نے اس خواب کی مختلف تعبیر کی کہ اسلحے پر سورج کی روشنی پڑنے کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس اسلحے کی بدولت ملک بھر میں روشنی پھیلائے گا، چونکہ اسلام روشنی کی مانند ہے تو اللہ تعالیٰ اس اسلحے کے ذریعے ملک میں اسلام کو حاکم بنائے گا۔ اس خواب کے معبر مولوی موسیٰ جان کچھ عرصہ بعد وفات پا گئے لیکن انہوں نے جس خواب کی تعبیر کی تھی وہ چند سال بعد پورا ہو گیا اور اسی اسلحے کے ذریعے فساد کے مقابل انقلاب برپا ہوا۔

طوائف الملوکی اور بد نظمی

افغانستان پر قابض اشتراکیت پسند نظام کی شکست کے بعد مجاہدین اس قابل نہ ہو سکے کہ ملک میں ایک متحد اور معیاری اسلامی نظام کا نفاذ کر دیتے۔ بلکہ مجاہدین کا لبادہ اوڑھے بعض اقتدار کے حریص لوگوں نے پہلے ہی سے اشتراکیت پسندوں کے ساتھ خفیہ معاملات شروع کر دیے تھے۔ کام اس وقت خراب ہوا جب خفیہ گٹھ جوڑ کے ذریعے برسرِ اقتدار پارٹی (پرچم) نے دار الحکومت کابل کے اختیارات صرف جمعیت اسلامی کے حوالے کر دیے۔ دیگر اشتراکیت پسندوں نے اپنی دفاع اور نیا لبادہ اوڑھنے کے لیے ملک کے شمال میں جنرل دوستم کی سربراہی میں جنبش نامی تنظیم بنائی جس نے سابقہ حکومت کے زیادہ تر فوجی وسائل کو بھی اپنے قبضے میں کر لیا۔

اقتدار اور قوت حاصل کرنے کی اس دوڑ میں موقع پرست اور اقتدار کے بھوکے گروپ اور تنظیمیں ملک کے مختلف علاقوں پر قابض ہو گئے اور وہاں اپنی ذاتی حکومتیں قائم کر دیں۔ ایسے میں ملک پر مکمل طور پر طوائف الملوکی کا راج ہو گیا۔ کابل میں مسعود، دوستم، مزاری، حکمت یار، سیاف، محسنی اور دیگر گروپوں کی حکومتیں بن گئیں۔ ملکی سطح پر لغمان، لوگر اور میدان وردگ پر حکمت یار کی 'حزب اسلامی' نے قبضہ کر لیا، کابل کے سفارتی علاقے سمیت، کاپیسا، تخار اور بدخشاں پر ربانی کی 'جمعیت' قابض ہو گئی، مزار، شبرغان، سرپل اور فاریاب دوستم کے قبضے میں چلے گئے، بادغیس، ہرات اور فراہ میں اسماعیل خان نے اپنی حکومت قائم کی، بامیان اور اس کے قریب تمام ہزارہ علاقے مزاری کی حزب وحدت نے پکڑ لیے، ننگرہار حاجی قدیر کی سربراہی میں مشرقی شوریٰ نے اپنے ہاتھ میں لے لیا جبکہ بغلان کے مرکز پر سید منصور نادری قابض ہو گیا۔ باقی صوبوں میں مختلف تنظیموں اور خود سر کمانڈروں نے چھوٹے چھوٹے راجواڑے بنا لیے۔

طاقت اور حصولِ اقتدار کے حریصوں نے ایک دوسرے کے خلاف سیاسی، تنظیمی، نسلی اور لسانی تعصبات کو بھڑکا کر ان کی بنیاد پر خونریز لڑائیاں شروع کر دیں۔ اور اسی طرح قومی وسائل کو منظم طریقے سے لوٹنے، بیچنے اور تباہ کرنے کا آغاز کر دیا گیا۔ ۱۹۹۲ء تا ۱۹۹۵ء تک کا زمانہ افغانستان کی تاریخ میں بد نظمی، ظلم، قتل و غارت اور سربیّت کا دور سمجھا جاتا ہے۔ جس کی نہ اس سے قبل کوئی مثال ملتی ہے اور نہ ہی آئندہ مثال ملے گی۔ جیسا کہ کہا جاتا ہے کہ ظالم حاکم کے چند سالہ دورِ حکومت میں اتنے مظالم نہیں ہوتے اور نہ ہی اتنے حقوق تلف کیے جاتے ہیں جتنا کہ بد نظمی کی حالت میں ایک دن میں مظالم ڈھا دیے جاتے ہیں اور یہ بات انہی سالوں میں صحیح ثابت ہوئی۔ مختصراً یہ کہ ان تین سالوں کے عرصے میں افغانستان میں دو صدیوں سے زیادہ عرصے پر محیط نظام کی تمام ہست و بود اور وہ قیمتی سرمایہ اور ترقی جو عسکری، اقتصادی، تعلیمی، فنی اور سماجی شعبوں میں حاصل کی گئی تھی گنوا دی گئی۔

ان خود سر اسلحہ برداروں نے ملک کے کارخانے، سرکاری محکمے، رفاہی ادارے اور قومی اثاثے لوٹ لیے اور اونے پونے داموں پڑوسی ممالک کو بیچ دیے۔ افغانستان کے عسکری وسائل

خصوصاً ٹینک، جہاز، بھاری اسلحہ، ٹیکنیکل ورکشاپوں وغیرہ کو ناکارہ بنا کر انہیں لوہے کی قیمت پر بیچ دیا گیا۔ تعلیمی مراکز، فلاحی اور سماجی خدمات کے ادارے نہ صرف بند کر دیے گئے بلکہ ان کی عمارتوں کو بھی بھاری نقصان پہنچایا گیا۔ ملک کی معیشت کو بھی شدید دھچکا لگا۔ پہلے ایک امریکی ڈالر کی قیمت چار سو افغانی تھی، جنگوں کی وجہ سے ملکی کرنسی کی قیمت اتنی گر گئی کہ ایک ڈالر کی قیمت پچیس ہزار افغانی تک پہنچ گئی۔ تاریخی آثار کی غیر قانونی تجارت، جنگلات کی کٹائی، معدنیات لوٹنا ہر کسی کے دسترس میں آ گیا تھا۔

کابل شہر ۸۰ فیصد مسمار اور شہر کی منقولہ املاک لوٹ لی گئیں تھیں۔ مالی نقصانات کے ساتھ ساتھ جو معنوی نقصانات ان جنگجوؤں نے ملک کو دیے وہ بے شمار ہیں۔ کابل کے مختلف کتب خانوں سے کثیر تعداد میں کتابیں غائب ہوئیں۔ میوزیم، معلومات کے وسیع ذخائر، آرٹ گیلریاں اور نمائش گاہیں جو سالوں کی محنت کا نتیجہ تھیں اور نایاب آثار سے بھری پڑی تھیں، لوٹ لی گئیں اور ان کی بیش بہا قیمتی اشیاء کو پڑوسی ممالک میں نیلام کر دیا گیا۔

ان قومی المیوں کے علاوہ معاشرتی اور امن وسلامتی کی اعتبار سے افغانستان کے لوگوں پر ایسی کالی گھٹا چھا گئی جس کا کما حقہ بیان کرنا شاید لکھاری کے لیے ممکن نہ ہو۔ شہر شہر، قریہ قریہ اور گاؤں گاؤں اسلحہ بردار گھومنے لگے اور وہاں چیک پوسٹیں بنا دی گئیں۔ اسلحہ بردار گروہوں کے مابین خونریز لڑائیاں شروع ہوئی، جس میں زیادہ تر نقصان عوام کو پہنچا۔ مقامی اسلحہ برداروں کے مابین وقفے وقفے سے روزانہ لڑائیاں ہوتی رہتیں اور ملک کے بعض علاقوں میں تنظیموں کے مابین مسلسل اور طویل جنگیں شروع ہو گئیں۔ کابل میں حزب، جمعیت، جنبش، حزبِ وحدت، اتحاد اور حرکتِ محسنی تنظیموں کے مابین خونریز جنگیں شروع ہوئیں۔ قندوز اور بغلان میں جمعیت، جنبش، حزب اور نادری ملیشیاؤں کے مابین مسلسل جنگیں جاری تھیں، شمالی صوبے خصوصاً فاریاب اور بادغیس میں دوستم اور اسماعیل خان کے درمیان لڑائیاں جاری تھیں، ہلمند میں جمعیت، حزب اور حرکت کے کمانڈروں کے درمیان جنگیں ہو رہی تھی اور اسی طرح اور صوبوں میں بھی خانہ جنگی کی آگ بھڑک رہی تھی۔ ان جنگوں میں نہ صرف یہ کہ عوام کے جان ومال کا نقصان ہو رہا تھا بلکہ روز کے حساب سے لوگوں کے حقوق تلف کیے جاتے، مظالم ڈھائے جاتے اور وحشیانہ تشدد کی واقعات رونما ہوتے۔

ان جنگجوؤں نے اپنی ضروریات اور اخراجات پورے کرنے کے لیے چوری اور راہزنی کے علاوہ چیک پوسٹیں بنا کر ان پر محصول چنگی وصول کرنا بھی شروع کر دی۔ ملک کے اکثر راستوں اور سڑکوں میں قدم قدم پر چیک پوسٹیں اور رکاوٹی زنجیریں لگا دی گئیں۔ چیک پوسٹوں والے عام مسافروں، ڈرائیوروں اور سوداگروں سے محصول چنگی کے نام پے پیسے بٹورتے رہتے، اس کے علاوہ عام تنگدست لوگوں پر تشدد کرتے، ان کی تحقیر کرتے اور پیسے نہ دینے کی صورت میں مختلف سزائیں دیتے۔

مستقل جنگیں، لاقانونیت، بدکار اسلحہ برداروں کا تسلط اور بالادستی اور ان حالات میں روزگار و تعلیم کا فقدان اور عمومی بدنظمی نے ملک کو ہر لحاظ سے مکمل سقوط کے دہانے پر لا کھڑا کیا تھا۔ نئی ابھرتی نسل کی پرورش اور تربیت حالات کے زیر اثر بے باک اور بے لگام جنگجوؤں جیسی ہو رہی تھی۔ یہی وجہ تھی کہ زیادہ تر کم عمر لڑکے اسلحہ بردار بن جاتے اور مورچے اور چیک پوسٹ میں زندگی گزارنا پسند کیا کرتے تھے۔

ایسی اندھیر نگری میں صحیح سلامت زندگی گزارنے کے تمام امکانات ناپید ہو چکے تھے۔ اکثر علاقوں میں معاشرے کا پست کردار، بد اخلاق اور بدکار طبقہ اقتدار کے باگ دوڑ سنبھال رہا تھا اور معاشرے کے معزز افراد یعنی حقیقی مجاہدین، علمائے کرام، متقی اور پرہیزگار لوگ، علمِ دین کے طلبہ اور ملک وعوام کے ساتھ ہمدردی رکھنے والے افراد بدتہذیب اسلحہ برداروں کے جبر تلے محکومیت کی زندگی گزارنے پر مجبور ہو گئے تھے۔ افغان عوام شدید مایوسی کا شکار تھے، عالمی اور پڑوسی ممالک ان حالات کا تماشہ دیکھ رہے تھے اور محض افغانستان میں جاری ظلم کی خبریں نشر کرنے پر ہی اکتفا کر رہے تھے۔ اقوام متحدہ کی اصطلاح میں انسانی حقوق اور رفاہی اداروں کا بھی محض یہی کام تھا کہ حاکم اسلحہ برداروں کے مظالم کی لسٹ بنا کر سالانہ اور ماہانہ بنیاد اس کو نشر کر دیں۔ افغان قوم کو اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی سے امید نہیں تھی کیونکہ وہ ہر کسی سے مایوس ہو چکے تھے۔

جب ناانصافی اور ظلم اوج کو پہنچ جائے، جب جابروں کے ظلم کا خنجر گوشت کو چیرتے ہوئے مظلوموں کی ہڈیوں تک پہنچ جائے اور جب کمزور اور ناتواں بندگانِ خدا کی چیخیں عرش تک پہنچ جائیں تو ایسی حالت میں مظلوموں پر ربِ ذوالجلال کا رحم جوش میں آتا ہے اور ظالموں کی سزا کے لیے قہر کے طوفان اٹھنا شروع ہو جاتے ہیں۔ رات جب تاریک ہو جائے تو اس کے بعد ہی صبح کا اجالا نمودار ہوتا ہے اور جب خزاں گلشن کی خوبصوری کو چھین لیتی ہے تو اس کے بعد بہار کا موسم نمودار ہوتا ہے۔

افغانستان میں بدنظمی اور ظلم کا سلسلہ اپنے آخری حد تک پہنچ گیا تھا، ایسی حالت میں ایک نورانی، اسلامی اور امن کی خواہاں تحریک کا ظہور قدرت اور فطرت کی قوانین کی مطابقت کے ساتھ بہت ضروری اور بہت اہم تھا۔

قندھار میں کیا چل رہا تھا؟

ان بدنظمی والے سالوں میں صوبہ قندھار خصوصاً قندھار شہر بھی بقیہ افغانستان کی طرح افراتفری، جنگ، فساد، بدامنی اور ہر گلی کوچے میں الگ الگ راجواڑوں کا شاہد تھا۔ چونکہ قندھار شہر پر کسی تنظیم یا جنگجو کمانڈر کا مکمل قبضہ یا اپنے مدمقابل جنگجو کمانڈروں پر بالادستی حاصل نہیں تھی، اس لیے ہر کمانڈر خود سر بادشاہ تھا اس کا جو دل چاہتا وہ کر لیتا۔

ملا نقیب جو جمعیت کا رکن تھا اور قندھار میں ربانی کی حکومت کا نمائندہ سمجھا جاتا تھا، وقتاً فوقتاً کابل سے اس کے پاس پیسے آتے رہتے اس لیے چیک پوسٹوں پر محصول چنگی کے نام سے پیسے بٹورنے سے اپنے آپ کو دور رکھا تھا۔ لیکن باہمی لڑائیوں، بد اخلاقیوں اور فساد میں اس کے افراد باقی کمانداروں کے افراد سے کم نہیں تھے۔

قندھار شہر اقتدار اور قبضے کے اعتبار سے مختلف حصوں میں تقسیم ہو گیا تھا۔ ڈنڈ سے صوبے کے صدر مقام تک کا علاقہ ملا نقیب کے قبضے میں تھا۔ صوبے کا صدر مقام، چارسو، شکاپور کا دروازہ اور ہرات بازار گل آغا شیر زئی کے قبضے میں تھا۔ حضرت جی بابا، کابل دروازہ اور قشلۂ جدید امیر لالی کے قبضے میں تھا۔ قندھار کے ایئر پورٹ پر کمانڈر مغاش کے بیٹے احمد نے قبضہ کر رکھا تھا۔ سرپوزہ سے ڈنڈ اور نظر جان باغ تک کے علاقوں پر استاد عبد العلیم قابض تھا۔ باغ پل سرکاتب کے قبضے میں تھا۔ شاہ آغا کے دوراہے اور ناگہان کمانڈر نادر جان کا علاقہ تھا۔ سنزری اور اشوغہ پر حبیب اللہ جان کی چیک پوسٹیں تھیں اور داروخان کا کولک اور سلوغی کے علاقوں پر قبضہ تھا۔ اوپر ذکر ہو چکا ہے کہ یہ کمانڈر اشتراکیت پسندوں کے ساتھ معاہدے کے نتیجے میں ان علاقوں پر قابض ہو چکے تھے۔ اشتراکیت پسندوں کے ساتھ ان کے معاہدے کا ایک ثبوت یہ بھی ہے کہ اقتدار کی منتقلی کے بعد جنرل اکرم سمیت اشتراکیت پسند حکومت کے اعلیٰ عہدیداران قندھار شہر میں آزادانہ رہ رہے تھے اور بالآخر اپنی مرضی سے ملک سے نکل گئے۔ اشتراکیت پسند حکومت دور کے بعض فوجی نظم تنظیمی دور میں بھی اپنی پرانی حالت میں برقرار تھے، یعنی عصمت مسلم کا ملیشیاء جو نجیب دور میں قندھار شہر اور بولدک کے مابین راستے کی حفاظت پر مامور تھا اور تنظیمی دور میں بھی پہلے کی طرح کمانڈر منصور نے شور اندام اور غرہ کلی کے علاقوں میں مورچے بنائے تھے اور ان علاقوں کا اختیار اس کے پاس تھا۔

اس طرح پر قندھار شہر نااہل اسلحہ برداروں کے مابین قریہ قریہ اور گلی گلی میں تقسیم ہو چکا تھا۔ مستقل اور متوازی حکومتیں قائم ہو چکی تھیں اور حقیقی مجاہدین شہر سے دور ضلعوں اور دیہی علاقوں میں رہ رہے تھے اور اکثر نے جہاد ختم ہونے کے بعد اپنی مجموعات کو ختم کر دیے تھے۔

قندھار شہر پر قابض اسلحہ برداروں کی تنظیمی و قومی عصبیت پر اور حکومتی وسائل کو لوٹنے کی خاطر ہمیشہ جنگیں ہوتی رہتیں۔ ان اسلحہ برداروں نے سب سے پہلے ان ٹینکوں اور فوجی وسائل کو کباڑ میں بیچ دیا جو سوویت افواج کے دور سے ادھر پڑے ہوئے تھے، اسی سامان میں کثیر تعداد میں وہ ناکارہ ٹینک بھی تھے جو ضلع ڈنڈ کی حدود میں قندھار ہرات شاہراہ پر پڑے تھے۔ یہ وہ ٹینک تھے جو روسیوں کے ساتھ دس سالہ لڑائیوں کے دوران شہید ملا نیک محمد، ملا محمد عمر مجاہد، شہید لالا ملنگ، شہید طالب جان اور دیگر مجاہدین کی طرف سے تباہ کیے گئے تھے۔ ان ٹینکوں کی تعداد اتنی زیادہ تھی کہ پوری شاہراہ پر کوکران سے پنجوائی کے دوراہے تک حکومتی افواج نے راستے کی ایک جانب دیوار کی طرح فولادی حصار بنادیا تھا جس کی آڑ میں فوجی اپنے مورچوں تک رسد و کمک پہنچاتے تھے۔ اسلحہ برداروں نے جہاد کی ان یادگاروں اور بہادروں کے خون سے سرہونے والے ان معرکوں کے آثار کو پہلے بموں سے ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور پھر ان ٹکڑوں کو پاکستانی تاجروں کے ہاتھ بیچ ڈالا۔

جہادی غنائم اور حکومتی وسائل کو نیلام کرنے اور کباڑ میں بیچنے کے بعد اسلحہ برداروں نے پیسے بٹورنے کی خاطر چیک پوسٹس بنانا شروع کر دیں۔ ہر کمانڈر نے عمومی راستوں پر لوگوں سے پیسے ہتھیانے کے لیے چیک پوسٹس بنادیں۔ قندھار میں چیک پوسٹوں کا اصل راستہ افغانستان کی داخلی مرکزی سرکلر شاہراہ تھی جو اس صوبے کے درمیان سے گزر رہی تھی، یعنی ہرات سے قندھار شہر تک اور پھر کابل تک پھیلی ہوئی بڑی شاہراہ۔ اسی طرح سرحدی چھوٹے شہر بولدک اور قندھار شہر کے مابین راستے پر بھی بے شمار پوسٹیں بنائی گئی تھیں۔

اگرچہ ملا محمد عمر مجاہد نے اپنے مرکز اور مدرسہ کے قریب اسلحہ برداروں کو چیک پوسٹ بنانے کی اجازت نہیں دی لیکن قندھار شہر سے ہرات تک پھیلی ہوئی سڑک پر بے شمار چیک پوسٹیں بنائی گئیں تھیں۔ عینی شاہدین کے بقول ان علاقوں میں زیادہ تر چیک پوسٹوں اور اسلحہ برداروں کے ظلم و اذیت کی وجہ سے تاجر مجبور ہو گئے کہ ہرات کی طرف سے لایا جانے والا تجارتی سامان عمومی راستے کے بجائے ریگستانی دشت کے راستوں سے ٹریکٹروں اور دیگر گاڑیوں میں سرحدی شہر بولدک منتقل کریں۔

اسلحہ بردار نہ صرف یہ کہ لوگوں سے پیسے بٹورتے تھے اور پیسوں کی خاطر ان پر تشدد اور قتل کی حد تک ان پر ظلم کرتے تھے بلکہ ان کی چیک پوسٹیں غیر اخلاقی جرائم کی آماجگاہیں تھی۔ ان چیک پوسٹوں میں معاشرے سے مفرور، بدکردار، نشئی، ڈاکو، فاسق اور فاجر لوگ جمع ہو گئے تھے، جن میں سے بعض چوری اور ظلم کرنے کے ساتھ ساتھ زنا، لواطت، قمار بازی اور دیگر گناہوں میں بھی ملوث تھے۔

حبیب اللہ جان کی سنزری کے علاقے میں چیک پوسٹ تھی، اس نے اپنی چیک پوسٹ میں ایک کاٹنے والا کتا پال رکھا تھا، جب کوئی اسے پیسے نہ دیتا تو کتے کے پاس اس کو بھی باندھ لیتا تا کہ راہ گیر اپنے آپ کو بچانے کی خاطر پیسے دینے پر آمادہ ہو جائے۔

چیک پوسٹوں میں موجود ان بدمعاشوں کے بارے میں یہ بات بھی مشہور تھی کہ راہ چلتی گاڑیوں سے خواتین کو اتار کر ان کی عزت لوٹتے تھے۔ ملا محمد عمر مجاہد سنگ حصار کے علاقے میں اپنی مسجد اور مدرسہ کے کاموں میں مصروف تھے۔ اگرچہ آپ نے اپنے مدرسہ کے قریب بڑی شاہراہ پر اسلحہ برداروں کو چیک پوسٹ بنانے کی اجازت نہیں دی تھی لیکن اردگرد کے علاقوں میں ہونے والے مظالم کو دیکھتے رہتے اور روزانہ کی بنیاد پر ان کو دل سوز خبریں ملتی رہتیں۔

ارزگان سے تعلق رکھنے والے مولوی عبدالحنان جو آپ رحمۃ اللہ علیہ کے جاننے والے تھے ایک دن آپ رحمۃ اللہ علیہ کے مرکز میں آئے۔ انہوں نے بتایا کہ ایک دن میں قندھار شہر سے آرہا تھا تو کولک کے علاقے میں چیک پوسٹ والوں کی جانب سے ہماری گاڑی روک دی گئی۔ ایک اسلحہ بردار آگے بڑھا اس کی نظر ایک لڑکی پر پڑی جو گاڑی میں دروازے کے قریب بیٹھی تھی، اس نے بڑی بے باکی کے ساتھ اس لڑکی کے سینے کو ہاتھ لگا دیا لیکن ڈر کے مارے کسی نے بھی ردعمل نہیں دکھایا۔

ایک دن ملا محمد عمر مجاہد اپنے ساتھیوں کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک لڑکے کو بھاگتے ہوئے دیکھا، ان کو وہ اجنبی لگا اس لیے اسے آواز دے کر بلایا۔ لڑکا جب قریب آیا تو اس نے بتایا کہ میں ہرات کا رہنے والا ہوں، اپنی ماں کو علاج کے لیے پاکستان لے گیا تھا، واپسی پر پشمول کے علاقے میں چیک پوسٹ والوں نے مجھے گاڑی سے نیچے اتارا اور آٹھ روز مجھے قید میں رکھا آج چھوٹ کر آیا ہوں۔ اس لڑکے نے اقرار کیا کہ ان آٹھ راتوں میں کوئی ایسی رات نہیں گزری کہ جس میں ان اسلحہ برداروں نے کسی لڑکے یا خاتون کو اپنے جنسی تسکین کے لیے قیدی نہ بنایا ہو۔

ملا محمد عمر مجاہد کے ایک ساتھی اور مدرسہ کے شاگرد ملا سعد اللہ بتاتے ہیں کہ ایک دن میں اور ملا برادر اخوند قندھار شہر جا رہے تھے اور گاڑی کی چھت پر بیٹھے تھے۔ جب پشمول میں صالح نامی شخص کی چیک پوسٹ پہ پہنچے تو کیا دیکھتے ہیں کہ ایک کمسن لڑکا جو حلیے سے ہی فاسق لگ رہا تھا، چیک پوسٹ پر بیٹھا ہوا تھا، اس نے گاڑی قریب آنے پر ڈرائیور کو گندی گالیاں دیں لیکن ڈرائیور نے اس موقع پر تحمل کا مظاہرہ کیا اور کوئی جواب نہیں دیا۔

ملا سعد اللہ کہتے ہیں کہ یہ صورتحال دیکھ کر میں نے ملا برادر اخوند کی طرف دیکھا تو ان کی آنکھوں میں آنسو تھے۔ میں نے پوچھا: آپ کیوں رو رہے ہیں؟ تو انہوں نے جواب دیا کہ ہمارے جہاد، قربانیوں اور شہادتوں کا نتیجہ بالآخر یہ نکلا جس کی مثال ابھی تم نے دیکھی۔ تو اس حالت پر میں کیسے نہ روؤں۔

مسلسل مظالم، ناخوشگوار واقعات، دلسوز حادثات اگر ایک طرف ملا محمد عمر مجاہد اور دیگر باضمیر مجاہدین کو فکر مند کر رہے تھے تو دوسری طرف ان اسلحہ برداروں کے خلاف نفرت اور ان سے انتقام لینے کا جذبہ مسلسل ان کے سینوں میں ابل رہا تھا۔

☆☆☆☆☆

آج ہماری عفت مآب بہنیں طرح طرح کے تشدد اور تعذیب کا سامنا کر رہی ہیں۔ لیکن ان مظلوم خواتین کی چیخ و پکار قید خانوں کے درودیوار سے ٹکرا کر، وہیں دم توڑ جاتی ہیں۔ اُن کی فریادیں، اُمت کی اکثریت پر طاری وہن، بے حسی اور لاپرواہی کے سمندر میں غرق ہو کر رہ جاتی ہیں۔ کفر کے جرائم کی فہرست میں ایک اور جرم کا اضافہ کرتی ایسی ہی المناک داستان ہماری بہن ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی بھی ہے۔ اللہ تعالیٰ اُنہیں جلد آسانی عطا فرمائیں! ڈاکٹر عافیہ کا مسئلہ محض اتنا نہیں کہ ایک کمزور اور لاچار مسلمان عورت کو کفار نے قید کر لیا، بلکہ اس سے بڑھ کر یہ پوری امت کی غیرت وحمیت کا مسئلہ ہے اور بھلا ایسے شخص میں کیا خیر ہوگی جو غیرت سے ہی عاری ہو؟
ان متکبرین کے دل ایسے نہیں کہ شکوہ وشکایت سے نرم پڑ جائیں۔ اپنا حق کبھی بھی التجاؤں اور فریادوں کے ذریعے نہیں ملا کرتا! اس لیے جب تک اللہ تعالیٰ ہمارے اور اِن کفار کے درمیان فیصلہ نہیں کر دیتا تب تک صبر واستقامت کے ساتھ جہاد وقتال کے راستے پر جمے رہنے کے سوا کوئی دوسرا راستہ نہیں۔ ساری حقیقت واضح ہو جانے کے بعد بھی آخر وہ کیا عذر ہے جو آپ کو اس فرض کی ادائیگی سے روکے ہوئے ہے؟ انہیں جہاں پائیں قتل کریں! قید کریں! محاصرہ کریں ان کا! اور ہر گھات لگانے کی جگہ اِن کے لیے گھات لگائیں! اور اپنے مجاہد بھائیوں کے ساتھ مل کر اُن کی صفوں کو مضبوط کریں!

فضيلة الشيخ أبو يحيىٰ الليبي شهيد رحمه الله

تحریکِ ختمِ نبوت سے ڈی چوک گرینڈ آپریشن تک

معین الدین شامی

بسم الله الرحمٰن الرحيم

الحمد لله نحمده ونستعينه ونستغفره ونتوكل عليه ونعوذ بالله من شرور أنفسنا ومن سيئات أعمالنا، من يهده الله فلا مضل له، ومن يضلله فلا هادي له، ونشهد أن لا إله إلا الله ونشهد أن محمدًا عبده و رسوله. ربِّ اشرح لي صدري، ويسّر لي أمري، واحلل عقدة من لساني، يفقهوا قولي، واجعلي وزيرا من أهلي، أما بعد!

یہ جملہ اب کہاوت کی صورت اختیار کر گیا ہے کہ 'ہر ملک کے پاس ایک فوج ہوتی ہے اور پاکستان فوج کے پاس ایک ملک ہے'۔ پاکستان میں بسنے والے سیاسی شعور کے ابتدائی درجے کے حامل سے لے کر پاکستان کی سیاست و حکومت کو جاننے والے دنیا کے کسی بھی خطے میں موجود فرد تک، ہر ایک بخوبی جانتا ہے کہ پاکستان فوج بلا شرکتِ غیرے پاکستان کی حکمران نہیں، بلکہ اس ملک کی مالک ہے۔ ہر ملک کو ایک خاص اسٹیبلشمنٹ چلاتی ہے۔ کہیں اس کو ڈیپ سٹیٹ کہتے ہیں جس کی مرضی کے بغیر کوئی اوباما اور کوئی ٹرمپ کوئی کلیدی فیصلہ نہیں کر سکتے۔ کہیں کسی پارٹی کا اقتدار ہوتا ہے اور پارٹی چیئر مین اس قدر طاقت ور ہو سکتا ہے کہ وہ مؤسس چیئر مین ماؤ کے فیصلوں کو بھی حرفِ غلط قرار دے دے۔ کہیں دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت میں اقتدار گھوم پھر کر اسی برہمن کے پاس آ رہتا ہے جو بقول ویدوں کے بھگوان کے سر سے پیدا کیے گئے ہیں (نعوذ باللہ)۔ پاکستان کے قیام کے کچھ عرصے بعد ہی یہاں کی ڈیپ سٹیٹ، کمیونسٹ پارٹی، برہمن، اسٹیبلشمنٹ، پاکستان فوج بن گئی۔

اس اسٹیبلشمنٹ نے روزِ اول سے اپنے آپ کو اس ملک کا بے تاج بادشاہ جانا اور پھر اپنے افسروں کی تربیت بھی اسی بادشاہی کے لیے کی، پھر یہی افسر کبھی بے تاج بادشاہ رہے اور کبھی تاج ور بھی۔ ماضی کے چند چیدہ چیدہ واقعات کا ذکر لازمی ہے، لیکن اس سے قبل آج کے پاکستان کی صورتِ حال، جدید ریاست کے پانچ ستونوں کے ساتھ موازنے کی شکل میں دیکھ لیجیے۔

پاکستان میں جدید ریاست کے پانچ میں سے چار ستون مکمل طور پر اسی فوج کے باج گزار ہیں، بلکہ ایک ستون تو یہاں دراصل خود یہ فوج ہی ہے۔

۱. پہلا ستون: مقننہ۔ یعنی پارلیمان۔ کیا سیاست کی ابتدائی درجے کی سمجھ بوجھ رکھنے والا کوئی بھی شخص یہ دعویٰ کر سکتا ہے پاکستان کی حالیہ پارلیمان آزاد ہے اور اس پارلیمان کے ارکان جمہوری لحاظ سے بنا ووٹوں، بیلٹ بکسوں یا فارم ۴۵ و ۴۷ کی دھاندلی کے ایوانِ اقتدار میں پہنچے ہیں؟ پاکستان کے آئین میں ہونے والی حالیہ چھبیسویں ترمیم، پاکستان ملٹری اسٹیبلشمنٹ ہی کے حکم پر ہوئی۔ بلکہ کتنے سیاست دان آن ریکارڈ کہہ چکے ہیں کہ اس کا ابتدائی مسودہ تک 'کہیں' سے آیا۔ ہارس ٹریڈنگ اور لوٹوں کی اصطلاح سے کون پاکستانی واقف نہیں؟

۲. دوسرا ستون: انتظامیہ یا ایگزیکٹیو۔ یعنی قانون نافذ کرنے والے ادارے اور بیوروکریسی۔ اول الذکر تو عملاً خود یہی فوج ہے اور مؤخر الذکر بیوروکریسی اور پولیس سِول سطح پر اسی فوج کی خدمت گار، سہولت کار، معاون اور اسی فوج کے ساتھ پارٹیز سے لے کر مراعات تک سے محظوظ ہونے والا طبقہ ہے۔

۳. تیسرا ستون: عدلیہ۔ اس ستون کا کام آئین و قانون کی تشریح اور عدل و انصاف کی فراہمی ہے۔ کچھ عرصہ قبل تک پاکستان کے عدالتی سسٹم ہی کے تحت میرٹ پر آنے والے ججوں میں بھی اکثر ملٹری اسٹیبلشمنٹ کے لیے مثلِ بیوروکریسی خدمت گار، سہولت کار، معاون اور اسی فوج کے ساتھ پارٹیز سے لے کر مراعات تک سب کچھ سے محظوظ ہونے والا ایک طبقہ تھا۔ چھبیسویں آئینی ترمیم کے بعد اب یہ مکمل طور پر فوج کا باج گزار ستون و ادارہ بن گیا ہے۔ اب انصاف کی فراہمی ان ججوں کی ذمہ داری ہے جنہیں ملٹری اسٹیبلشمنٹ کے منظورِ نظر درجن ڈیڑھ درجن پارلیمان میں بیٹھے سیاست دان چنیں گے۔

۴. چوتھا ستون: میڈیا۔ اس کا کام شفاف رپورٹنگ کے ذریعے نظام کی نگرانی اور تعمیری تنقید کے ذریعے معاشرے اور حکومت کے مابین توازن قائم رکھنا ہے، تاکہ عوام میڈیا کے ذریعے حقائق جان کر، صحیح لوگوں کو چن کر، پارلیمان میں بھیج سکیں اور ریاستی مشینری آزادی، مساوات اور ترقی کی جانب گامزن محنت و خدمت کر سکے۔ لیکن اس میڈیا کی حالت کون نہیں جانتا۔ لفافوں، دھمکیوں اور تعذیب و قتل جیسے ہتھکنڈوں سے یہاں کا میڈیا مکمل کنٹرولڈ ہے۔ ۲۶ نومبر ۲۰۲۴ء کو ڈی چوک میں ہونے والی فوجی کارروائی کو دکھانے یا بتانے کی میڈیا کو اجازت نہیں تھی۔ اس ستون کی حقیقت کو جاننا ہو تو سلیم شہزاد سے ارشد شریف اور مطیع اللہ جان اسی صحافت کا نام ہے۔

۵. پانچواں ستون: عوام۔ یہ قوت کا سرچشمہ ہیں، ریاست کی اتھارٹی کی بنیاد اور اس کا جواز۔ اس ستون کو دوسرے الفاظ میں 'بلڈی سویلین' کہتے ہیں۔ اگرچہ باقی تین ساڑھے تین ستون بھی ستون نمبر دو کے مقابل آ جائیں اور ریاست کے آئین و دستور کی 'بالادستی' کی بات غلطی سے کر دیں تو بلڈی سویلین ہی کے زمرے میں مثلِ شودر و دلت قرار پاتے ہیں، ذوالفقار علی بھٹو کی پھانسی سے، افتخار چودھری کو نکالنے کی کوشش اور نواز شریف ثم عمران خان کا بیانیہ 'مجھے کیوں نکالا' تک اسی کی ایک جھلک ہے۔

نظامِ پاکستان میں قوت کا حقیقی سرچشمہ یا اسی نظامِ پاکستان کا مساوی نام ملٹری اسٹیبلشمنٹ یا پاکستان فوج ہے۔ یہ اسٹیبلشمنٹ یہاں کا ریاستی کلٹ (Cult) ہے، جس کو سات قتل معاف ہیں اگرچہ کچھ تحقیق کی جائے تو معلوم ہو گا کہ یہ ریاستی کلٹ شاید آج تک سات نہیں، سات لاکھ قتل اپنے ہی عوام کے کر چکا ہے۔ ماضی کے چند واقعات کو دیکھتے ہیں، اگرچہ ان واقعات کے بارے میں کہا جا سکتا ہے کہ پاکستان فوج نے ردِ عمل میں جو کارروائی کی اس کے نتیجے میں ایسا ہوا اور دیگر فریق بھی اس کا سبب تھے، لیکن اس کا جواب یہ ہے کہ نظامِ پاکستان کا دوسرا نام یہی فوج ہے، یہی فوج اس ملک کی 'مائی باپ' ہے، جب بھی لفظِ ریاست یا ریاستی ادارے آتا ہے تو یہی ملٹری اسٹیبلشمنٹ مراد ہوتی ہے، تو بھلا کیا کبھی کوئی ریاست اپنے ہی لوگوں کے خلاف ایسے 'ایکشن' لیتی ہے؟

۱. قیامِ پاکستان کے صرف چھ سال بعد ختمِ نبوت تحریک کو کچلنے کے لیے پاکستان بھر میں پاکستان فوج عاشقانِ ناموسِ رسالت کے خلاف صف آرا ہو گئی۔ straight fire کا حکم جاری کیا گیا اور عوام و خواص میں سے پچاسیوں عینی شاہدین ہیں جن کی گواہیاں دستاویزاتِ تاریخ میں موجود ہیں کہ سیدھی گولی چلانے کے نتیجے میں محتاط اندازوں کے مطابق کم از کم ایک ہزار لوگ شہید کیے گئے۔

۲. مشرقی پاکستان میں جو کچھ ہوا اس کو بھلانا بڑا ظلم ہو گا۔ تاریخی حقائق پر مبنی کتب و تحقیقات درجنوں کی تعداد میں شائع ہو چکی ہیں۔ سنہ ۱۹۷۱ء میں پاکستان فوج سے منسوب ذرائع کے مطابق پچاس ہزار سے ایک لاکھ بنگالیوں کا قتل کیا گیا اور دیگر آزاد ذرائع اس تعداد کو دو لاکھ سے تین لاکھ بتاتے ہیں، جنرل ٹکا خان اپنی گفتگوؤں میں مخالف بنگالیوں کے قتلِ عام کا عندیہ دیا کرتا تھا، یہ بنگالی کسی اور ملک کے باسی یا مغربی بنگال کے بنگالی نہیں تھے بلکہ یہ مشرقی بنگال یعنی مشرقی پاکستان، جو اس وقت متحدہ پاکستان کا حصہ تھا، کے شہری تھے، مملکتِ خداداد کے کلمہ گو شہری۔ اس زمانے میں دو لاکھ سے چار لاکھ بنگالی عورتوں کی عصمت دری کی گئی، جنرل نیازی اور اس کی ماتحت فوج کی اس جرم میں شرکت کی پچاسیوں گواہیاں موجود ہیں، بلکہ یہ فوجی اس کا اظہار اعلانیہ اور فخریہ کیا کرتے تھے، بلکہ جتنی عورتوں کی عصمت دری کرتے تو ان کی تعداد کو اپنا 'سکور' کہا کرتے تھے، جنرل نیازی سے منسوب ایک جملہ مشہور ہے کہ وہ جوانوں سے پوچھا کرتا تھا کہ 'آج تیرا کتنا سکور رہا شیرا؟'۔ پاکستان فوج کے افسران بنگالیوں کو کم ذات سمجھتے تھے، ان کے رنگ اور قد کاٹھ کا کھلے عام مذاق اڑاتے تھے، چٹاگانگ کلب میں 'بنگالیوں اور کتوں' کے داخلے پر پابندی تھی۔[۳۴]

۳. پاکستان فوج میں ڈیڑھ دہائی سے زیادہ خدمات سرانجام دینے والے راقم السطور کے قریبی عزیز میجر ڈاکٹر مجاہد عظیم طارق[۳۵] نے کئی سال سی ایم ایچ کوئٹہ میں کام کیا۔ انہوں نے ہمیں بتایا کہ ان کی سروس کے زمانے میں بلوچستان میں تعینات پاکستان فوج کے افسروں میں یہ بات عام تھی کہ پاکستان فوج کے سپیشل سروسز گروپ (ایس ایس جی) کا مشہور کمانڈر بریگیڈیئر ٹی ایم (طارق محمود) سنہ ۷۰ء کی دہائی میں جب بلوچستان میں تعینات تھا، تو وہ بلوچ نوجوانوں کو ہیلی کاپٹر میں بٹھا کر بلوچستان کے پہاڑی علاقوں کی طرف لے جاتا تھا اور پھر ان بلوچ نوجوانوں کو ہیلی کاپٹر سے دھکا دے کر نیچے گرا دیتا تھا جو ان کی موت کا سبب بنتا تھا۔ اس لیے جب ۱۹۸۹ء میں بریگیڈیئر ٹی ایم گوجرانوالہ کے علاقے راہ والی میں پاکستان آرمی ایوی ایشن سکول کے ایک فوجی شو میں اپنا پیراشوٹ نہ کھلنے کے سبب فضا سے زمین پر ٹکرا کر مرا، تو ٹی ایم کے ساتھ بلوچستان میں تعینات رہنے والے فوجی افسران کو حیرت نہ ہوئی۔ اللہ کی لاٹھی بے آواز ہے، مظلوم کی آہ عرش تک پہنچتی ہے۔ اس واقعے کا ذریعہ ایک ذاتی نوعیت کی یادداشت ہے، لیکن بلوچستان میں پاکستان فوج کا کردار مشرقی پاکستان سے کچھ مختلف نہیں رہا۔ نواب اکبر خان بگٹی نے تحریکِ پاکستان میں بانیٔ پاکستان محمد علی جناح صاحب کے ساتھ شمولیت اختیار کی۔ پاکستان فوج کی پالیسیوں نے اس محبِ وطن شخص کو بلوچ مکتی باہنی کے سردار میں بدلا اور قتل کیا اور پھر اس کی لاش کو مقفل تابوت میں لا کر دفنا دیا، بگٹی خود بھی کوئی پارسا آدمی نہ تھا اس نے ایک ظالم (یعنی پاکستان فوج) کے خلاف دوسرے ظالموں کی حمایت کرنے اور حمایت حاصل کرنے کی راہ چنی، پھر خود بھی اور اپنی قوم کے جوانوں کو بھی 'تاریک راہ' کی طرف دھکیل دیا۔ اختر مینگل خاندان کے کم سن بچوں کو ایم آئی کے اہلکاروں نے کراچی کے ایک نجی سکول سے اغوا کرنے کی کوشش کی۔ بگٹی اور مینگل بلوچ قوم کے سردار تھے، سوچیے عام بلوچوں کے ساتھ پاکستان فوج نے کیا سلوک روا رکھا؟ 'ریاست ہو گی ماں کے جیسی، ہر شہری سے پیار کرے گی' کے ٹھیکے دار ریاستی اداروں پر چیف بلکہ ریاست کے سربراہ جنرل پرویز مشرف نے اپنے ہی ملک کے بلوچ باشندوں کو کہا کہ 'ہم تمہیں وہاں سے ہِٹ کریں گے کہ تمہیں پتہ بھی نہیں چلے گا'، کیا ریاست ماں کا اندازِ تخاطب ایسا ہی ہوتا ہے اور ماں بالفرض اپنی اولاد کو کچھ ایسا ویسا کہہ بھی دے تو کیا واقعی 'وہاں سے ہِٹ کرتی ہے جہاں سے پتہ بھی نہ چلے' اور ختم کر دیتی ہے؟

---

[۳۴] اوریجنز (www.origins.osu.edu)، ساؤتھ ایشیا جرنل، ورکرز لبرٹی (www.workersliberty.org)، آزاد دائرۃ المعارف وکی پیڈیا، وغیرہ۔

[۳۵] جنہیں بعد میں پاکستان فوج کی دین دشمن پالیسیوں پر آواز بلند کرنے کے سبب ان کے اپنے ہی ادارے 'پاکستان فوج' کے امریکی مفادات کے لیے کام کرنے والے افسروں نے دین و ملک کے ساتھ ساتھ ادارے کی وفا کو بھی پامال کرتے ہوئے اغوا ثم شہید کر دیا، رحمہ اللہ۔

۴. ۱۹۹۹ء میں سیاچن کی جنگ میں پاکستان فوج نے مجاہدین اور اپنی پیادہ سپاہ کو قربانی کا بکرا بنایا۔ ہندو فوج کے سامنے ہتھیار ڈالے، اپنے سپاہیوں کو چھوڑ کر بھاگے اور مجاہدین سے وعدے کرنے کے بعد غداری و جفا کی اور انہیں تنہا چھوڑ دیا۔

۵. جہادِ کشمیر میں پاکستان فوج کا کردار کسی سے ڈھکا چھپا نہیں۔ پاکستان فوج نے مجاہدین کو کشمیر میں تنہا کیا اور جنرل کیانی کا آن ریکارڈ بیان موجود ہے جس میں وہ کہتا ہے کہ ہم نے جدوجہدِ آزادیٔ کشمیر کو 'Abandon' کیا کیونکہ یہ ہمارے مفاد میں نہیں تھی۔[۳۶]

۶. ۲۰۰۱ء میں امریکی فرنٹ لائن اتحادی بن کر پاکستان فوج کی براہِ راست باوردی حکومت نے دنیا کی واحد اسلامی حکومت 'امارتِ اسلامیہ افغانستان' کی پیٹھ میں چھرا گھونپا اور اپنے ملک کی اہم ایئر بیسز کو امریکی بیسوں میں بدل دیا اور ستاون ہزار بار پاکستانی فضا سے امریکی جہازوں نے اڑ کر افغانستان پر بمباری کی۔ امارتِ اسلامیہ کے سفیر کو قدیم و جدید تمام آدابِ سفارت پاؤں تلے روند کر، بدترین تاریخی و تہذیبی جرم و خیانت کا ارتکاب کیا اور برہنہ کر کے امریکہ کے حوالے کرتے ہوئے گوانتاناموبے کے زندان میں بھیج دیا۔ اسی فوج نے امیر المومنین ملا محمد عمر مجاہد (نوّر اللہ مرقدہ) کے نائب ملا عبید اللہ اخوند کو گرفتار کیا اور پاکستان فوج کے زندان ہی میں ان کی شہادت ہوئی۔ اسی فوج نے امارتِ اسلامیہ افغانستان کے سرکردہ رہنما اور عظیم داعی و مربی شیخ استاذ محمد یاسر کو دو بار گرفتار کیا اور دوسری بار ان کو اپنی ہی جیل میں شہید کر کے غائب کر دیا۔

۷. ۲۰۰۱ء ہی میں سیکڑوں عرب مہاجر مجاہدوں کو پاکستان فوج نے امریکہ کے حوالے کیا۔ جنرل پرویز مشرف نے اپنی کتاب میں اس تعداد کو چھ سو نواسی (۶۸۹) درج کیا ہے اور لکھا ہے کہ اس نے یہ کام "financial rewards provided by the US" کی خاطر کیا۔[۳۷]

۸. عافیہ صدیقی۔ اس مظلوم روح سے کون واقف نہیں؟ ۲۸ مارچ ۲۰۰۳ء کو پاکستان ملٹری اسٹیبلشمنٹ کے سرغنہ ادارے آئی ایس آئی نے عافیہ صدیقی کو ان کے تین بچوں سمیت کراچی سے اغوا کر کے امریکیوں کے حوالے کر دیا اور اب عافیہ کو قید ہوئے ربع صدی ہونے کو آئی ہے۔

۹. پاکستان اسلام کے نام پر حاصل کیا گیا تھا۔ اسی اسلام کے نام پر غیرت مند قبائلِ وزیرستان، اورکزئی، کرم، باجوڑ، مہمند اور خیبر وغیرہ نے ریاستِ پاکستان کے ساتھ الحاق کیا۔ ان قبائل کی غیرت کا منبع حمیت و غیرتِ اسلام ہے۔ اسی حمیت و غیرتِ اسلام میں ان قبائل نے سنہ ۴۸ء میں پاکستان فوج کے ساتھ مل کر میرپور تا مظفر آباد جموں و کشمیر کے علاقے ہندوستانی فوج سے آزاد کروائے، درحقیقت یہی مجاہدینِ قبائل کشمیر کے قلب اور موسمِ گرما کے دارالحکومت سری نگر تک فاتح بن کر پہنچے اور سری نگر کے ہوائی اڈے کا کنٹرول سنبھال لیا (بعداً پاکستان کی اسٹیبلشمنٹ نے یہ سارا علاقہ ہندوستان کو واپس کر دیا)۔ انہی مجاہدینِ قبائل نے سرحداتِ اسلامی کی حفاظت کی خاطر اپنے علاقے جہادِ افغانستان ضدِ روس میں خطِ اول کے طور پر بنا دیے اور جہادِ افغانستان میں دامے، درمے، قدمے، سخنے شریک رہے۔ پھر جب ۲۰۰۱ء میں امریکہ افغانستان پر حملہ آور ہوا تو ایک بار پھر انہی مجاہدینِ قبائل نے اپنے گھروں اور مہمان خانوں کے دروازے سرحد پار سے آنے والے عرب و عجم کے مہاجروں کے لیے کھول دیے اور اخوتِ ایمانی کا مظاہرہ کرتے ہوئے خوست تا مراکش کے مہاجر مجاہدوں کے انصار بن گئے۔ اس حمیت و غیرتِ اسلامی اور نظامِ اسلامی کا مطالبہ کرنے کے جرم میں ۱۹۴۸ء میں ملٹری اسٹیبلشمنٹ کی ہوائی کمان جس کا نام اس وقت 'رائل پاکستان ایئر فورس' تھا، نے وزیرستان کے علاقوں میں فضائی بمباری کی۔ مارچ ۲۰۰۴ء، جب پاکستان فوج امریکہ کی فرنٹ لائن اتحادی بن چکی تھی تو انہی مجاہدینِ قبائل جن کی کمان اس وقت ملا نیک محمد وزیر شہید اور ملا عبد اللہ محسود شہید کر رہے تھے کے خلاف فوجی آپریشن کا آغاز کیا۔ حمیت و غیرت کے پہاڑ قبائلی مسلمانوں کی چادر و چار دیواری پامال کی گئی اور ان کے سفید ریش مشران (قومی سرداروں) کی آنکھوں پر پٹیاں باندھ کر فوجی ٹرکوں میں مال مویشی کی طرح ڈالا گیا۔ گزشتہ بیس سالوں میں ہزاروں شہید، ہزاروں زخمی و اپاہج، اور لاکھوں قبائلیوں کو بے گھر کیا جا چکا ہے اور یہ سلسلہ ہنوز جاری ہے۔

۱۰. ۲۰۰۷ء میں نفاذِ اسلام کی خاطر آواز بلند کرنے کے 'جرم' میں لال مسجد اور جامعہ حفصہ کو لہو رنگ کرنا اور ہزاروں عفیفہ مسلمان طالبات کو فاسفورس سے جلا ڈالنا، یہ قتلِ عام تاریخ کے ان واقعات میں سے ہے جنہیں televised genocide کہا جا سکتا ہے، یعنی وہ قتلِ عام جسے ٹیلی وژن پر براہِ راست نشر کیا گیا۔ ریاست کے ایک ستون نے 'دعوے کے مطابق مضبوط ترین ستون یعنی عوام' میں سے نفاذِ شریعت کا مطالبہ کرنے والوں کو مخاطب کر کے کہا کہ 'باہر نکل آئیں ورنہ مارے جائیں گے'، پھر ریاست نے جو کہا، وہ کر دکھایا۔ مسجد کو پامال کیا، قرآنِ شریف اور احادیث کی کتب کو آگ لگائی اور پھر ان سب کو اسلام آباد کے گندے نالوں میں پھینک دیا۔

۱۱. لال مسجد آپریشن کے کچھ ہی عرصہ بعد ۲۰۰۹ء میں پاکستان فوج نے دنیا کی عسکری تاریخ میں ایک نمایاں فوجی آپریشن سوات میں شروع کیا[۳۸]۔ لاکھوں لوگوں کو بے گھر کیا گیا، ہزاروں شہید کیے گئے اور کتنے ہی آج تک بے گھر ہیں۔ سوات بھی قیامِ پاکستان کے وقت ایک آزاد ریاست تھی۔ سوات کے میاں گل خاندان نے ۱۹۴۹ء میں پاکستان

---

[۳۶] افشا و نشر کردہ: ادارہ السحاب برِّ صغیر

[۳۷] In the Line of Fire, Pervez Musharraf

[۳۸] جنرل کیانی کا آن ریکارڈ ویڈیو بیان موجود ہے جس میں وہ اس بات کا اظہار و اقرار کرتا ہے۔

سے الحاق اور ۱۹۶۹ء میں ریاستِ پاکستان میں شمولیت کا فیصلہ جن کلیدی وجوہات کی بنا پر کیا ان میں ایک دینی و مذہبی عنصر تھا، سوات کے آخری حکمران میاں گل جہاں زیب نے ایک ایسی 'مسلم اکثریت والی ریاست سے الحاق کیا تھا جہاں اسلامی اقدار ہم آہنگ ہوں'۔ اسی سوات میں جب تحریکِ نفاذِ شریعتِ محمدی (علی صاحبہا ألف صلاۃ وسلام) اور تحریکِ طالبان پاکستان کے مجاہدین نفاذِ شریعت کا مطالبہ کرتے ہیں تو ان کے خلاف ایک وسیع آپریشن کا آغاز کر دیا جاتا ہے۔

۱۲. دس سال قبل ۲۰۱۴ء میں وزیرستان میں شروع کیا جانے والا آپریشن ضربِ عضب اسی طویل تاریخ کا حصہ ہے جو پہلے بیان ہو چکی ہے۔

۱۳. جس طرح بلوچوں پر تشدد و ظلم، مشرقی پاکستان کے بنگالیوں کی مانند تیسرے درجے کے شہری کے طور پر، بلوچستان کے وسائل کی لوٹ کھسوٹ اور بلوچوں کو ان وسائل میں سب سے کم حصہ دینا حالانکہ وہ ان وسائل سے متمتع ہونے کے سب سے زیادہ حق دار ہیں، اسی طرح پاکستان کی ملٹری اسٹیبلشمنٹ نے پشتونوں کے خلاف 'غیرت و حمیتِ اسلامی' اور 'نصرتِ دین' کے جرائم کے سبب تیسرے اور ادنیٰ درجے کے شہری کا رویہ رکھا۔ پشتون علاقوں خاص کر قبائلی پٹی میں ہر قسم کا ظلم و ستم روا رکھا۔ پاکستانی اسٹیبلشمنٹ نے ہمیشہ اپنی غلط اور ظلم پر مبنی پالیسیوں کے سبب اپنے ہی شہریوں کو موقع فراہم کیا اور مجبور کیا کہ وہ ریاستِ پاکستان کے مخالفوں کے ساتھ راہ و رسم بڑھائیں (اگرچہ یہ راہ و رسم خود سم قاتل ہے اور آئندہ سطور میں اس کی وضاحت ہو جائے گی)۔ پاکستان فوج کے ظلم سے خلاصی کی ایسی ہی تحریکات جب پشتون علاقوں میں اٹھیں تو پاکستانی اسٹیبلشمنٹ نے ان مظاہرین کے خلاف (سیدھا فائر کھول کر) وزیرستان کے میران شاہ اور خڑ کمر کو مشرقی پاکستان کے کھُلنہ وڈھاکہ اور بلوچستان کے تربت ولورالائی میں بدلا۔

یہاں کچھ دیگر نکات بیان کرنا از حد ضروری ہے اور ہماری پچھلی بات ان نکات کے بنا بالکل ادھوری ہے:

۱. پشتون علاقوں میں پاکستان فوج نے پشتونوں کے خلاف جنگ کو اس لیے روا نہیں رکھا کہ وہ صرف 'پشتون' ہیں، بلکہ پشتونوں کے کے خلاف جنگ کا اصل سبب پشتون اور قبائلی علاقوں کے باسیوں کی اسلام سے وابستگی ہے (جیسا کہ پچھلی سطور میں بھی بیان ہو چکا ہے)۔ یہ جنگ پنجابی اور پشتون کے درمیان جنگ نہیں بلکہ امریکی غلام فوج اور اہلِ اسلام کے مابین جنگ ہے۔ دراصل اس جنگ میں پشتون کے خلاف پشتونوں نے ہی جنگ لڑی ہے، اور دشمن کی طرف سے جنگ لڑنے والے یہ فوجی پشتون نہیں بلکہ 'ملٹری اسٹیبلشمنٹ' کے چہرے مہرے تھے۔

۲. نہایت قلیل تحقیق سے جن اعلیٰ پشتون جرنیلوں (تھری سٹار و فور سٹار) کے نام معلوم ہو سکے ان میں جنرل رحیم الدین خان آفریدی، جنرل اختر عبد الرحمن خان ککے زئی، جنرل فاروق فیروز خان برکی، جنرل جہانگیر کرامت ککے زئی، جنرل احسان الحق خان (مردان)، جنرل اسد درانی، جنرل یحییٰ خان، جنرل گل حسن خان، جنرل فاروق شوکت خان لودھی، جنرل علی قلی خان خٹک، جنرل عبد الوحید کاکڑ، جنرل طارق خان شامل ہیں۔ ان مذکورہ جرنیلوں میں لیفٹیننٹ جنرل طارق خان، آئی جی ایف سی بھی رہا، اس نے ۲۰۰۴ تا ۲۰۰۵ء امریکی سینٹ کام (CENTCOM) میں پاکستان کی نمائندگی کی جہاں اس کی خدمات کے اعزاز میں اسے امریکی فوجی اعزاز Legion of Merit دیا گیا، ۲۰۰۶ء میں جنوبی وزیرستان میں آپریشن کی کمان کی اور اس کے سر آئی جی ایف سی ہونے کے زمانے میں ایف سی کو دہشت گردوں کے خلاف وزیرستان اور خیبر پختون خوا میں پیشہ ور فورس بنانے کا اعزاز بھی ہے، سب سے بڑھ کر طارق خان کا تعلق وزیرستان کی سرحد سے جڑے نیم قبائلی علاقے ٹانک سے ہے۔ علاوہ ازیں وزیرستان، سوات اور باقی خیبر پختون خوا میں ہونے والے قریباً تمام ہی آپریشنز میں ایف سی صفِ اول میں لڑی اور یہ بتانے کی شاید ضرورت نہیں کہ ایف سی میں اکثریت پشتونوں کی ہوتی ہے اور اس کے اکثر (پچانوے فیصد) سربراہان پشتون رہے ہیں۔

۳. جس طرح پاکستان فوج نے پشتونوں یا بلوچوں پر ظلم کیا ہے تو اسی طرح (جیسا کہ اولاً مذکور دو نکات میں ذکر آیا) پاکستان فوج نے ایسا ہی ظلم خود پنجابیوں کے ساتھ بھی روا رکھا ہے، بلکہ تحریرِ ہٰذا میں بیان ہونے والے اکثر ظلم کے واقعات و سانحات خود اس فوج کی جانب سے پنجابیوں کے ساتھ کیے گئے ہیں۔ مکرر، یہاں اصل مسئلہ کسی قوم کے خلاف جنگ نہیں بلکہ اسلام کے خلاف جنگ ہے۔

۴. پاکستانی اسٹیبلشمنٹ کے ظلم اور بے دین ولا دین پالیسیوں کے نتیجے میں، للاسف، ایسے بد نصیب لوگ پیدا ہوئے جنہوں نے قوم پرستی (بلوچ و پشتون) کے نام پر ایک ایسا علاج قوم وملت کے سامنے پیش کیا جو بجائے خود 'دواء' نہیں 'داء' ہے، مرض کا علاج نہیں بلکہ سرطان ہے۔ ماضی میں یہی کھیل مشرقی پاکستان میں کھیلا گیا، بنگالی قومیت کے نام پر بنگ بندھو (دوستِ بنگال) شیخ مجیب کی تحریک پر مکتی باہنی نے ایک ایسا حل تجویز کیا جس کے نتیجے میں اسلام کی خاطر لاکھوں جانوں کی قربانی دے کر حاصل ہونے والا ملک پاکستان دو لخت ہو گیا، اہلِ بنگال کو پاکستان کی ظالم ملٹری اسٹیبلشمنٹ سے تو نجات حاصل ہو گئی لیکن وہ پانچ دہائیوں تک کے لیے سیکولر ہندو کے غلام ہو گئے، جن حقوق کے حصول کی خاطر بنگالیوں میں بنگالی قوم پرستی کو جگا کر مکتی باہنی نے تخریب کی تھی، وہ بنگالی اسی مکتی باہنی کے اقتدار میں آجانے کے بعد بھی حقوق سے محروم رہے۔ جیسے انگریز کے جانے کے بعد ہندوستان پر کالے انگریز مسلط ہو گئے اور یہی مقامی کالے انگریز برِّ صغیر کی عوام

کا خون چوسنے لگے، اسی طرح مشرقی پاکستان کے بنگلہ دیش بن جانے کے بعد وہاں کے مقامی حکمران اہلِ بنگال کے حق میں ثابت ہوئے۔

۵. پس پاکستان کی ملٹری اسٹیبلشمنٹ نے جو آگ آج پاکستان کے جس بھی علاقے میں بھڑکائی ہے اس کا حل بلوچ، پشتون، سندھی، کشمیری، سرائیکی اور اب نہایت ابتدائی درجے میں پنجابی قوم پرست تحریکات نہیں۔ آگ کو آگ سے بجھایا نہیں جاسکتا۔ برائی کو برائی نہیں مٹایا کرتی۔ بلکہ اس ظلم کا علاج اسلام کی عادلانہ آغوش میں ہے جو رنگ، نسل، قوم کی تفریق کے بنا صرف اسلام کی بنیاد پر تمام انسانیت کے ساتھ رویہ رکھتا ہے۔

۶. پاکستان کی ملٹری اسٹیبلشمنٹ کے ظلم سے نجات کا طریقہ قوم پرست تحریکات، قوم پرست نعروں، امریکہ و سوئٹزرلینڈ یا روس و بھارت کے 'سپانسرڈ' رویوں اور حل میں نہیں، بلکہ حقیقت یہ ہے کہ یہ قوم پرست ہوں یا ان کے سہولت کار یا کئی صورتوں میں ان قوم پرستوں کے غیر ملکی آقا یہ سبھی ان اقوام کے مسیحا نہیں قاتل ہیں۔

۷. سیاسی نظریات سے اتفاق کیے بغیر، اسی ملٹری اسٹیبلشمنٹ نے جس انداز میں ۲۶ نومبر ۲۰۲۴ء کو پاکستان تحریک انصاف کے ہزاروں مظاہرین کے خلاف اسلام آباد کے قلب ڈی چوک میں 'گرینڈ آپریشن' کیا، یہ اس فوج کی ذہنیت اور ظلم پر مبنی تربیت کا نتیجہ ہے۔ اپنے ہی ملک کے شہریوں (اگرچہ وہ ملٹری اسٹیبلشمنٹ کی پروردہ اور قائم کردہ حکومت کے خلاف بر سرِ احتجاج تھے) پر یوں سیدھی گولی چلانا تاریخ کے سیاہ ابواب میں سے ہے۔ پاکستان فوج اور رینجرز نے پہلے مظاہرین کو ڈی چوک تک پہنچنے دیا، پھر خود ان کو کنٹینروں پر چڑھایا اور اپنے پلان کے مطابق ان کو گھیر کر یوں سیدھا فائر کھول دیا۔ غیر جانبدار صحافتی ذرائع کے مطابق اس قدر فائرنگ کی گئی کہ معلوم ہوتا تھا گویا اسلام آباد کا ڈی چوک نہ ہو کوئی میدانِ جنگ ہو۔ درجنوں زخمی اسلام آباد کے پولی کلینک اور پمز ہسپتال میں داخل کروائے گئے، کئی لاشیں اسی روز (گولیوں کے زخموں کے سبب) مقتولین کی ان ہسپتالوں میں لائی گئیں اور حکومتِ پاکستان ایسے کسی بھی واقعے کی تردید کرتی ہے، پمز ہسپتال کی انتظامیہ حکومتی دباؤ کے سبب ہسپتال کے رجسٹر میڈیا کے ساتھ شریک کرنے سے انکاری ہے اور پولی کلینک کے ریکارڈ میں موجود زخمیوں اور مقتولین کے ریکارڈ کو حکومت تسلیم نہیں کرتی۔ پمز اور پولی کلینک کے میڈیکل سٹاف نے صحافیوں کو بتایا کہ انہوں نے کبھی اتنے زیادہ لوگوں کی سرجری ایک رات میں نہیں کی جتنی کہ اس رات میں کی، بلکہ کئی زخمیوں کی حالت اتنی نازک تھی کہ ان کا آپریشن 'انیستھیزیا' کے بغیر ہی کرنا پڑا، اگر زخمیوں کو بے ہوش کرنے کا انتظار کرتے تو مریض جان ہی سے گزر جاتے۔

۸. ان سب درج بالا واقعات کے ساتھ پاکستان میں ایک اور بہت بڑا المیہ جڑا ہوا ہے۔ وہ ہے لاپتہ افراد کا المیہ۔ رسمی ذرائع کے مطابق وطنِ عزیز میں صرف سال ۲۰۱۱ء سے ۲۰۲۲ء تک آٹھ ہزار چار سو تریسٹھ (۸۴۶۳) افراد کے ریاستی اداروں کی جانب سے جبراً لاپتہ ہونے کے کیس رپورٹ کیے گئے، جبکہ پاکستان میں جرائم رپورٹ نہ کرنے کی شرح، ریاستی اداروں کی دھونس اور بدمعاشی جیسے عوامل کے پیشِ نظر کئی معروف و مشہور اداروں کا خیال ہے کہ یہ تعداد اس سے کہیں زیادہ ہے۔ International ranking یعنی بین الاقوامی اعداد و شمار کے حساب سے پاکستان دنیا کا دوسرے نمبر کا ملک ہے جہاں سب سے زیادہ لوگ لاپتہ ہیں۔ ملٹری اسٹیبلشمنٹ اور اس میں اس کا سرغنہ منہ زور ادارہ، آئی ایس آئی ہر مخالف کو اٹھانے، غائب کرنے، تعذیب دینے اور پھر قتل کر کے پھینک دینے میں دنیا کی بدترین مثالوں میں سے ہے۔ یہ ادارہ بغیر کسی تفریق کے اپنے مخالفین کے ساتھ از حد دشمنی کا رویہ رکھتا ہے۔

فرازؔ نے جس فوج کی مدحت میں کسی زمانے میں قصیدے لکھے تھے، وہی بنگال کے بعد مہران و بولان میں ہونے والے ظلم و ستم پر نوحہ کناں تھا:

اب مرے دوسرے بازو پہ وہ شمشیر ہے جو
اس سے پہلے بھی مرا نصف بدن کاٹ چکی
اسی بندوق کی نالی ہے مری سمت کہ جو
اس سے پہلے مری شہ رگ کا لہو چاٹ چکی

پھر وہی آگ در آئی ہے مری گلیوں میں
پھر مرے شہر میں بارود کی بو پھیلی ہے
پھر سے "تُو کون ہے" "میں کون ہوں" آپس میں سوال
پھر وہی سوچ میانِ من و تُو پھیلی ہے

مری بستی سے پرے بھی مرے دشمن ہوں گے
پر یہاں کب کوئی اغیار کا لشکر اترا
آشنا ہاتھ ہی اکثر مری جانب لپکے
مرے سینے میں سدا اپنا ہی خنجر اترا

اس سے پہلے بھی تو ایسی ہی گھڑی آئی تھی
صبحِ وحشت کی طرح شامِ غریباں کی طرح
اس سے پہلے بھی تو پیمانِ وفا ٹوٹے تھے
شیشۂ دل کی طرح، آئینۂ جاں کی طرح

اپنے ہی لوگوں کے خلاف لڑنے اور انہیں قتل کرنے کی، یہ ڈیپ سٹیٹ کی وہ برہمنی ذہنیت ہے جو اپنے مقابل آنے والے اور اپنے سے اختلاف کرنے والے ہر فرد کے خلاف فرعون سے بدتر ثابت ہوتی ہے۔ ہم نے اس تحریر میں نہایت اختصار کے ساتھ پاکستان فوج کے ظلم و سربیّت کے چند نمایاں واقعات کا ذکر کیا ہے۔ یہ فوج اس ملک پر کیسے قابض ہے کہ یہی ریاستی کلٹ آج اس ملک کا بطورِ گروہ سب سے بڑا سرمایہ دار کاروباری ادارہ ہے، کیسے یہ اس ملک کا سب سے بڑا

جاگیر دار گروہ ہے اور کیسے یہ اس ملک کی سب سے بڑی پس پردہ سیاسی جماعت ہے کہ فوجی فاؤنڈیشنز، فوجی دلیہ، ڈیری فارمز، عسکری سیمنٹ، عسکری بینک، ڈیفنس و عسکری ہاؤسنگ سکیمیں اور اتھارٹیاں، ملک بھر میں کینٹ ایریاز، آئی جے آئی سے مسلم لیگ ق اور پی ڈی ایم تک، ابھی ہمارا موضوع نہیں۔ پاکستان فوج کے خلاف جرائم کی چارج شیٹ ہزاروں صفحات پر مشتمل ہے یا شاید اس کی تعداد لاکھوں میں ہو، اس لیے کہ صرف ۲۰۱۱ء تا ۲۰۲۲ء ساڑھے آٹھ ہزار افراد کی جبری گمشدگیوں ہی کی چارج شیٹ کم از کم ساڑھے آٹھ ہزار صفحات پر مشتمل ہے۔ اس فوج کے جرائم پر سیکڑوں کتابیں موجود ہیں اور اتنی ہی مزید لکھی جا سکتی ہیں۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ وطنِ عزیز پاکستان کے اہلِ دین و دانش، فہیم سیاست دان و اہلِ صحافت، خصوصاً علمائے کرام، دینی جماعتوں کے قائدین و کارکنان اس حقیقت کا ادراک کریں کہ اس ملک میں نفاذِ اسلام سے لے کر عام آدمی کو انصاف اور روٹی نہ ملنے میں سب سے بڑا کردار اسی 'ریاستی کلٹ' یعنی ملٹری اسٹیبلشمنٹ کا ہے اور اس فوج سے چھٹکارا ایک منظم تحریک کے بنا، ناممکن ہے۔ ایک ایسی منظم تحریک جس کی پشت پر حقیقی مسلح قوت اور مضبوط شرعی و سیاسی فکر موجود ہو۔ یہ تحریک دنیا کے ہر انقلاب کی طرح خون اور قربانی مانگتی ہے۔ جو قوم قربانی دینے سے دریغ کرے اور اپنے گھروں، دو وقت کی روٹی اور ظلم کی چکی میں پسنے پر قناعت اختیار کرلے، وہ کبھی تبدیلی نہیں دیکھ سکتی۔ آج کسی ایک جرنیل کی جگہ کسی دوسرے کو لا بٹھانا حل نہیں، بلکہ یہ تو وہی musical chair کا کھیل ہے جو یہاں آٹھ دہائیوں سے جاری ہے (سیاست دانوں اور وزرائے اعظموں اور صدورِ مملکت کا تو ذکر ہی کیا کہ وہ یا تو کٹھ پتلی ہوتے ہیں یا بے اختیار حکمران)۔ چہرے نہیں نظام بدلنے کی ضرورت ہے۔ اپنے دین و ایمان کی خاطر، اپنی عزت و ناموس کی خاطر، اپنے قوم و وطن کی آزادی اور بہبود کی خاطر، دنیا میں اسلامی حلال باعزت روٹی و معاشرتی زندگی اور آخرت میں کامیابی کی خاطر، نظام بدلنے کی ضرورت ہے۔ نظام کا دوسرا نام ملٹری اسٹیبلشمنٹ، کور کمانڈر جرنیل اور ان کے پالے ہوئے فرعون صفت برہمن افسروں کا طبقہ ہے، جس نے اپنے ہی لوگوں کے خلاف اپنی بندوق کی نالی سیدھی کر رکھی ہے۔

پاکستان کے دین پسند عوام سے، اسلام سے لے کر ان کی روزی روٹی تک قوت سے چھینی گئی ہے اور پھر انہیں ایسے جھنجھنے تھما کر اول الذکر جدید جمہوری ریاست کے ستونوں کے درمیان گھری ایسی 'گھمن گھیریوں' میں بھٹکا دیا گیا ہے، جہاں سے نکلنے کا طریقہ ملٹری اسٹیبلشمنٹ کی حقیقت کو جاننا اور پھر ان کے خلاف بغاوت کرنے کے سوا کچھ نہیں۔ جو چیز قوت سے چھینی جاتی ہے وہ قوت سے ہی واپس لی جاسکتی ہے۔ تقدیر بدلنے کے لیے عزم و ارادہ اور قوت و تحریک کی ضرورت ہوتی ہے، یہ آفاقی قانون ہے کہ

خدا نے آج تک اس قوم کی حالت نہیں بدلی
نہ ہو جس کو خیال آپ اپنی حالت کے بدلنے کا

اور شاعر نے شاید انہی حالات کے پیشِ نظر کسی وقت کہا تھا:

اپنی رفتار کو اب اور ذرا تیز کرو
اپنے جذبات کو اب اور جنوں خیز کرو
ایک دو گام پہ اب منزلِ آزادی ہے
آگ اور خوں کے ادھر امن کی آبادی ہے
خود بخود ٹوٹ کے گرتی نہیں زنجیر کبھی
بدلی جاتی ہے، بدلتی نہیں تقدیر کبھی......

اللهم وفقنا لما تحب وترضى وخذ من دمائنا حتى ترضى. اللهم زدنا ولا تنقصنا وأكرمنا ولا تهنّا وأعطنا ولا تحرمنا وآثرنا ولا تؤثر علينا وأرضنا وارض عنا. اللهم إنّا نسئلك الثّبات في الأمر ونسئلك عزيمة الرشد ونسئلك شكر نعمتك وحسن عبادتك. اللهم انصر من نصر دين محمد صلى الله عليه وسلم واجعلنا منهم واخذل من خذل دين محمد صلى الله عليه وسلم ولا تجعلنا منهم، آمین یا ربّ العالمین!

[۲۹ جمادی الاولیٰ ۱۴۴۶ھ / یکم دسمبر ۲۰۲۴ء]

☆☆☆☆☆

اللہ کی محبت کا ثمرہ

رسول اللہ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

"بیشک اللہ تعالیٰ جب کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو جبریل علیہ السلام کو بلاتا ہے اور کہتا ہے: میں فلاں سے محبت کرتا ہوں، پس تم بھی اس سے محبت کرو، چنانچہ جبریل علیہ السلام بھی اس سے محبت کرتے ہیں، پھر وہ آسمان والوں میں ندا دیتے ہیں کہ اللہ فلاں بندے سے محبت کرتا ہے، پس تم بھی اس سے محبت کرو، پس آسمان والے بھی اس سے محبت کرنے لگتے ہیں، پھر زمین میں اس کے لیے قبولیت رکھ دی جاتی ہے۔"

(صحیح بخاری)

عافیہ صدیقی: بیٹی فروشوں اور صلیبی درندوں کے ظلم کی داستان

شاہین صدیقی

ڈاکٹر عافیہ صدیقی امت کی مظلوم ترین بیٹی، جس کو ناحق قید و بند اور ظلم و استبداد برداشت کرتے اکیس سال ہوچکے، بدنام زمانہ امریکی جیل میں اب بھی قید کاٹ رہی ہے۔ جن دین و ملت، عزت و عفت فروش حکمرانوں نے عافیہ کو ڈالروں کے عوض امریکیوں کو فروخت کیا اور جس اسٹیبلشمنٹ (فوج اور آئی ایس آئی) نے عافیہ کو راستے سے اغوا کیا اور اسے اس کے بچوں سے جدا کرکے امریکہ کی بدنام زمانہ جیل بگرام پہنچا دیا، وہی حکمران اور وہی اسٹیبلشمنٹ اب بھی اس کی رہائی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہیں۔

صدارتی معافی نامہ حاصل کرنے کی مہم

عافیہ صدیقی کی بہن فوزیہ صدیقی، عافیہ صدیقی کے وکیل کلائیو سمتھ اور فری عافیہ موومنٹ کی ٹیم ایک عرصہ سے عافیہ صدیقی کی رہائی کے لیے انتھک کوششیں کر رہے ہیں۔ اس سلسلے کی تازہ کوشش امریکی صدر بائیڈن کی مدتِ حکومت پوری ہونے سے قبل عافیہ صدیقی کی سزا کے معافی نامے پر دستخط کروانا تھا۔ اس سلسلے میں فوزیہ صدیقی نے اسلام آباد ہائیکورٹ میں مقدمہ بھی لڑا اور عدالت کے دباؤ پر وزیر اعظم شہباز شریف سے امریکی صدر بائیڈن کے نام ایک خط بھی لکھوایا گیا جس کے ذریعے بائیڈن سے عافیہ کی سزا معافی کی درخواست کی گئی۔ لیکن بدنیتی سے لکھا جانے والا یہ خط نہ صرف بائیڈن تک پہنچایا نہیں گیا بلکہ پس پردہ قوتوں نے اس بات کو بھی یقینی بنایا کہ عافیہ صدیقی کو رہائی نہ مل سکے۔

ڈاکٹر عافیہ صدیقی کے وکیل کلائیو سٹیفرڈ سمتھ نے، جو کہ اس سے پہلے بھی بدنام زمانہ حراستی مرکز گوانتانامو بے سے ۸۰ کے لگ بھگ قیدیوں کو آزادی دلوا چکے ہیں، پچھلے چند سالوں میں عافیہ صدیقی کے کیس پر از سرِ نو کام کیا اور نہ صرف عافیہ صدیقی پر لگے جھوٹے الزامات، تشدد اور ناانصافیوں کا احاطہ کیا، بلکہ افغانستان سے عافیہ کی بے گناہی کے حق میں نئے ثبوت اور گواہوں کے بیانات بھی حاصل کیے، ۶۶ امریکی سینیٹرز سے ملاقاتیں کرکے انھیں ساتھ دینے پر قائل کیا اور ۷۶،۶۰۰ الفاظ پر مشتمل ایک تفصیلی رپورٹ بائیڈن کے دفتر بھی جمع کروائی جس میں ثابت کیا کہ عافیہ پر لگے تمام الزامات بے بنیاد ہیں۔ اس کے علاوہ فری عافیہ موومنٹ نے آن لائن پیٹیشن پر دستخط کی مہم چلائی جس کے ذریعے ۱۶ لاکھ لوگوں کے دستخط کروائے گئے۔

امریکی حکومت میں روایت ہے کہ ہر جانے والا صدر اپنی حکومت کے آخری دنوں میں بہت سے قیدیوں کے لیے صدارتی معافی نامے جاری کرتا ہے۔ اس دفعہ بہت امید تھی کہ کلائیو سمتھ کی کوششوں اور پاکستانی حکومت کے کہنے پر عافیہ صدیقی رہا ہو کر وطن واپس آجائیں گی۔

لیکن بائیڈن، جس نے ہزاروں لوگوں کی، صدارتی اختیار استعمال کرتے ہوئے، سزائیں معاف کیں (جن میں قاتل، جاسوس اور بینک ڈکیت بھی شامل تھے)، عافیہ کے حق میں دائر کی گئی درخواست کو مسترد کر دیا۔

لیکن جس شخص کو غزہ کے لاکھوں معصوم شہداء پر رحم نہ آیا اس سے عافیہ سے متعلق کوئی امید کیسے رکھی جاسکتی تھی؟

بے شک مسلمانوں کے خلاف تمام کفار اور ان کی آلۂ کار منافق حکومتیں متحد ہیں، ان کی جنگ کسی ملک یا گروہ کے خلاف نہیں بلکہ پوری امتِ مسلمہ کے خلاف ہے۔ ان کے نزدیک عافیہ کا بھی وہی قصور ہے جو غزہ کے لاکھوں مظلوموں کا قصور ہے۔

ڈاکٹر فوزیہ صدیقی جنہوں نے حتی المقدور کوشش کی اور تمام قانونی تقاضے پورے کیے، اور جو اس موقع کے چلے جانے کے بعد بھی پر امید ہیں کہ اللہ تعالیٰ کوئی نہ کوئی راستہ ضرور نکالیں گے، کہتی ہیں کہ صدارتی معافی کے منصوبے کے متعلق جب عافیہ صدیقی سے بات کی تو عافیہ کہنے لگیں کہ اگر رحم کی اپیل ہی کرنی ہے تو امریکی صدر سے کیوں کروں؟ اپنے رب سے رحم کی اپیل کیوں نہ کروں جو رحمان و رحیم ہے؟ کلائیو سمتھ کے مطابق عافیہ صدیقی کے لیے کوششیں جاری رکھیں گے، ابھی پلان اے فیل ہوا ہے، پلان بی، سی، ڈی اور ای ابھی باقی ہیں۔

یہاں اس بات کا ذکر کرنا بھی ضروری ہے کہ برصغیر کی جہادی تنظیموں نے بھی عافیہ بہن کی رہائی کے لیے ماضی میں کوششیں کی ہیں اور آخری کوشش میں ۲۰۱۴ء میں افغان طالبان نے یووان ریڈلے کی وساطت سے ایک امریکی فوجی بوبرگڈل کی حوالگی کے بدلے عافیہ صدیقی کا مطالبہ کیا تھا۔ قیدیوں کے تبادلے کا یہ منصوبہ جب آخری مراحل میں تھا تو اس کی بھنک پاکستانی آئی ایس آئی کو پڑ گئی اور اس نے افغان طالبان پر دباؤ ڈالا کہ عافیہ کو رہا نہ کروائیں اور ساتھ ہی یہ دھمکی بھی دی کہ اگر عافیہ رہا ہو کر واپس آبھی گئیں تو وہ یہاں ۲۴ گھنٹوں سے زیادہ زندہ نہیں رہ سکیں گی۔

عافیہ صدیقی کے اغوا اور سزا کی کہانی

مارچ ۲۰۰۳ء کی بات ہے کہ عافیہ صدیقی کو پاکستانی انٹیلی جنس ایجنسی 'آئی ایس آئی' نے کراچی سے اس وقت اغوا کیا جب وہ اپنے تین بچوں سمیت کراچی سے اسلام آباد جانے کے لیے ایئرپورٹ جارہی تھیں۔ ان کا سب سے چھوٹا بیٹا سلمان محض ایک ماہ کا تھا، اسے آئی ایس آئی کے

درندوں نے موقع پر ہی قتل کر دیا، ۴ سالہ بیٹی مریم کو افغانستان میں رہائش پزیر ایک امریکی عیسائی فیملی کے حوالے کر دیا، سب سے بڑے بیٹے احمد کو، جو اس وقت ۵ سال کا تھا، افغانستان میں بچوں کی جیل میں ڈال دیا اور وہاں اسے کہا گیا کہ تمہارا نام علی ہے اور اگر تم نے کسی کو اپنا نام احمد بتایا تو تمہیں گولی مار دیں گے جبکہ عافیہ صدیقی کو بگرام منتقل کر دیا گیا جہاں پانچ سال تک ان پر بے پناہ تشدد کیا گیا۔

عافیہ صدیقی کے اغوا کے بعد ان کی بہن ڈاکٹر فوزیہ صدیقی اور ان کی والدہ کو نامعلوم فون کالز سے دھمکیاں ملتی رہیں کہ عافیہ صدیقی سے متعلق اپنی زبان بند رکھیں۔ لیکن ان کی بہن مسلسل ہر فورم پر عافیہ کو بازیاب کروانے کے لیے آواز اٹھاتی رہیں۔ امریکی میڈیا نے تو عافیہ صدیقی کی گرفتاری کی خبر فوراً ہی جاری کر دی۔ لیکن بیٹی فروش فوج ان کی آواز کو دباتی رہی۔

۲۰۰۶ء میں گوانتاناموسے رہا ہوئے قیدی معظم بیگ نے اپنی کتاب The Enemy Combatant میں بگرام کی ایک قیدی خاتون، قیدی نمبر ۶۵۰ کا ذکر کیا، جو The Grey Lady of Bagram سے بھی مشہور ہوئی۔

اپنی کتاب میں معظم بیگ نے اس خاتون پر ہونے والے تشدد کے باعث مدد کے لیے اس کی چیخوں کا بھی ذکر کیا۔ یووان ریڈلے نے اس متعلق کچھ تحقیق کی تو پتہ چلا کہ وہ خاتون عافیہ صدیقی ہیں۔ پھر انہوں نے پاکستان آکر فوزیہ صدیقی کے ساتھ مل کر بھرپور مہم چلائی اور رائے عامہ ہموار کی۔

غزنی میں نمودار ہونے کی پس پردہ کہانی

اغوا کے پانچ سال بعد نحیف و نزار ہڈیوں کا ڈھانچہ بنی عافیہ صدیقی اچانک غزنی میں منظرِ عام پر آئیں اور اپنے بیٹے کے ہمراہ غزنی کی جامع مسجد کے باہر سے گرفتار کر لی گئیں۔ یہ ایک معمہ تھا، جس کے پیچھے چھپی حقیقت جاننے کے لیے عافیہ کے موجودہ وکیل کلائیو سمتھ نے افغانستان جا کر حقیقت معلوم کرنے کی کوشش کی۔

ان کے مطابق جب عافیہ صدیقی کو پانچ سال مسلسل تشدد کا نشانہ بنا کر بھی انہیں کچھ حاصل نہ ہو سکا تو انہوں نے آئی ایس آئی کے ساتھ مل کر عافیہ کے قتل کا منصوبہ بنایا تاکہ عافیہ کو افغانستان میں ہی خودکش بمبار ظاہر کر کے مروا دیا جائے۔ اس کے لیے انہوں نے عافیہ صدیقی کو ان کے بیٹے کے ہمراہ یہ کہہ کر غزنی روانا کر دیا کہ وہاں خالد بن ولید مسجد کے باہر بیٹھ جاؤ، وہاں تمہاری بیٹی کو تمہارے حوالے کر دیا جائے گا، پھر اسے لے کر تم پاکستان چلی جانا۔

عافیہ حقیقت سے بے خبر اپنے بیٹے کے ساتھ چلی گئی، لیکن نہ تو خوف کے مارے بچے نے اپنا اصل نام بتایا اور نہ ہی اپنی ذہنی حالت کے پیشِ نظر عافیہ کو احساس ہو سکا کہ اس کے ساتھ بھیجا جانے والا بچہ اس کا اپنا بیٹا ہے۔ جس گاڑی میں عافیہ سوار تھی اسی بس میں ایک آئی ایس آئی کا ایجنٹ بھی موجود تھا جس نے عافیہ کے پاس وہ بیگ پلانٹ کر دیا جس میں بارودی اور کیمیائی ہتھیار بنانے کے طریقے اور امریکہ کے چند نقشے موجود تھے اور جولائی کی سخت گرمی میں احمد کو ایسی جیکٹ پہنائی کہ وہ خودکش بمبار لگے۔ یہ واقعہ ۱۷ جولائی ۲۰۰۸ء کا ہے۔ اس سے دو دن پہلے افغان نیشنل پولیس کو ایک کال موصول ہوئی جس میں مذکورہ مسجد کے باہر ۲ خودکش بمباروں کے آنے اور وہاں دھماکہ کرنے کی انٹیل دی گئی۔

عافیہ شام تک اس مسجد کے باہر بیٹھی رہیں، اس امید پر کہ یہاں اس کی بیٹی لا کر دی جائے گی۔ مسجد کے سامنے ایک درزی کی دکان تھی جو پاکستان میں کام کر چکا تھا اس لیے اردو سے واقف تھا، اس نے ایک لاچار عورت سمجھ کر پوچھا کہ وہ یہاں کیوں بیٹھی ہے جس پر اس نے وہی جواب دیا کہ اس کی بیٹی کو لا کر یہاں دیا جائے گا۔ اندھیرا چھانے لگا تو وہ شخص پھر عافیہ کے پاس گیا اور کہا کہ جنگ کے دن ہیں آپ یہاں سے چلیں رات میری والدہ کے پاس گزار لیں۔ عین اسی وقت افغان نیشنل پولیس نے چھاپہ مارا اور عافیہ کی جانب اپنی بندوقیں تان لیں۔ لیکن اللہ نے ان کا یہ منصوبہ اس طرح خاک میں ملا دیا کہ وہی درزی عافیہ کے سامنے آ گیا اور اس نے پولیس کو قائل کیا کہ یہ ایک بے بس عورت ہے اسے کیوں مارتے ہو۔

افغان پولیس عافیہ اور ان کے بیٹے کو غزنی پولیس ہیڈکوارٹر لے گئی، جہاں ۱۸ جولائی کی صبح امریکی عافیہ کو اپنی تحویل میں لینے پہنچ گئے۔ اس پر افغان پولیس اور امریکیوں میں بحث و تکرار بھی ہوئی۔ افغان پولیس کا کہنا تھا کہ یہ آپ کا معاملہ نہیں ہے، لیکن امریکیوں نے انہیں رشوت دے کر قائل کر لیا جس کے بعد افغان پولیس امریکیوں کو اس کمرے میں لے گئے جہاں عافیہ ایک پردے کے پیچھے موجود تھی۔ وہ امریکیوں کی آواز سن کر پریشان ہو گئیں، انہوں نے پردہ ہٹا کر جھانک کر دیکھا ہی تھا کہ ایک امریکی اہلکار نے چیخ کر کہا "she is on the loose" اور انہیں دو گولیاں مار دیں، جس پر خود افغان پولیس اہلکار بھی پریشان ہو گئے۔ ان کا مقصد عافیہ کو اسی وقت ختم کرنا تھا، لیکن ان کی یہ چال بھی اللہ نے ناکام بنا دی۔ حقیقت کو چھپانے کے لیے انہوں نے ایک جھوٹا پراپیگنڈا کیا کہ عافیہ نے انہی کی گن (M4) اٹھائی اور دو فائر کیے اور ثبوت کے طور پر دیوار میں دو سوراخ دکھائے۔ بعد میں کلائیو سمتھ نے تحقیق کر کے اس کمرے کی پرانی ویڈیوز سے ثابت کیا کہ یہ سوراخ پہلے سے موجود تھے۔

تمام قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے عافیہ صدیقی کو وہاں سے نیویارک لے جایا گیا اور وہاں کی اندھی عدالت نے، بغیر کسی ثبوت کے، عافیہ صدیقی کو ۸۶ سال کی سزا سنادی۔

عافیہ صدیقی کے وکیل کلائیو سمتھ کی بقول اوّل تو یہ تک نہ ثابت کیا جا سکا کہ عافیہ صدیقی نے گن اٹھائی تھی کیوں کہ اس کے فنگر پرنٹ ہی کسی گن پر موجود نہ تھے۔ لیکن اگر عافیہ اپنے دفاع میں گولی بھی چلاتی تو بھی قانونی طور پر اسے یہ حق حاصل تھا، کیونکہ وہ اغوا کر کے زبردستی لائی گئی تھی۔

(بقیہ صفحہ نمبر ۱۴۱ پر)

میٹھے زہر اور بدلتا معاشرہ

اریب اطہر

گزشتہ عرصے میں پنجاب پولیس کی جانب سے ایسی ویڈیوز اور تصاویر وائرل کی جا رہی تھیں جن میں ایس ایچ او وردی میں کبھی جمعے کا خطبہ دے رہا ہے تو کبھی کوئی درس۔ بعض ایسی ویڈیوز بھی وائرل ہوئیں جن میں وہ مسجد کے لاؤڈ سپیکر کو استعمال کرتے ہوئے لوگوں کو گالیوں سمیت دھمکیاں دے رہے ہیں کہ فلاں گروپ کی سوشل میڈیا پر کوئی حمایت نہ کرے۔ اس میں تو کوئی شک نہیں کہ خیبر پختونخواہ اور بلوچستان کے مقابلے میں پنجاب اور سندھ میں پولیس افسران کی اکثریت انتہادرجے کی بدکار، شرابی وزانی افراد کی ہے۔ اب ایسے افراد کو مسجد کا منبر ملنے کے کیا معنی ہیں یہ بخوبی سمجھا جاسکتا ہے۔ بہر حال اب معاملہ لیڈیز پولیس تک آ چکا ہے۔ سوشل میڈیا ایکٹوسٹ عمار خان ناصر نے تصویر کیساتھ پوسٹ کیا:

> ”خاتون ASP شہر بانو نقوی کی لاہور کی ایک مقامی مسجد میں کھلی کچہری کی وائرل تصویر پہ عوام کی شدید تنقید۔ کیا ایک خاتون کا اس طرح مسجد میں آ کر مجمع لگانا جائز ہے؟ علماء سے فتویٰ طلب۔“

یہ بھی واضح رہے کہ مذکورہ خاتون ایک طرف محسن نقوی کی رشتہ دار ہونے کے سبب میڈیا کوریج پاتی رہی، دوسری جانب اس نے ٹرانس جینڈرز (اپنی جنس بدلنے والے افراد) کے لیے بھی کافی ایکٹیویزم دکھائی۔ ایسے میں عمار خان ناصر کا طنزیہ سوال یا اعتراض بالکل حق بجانب تھا۔ لیکن عمار خان کے اس تبصرے پر جہاں ایک طرف نام نہاد روشن خیال سیکولر و لبرل صحافیوں اور دیگر افراد نے اپنی نفرت و بغض کا اظہار کیا اور بعض نے اسے اسلامی روایات کے مطابق ثابت کرنے کی کوشش کی تو وہیں چند دیندار افراد بھی سیخ پا ہوئے اور ایسا جواب دیا جیسا عموماً ملحد، سیکولر اور دین بیزار افراد کی جانب سے عموماً آیا کرتا ہے۔ انہی میں ایک مذہبی شناخت رکھنے والے صحافی بھی شامل ہیں جو ایک بڑی مذہبی سیاسی جماعت کے حامی بھی ہیں۔ موصوف لکھتے ہیں:

> ”خاتون آفیسر مسجد میں مجمع نہیں لگا سکتی، مسجد میں مجمع لگانے کا اختیار صرف مولوی صاحب کے پاس ہے، کہنا آپ یہ چاہ رہے ہیں۔ حالانکہ دین اسلام کی تعلیمات اس کے برعکس ہیں جو ہمیں نہیں بتائیں گے۔ ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ کے زمانے میں عیسائی تشریف لائے انہوں نے آپ سے اجازت مانگی کہ وہ اپنی عبادت کرنا چاہتے آپ نے انہیں مسجد کے اندر اپنی عبادت کرنے کی اجازت دی۔ ایک وہ دین اسلام کی تعلیمات تھیں اور ایک یہ ہیں جو ایک مسلمان خاتون کے مسجد آنے پر سیخ پا ہیں اور دیگر مسلمانوں کو متشدد بنایا جارہا ہے۔ افسوس!“

عمار خان کی پوسٹ پر جہاں چند معروف صحافیوں سمیت بہت سے افراد نے اسے لعن طعن کا نشانہ بنایا وہیں میرے لیے یہ شدید حیرانگی کی بات تھی کہ اب مذہبی سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے افراد بھی اس نام نہاد روشن خیالی کی ڈگر پر چلنے لگے ہیں اور وہ انداز اختیار کرنے لگے ہیں جو سیکولرز اور ملحدین کا خاصہ تھا۔ اور یہ ہوش اڑا دینے والی تبدیلی آئی کیسے؟ جس نے عام دنیادار افراد کو ہی نہیں اچھے بھلے دیندار افراد کو اس طرح بدل ڈالا ہے کہ عقل دنگ رہ جاتی ہے۔ اور انسان سوچنے پر مجبور ہو جاتا ہے کہ پھر عام افراد اور ان میں نوجوان نسل ان فتنوں سے کس طرح بچ پائے گی؟

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں لوگوں کے دلوں پر فتنے اس طرح پھیلا دیے جائیں گے جس طرح چٹائی پھیلائی جاتی ہے، جو دل ان کا انکار کرے گا اس کے اندر ایک سفید داغ لگا دیا جائے گا اور جو ان میں شامل ہو گا اس کے دل میں ایک سیاہ داغ لگا دیا جائے گا اور لوگوں کے قلوب دو طرح کے ہو جائیں گے، اس کے بعد آپ ﷺ نے ایک سفید اور ایک کالا پتھر ہاتھ میں لیا اور کہا اس طرح دو طرح کے ہو جائیں گے، ایک تو صاف شفاف پتھر کی طرح سفید ہو گا، جب تک آسمان و زمین رہیں گے کوئی بھی فتنہ اس کے لیے نقصان دہ نہ ہو گا اور دوسرا ٹیڑھے برتن کی طرح کالا ہو گا، اور اپنے ہاتھ سے پتھر کو ٹیڑھا کر کے دکھایا، یہ دل نہ تو کسی اچھی بات کو سمجھ سکے گا اور نہ کسی بری بات پر نکیر کرے گا، سوائے اس کے جو اس کی نفسانی خواہشات کے مطابق ہو۔ لیکن ان سب سے پہلے ایک بند دروازہ ہے اور یہ دروازہ ایک ایسا شخص ہے جو قریب ہے کہ شہید ہو جائے یا اپنی موت مرے۔[۳۹]

بظاہر ایسے لگتا ہے کہ جو دیندار حضرات ایسا موقف اختیار کرتے ہیں وہ سمجھتے ہیں کہ ایسا کر کے شاید انہیں صحافتی حلقوں میں زیادہ پذیرائی ملے گی۔ کچھ یہی تبدیلی ہمیں بعض اوقات مذہبی سیاسی رہنماؤں کی جانب سے بھی دیکھنے کو ملتی ہے کہ جو افعال آج سے ایک یا دو دہائی پہلے وہم و گمان میں بھی نہیں آسکتے تھے کہ کوئی سرانجام دے گا آج اسے دیندار افراد سرانجام دیتے نہیں ہچکچا رہے۔ ایک بڑی مذہبی سیاسی جماعت کے بڑے اور مشہور و معروف رہنما فاحشہ ٹک ٹاکر کو شال پیش کرتے اوڑھاتے ویڈیو بنوا رہے ہیں۔ بے پردہ خواتین کی تصاویر اور ویڈیوز اب

---

[۳۹] مستدرک حاکم ۴/۴۶۸، صحيح مسلم ، كتاب الايمان ۲۳۱، مسند احمد

مذہبی سیاسی جماعتوں کے آفیشل اکاؤنٹس سے بھی خوب شئیر ہوتی ہیں۔ شاید اس سے انہیں موجودہ جمہوری نظام میں اپنا سافٹ امیج بنانے میں مدد ملتی ہو گی۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب دل کی کیفیت ایسی ہو جائے گی کہ نہ معروف کو پہچان سکے اور نہ منکر پر ٹوک سکے تو اسے پلٹ دیا جائے گا۔[40]

ایک دفعہ ایک پاکستانی ائیر لائن 'ائیر بلیو' کی پرواز کے دوران ایک پاکستانی جوڑا سرعام بوس و کنار کرنے لگا۔ انکی سیٹ کے پیچھے ایک شخص اپنی والدہ کے ساتھ بیٹھا تھا۔ انتظامیہ کو شکایت کی تو انہوں نے اس جوڑے کو باز رکھنے کی بجائے انہیں ایک کمبل دے دیا۔ سفر کے اختتام کے بعد جب ائیر لائن سے اس متعلق شکایت کی گئی اور یہ معاملہ نیوز اور سوشل میڈیا تک پہنچا تو شکایت کرنے والے شخص کے خلاف پاکستان کے لبرل طبقے نے اس طرح مہم چلائی اور مذاق اڑایا جیسے اصل قصوروار وہی ہو۔ ایک معروف خاتون صحافی عفت رضوی نے بھی اس لعن طعن میں حصہ ڈالتے ہوئے شکایت کرنے والے نوجوان کے متعلق کہا کہ انتظامیہ کو کمبل اس جوڑے کی بجائے اس نوجوان پر اوڑھانا چاہیے تھا۔ اسکے علاوہ ایک بڑی تعداد تھی جو مختلف زاویوں سے شکایت کرنے والے نوجوان کو غلط ثابت کرنے پر تلی تھی۔ یہ وہ رویہ ہے جس کا سامنا آج مسلم ممالک میں ہر اس شخص کو کرنا پڑتا ہے جو کسی بھی برائی پر تنقید کرے یا روکنے کی کوشش کرے۔ یہ وہ تبدیلی ہے جو ایک میٹھے زہر کی مانند بذریعہ تعلیم، میڈیا اور بذریعہ سیاسی نظام لوگوں کی زندگیوں میں مسلسل گھولی جا رہی ہے۔ خوش قسمت ہیں وہ لوگ جو ان فتنوں اور اس میٹھے زہر کو شناخت کر سکتے ہیں اور خود بھی اس سے بچتے ہیں اور اپنے اہل و عیال کو بھی بچانے کی فکر کرتے ہیں۔

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آنے والا ہے جس میں مومن کا دل ایسے پگھلے گا جیسے نمک پانی میں پگھلتا ہے کسی نے پوچھا: یہ کس وجہ سے؟ آپ نے فرمایا: یہ اس وجہ سے کہ وہ کسی برائی کو دیکھے گا (مگر) اسے ہٹا نہ سکے گا۔[41]

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا فتنہ کے اندر حق و باطل دونوں چیزیں غلط ملط ہو جائیں گی لہذا جو شخص حق کو پہچان لے گا فتنہ اس کو نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔[42]

ایک اور روایت میں ہے حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا فتنہ لوگوں کے دلوں پر مسلط ہو جائے گا چنانچہ جو شخص اس کو رواج دے گا اس کے دل میں نقطہ کے مانند ایک کالا نشان لگا دیا جائے گا اسی طرح جو شخص اس کا انکار کرے گا اس کے دل پر ایک سفید نشان لگا دیا جائے گا۔ تو کون ہے جو جاننا چاہتا ہے کہ کون اس فتنہ میں مبتلا ہو گا اور کون محفوظ رہے گا؟ اس کو چاہیے کہ غور کرلے چنانچہ جو حرام کو حلال اور حلال کو حرام قرار دے گا وہ اس فتنہ سے دوچار ہو گا، انسان صبح تو اس حال میں کرے گا کہ وہ بینا ہو گا لیکن شام اس حال میں کرے گا کہ وہ اندھا ہو چکا ہو گا۔[43]

ابو مسعود انصاری نے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے درخواست کی کہ ہمیں کوئی نصیحت فرمادیں جس پر ہم مضبوطی سے عمل کریں، انہوں نے فرمایا: حقیقی گمراہی یہ ہے کہ تم جس کو منکر (برائی) سمجھتے تھے اس کو معروف (بھلائی) سمجھنے لگو اور جس کو معروف سمجھتے تھے اس کو منکر کہنے لگو، لہٰذا اس وقت جس پر تم ہو اس کو مضبوطی سے پکڑ لو کیونکہ اس کے بعد کوئی بھی فتنہ تمہیں نقصان نہیں پہنچائے گا۔[44]

پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا، تعلیمی نظام اور پاکستان کے موجودہ جمہوری نظام و قوانین عالمی قوتوں کی پاکستان میں بے دینی کے فروغ کے لیے جس طرح اور جس قدر سہولت کاری کر رہے ہیں وہ ایک طرف لیکن ان سب کے علاوہ اگر غیر ملکی این جی اوز کے مواد پر بھی نظر ڈالی جائے تو بخوبی یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ ان کا مقصود لوگوں کی دنیاوی فلاح بھی ہر گز نہیں ہے بلکہ اصل مقصود وہ الحاد اور بے دینی ہے جو ان کی ڈوریں ہلانے والوں کا عالمی ایجنڈا ہے۔

ایک عزیز جو فلاحی اداروں کے کاموں میں کافی دلچسپی لیا کرتے تھے اس نیت سے کہ لوگوں کی مدد کرنے اور ان کی زندگیاں بہتر بنانے کا موقع ملے گا کچھ تگ و دو کے بعد ایک این جی او میں ملازمت حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے۔ یہ این جی او ملک بھر کی جیلوں میں کورسز کروا رہی تھی۔ ان صاحب کی بھی ایک جیل میں تعیناتی ہوئی۔ یہ صاحب بتاتے ہیں کہ مجھے یہ جان کر بہت حیرت ہوئی کہ اس این جی او کا کمپیوٹر کورسز یا کسی اور طرح کی skill development کا کوئی پروگرام نہیں تھا بلکہ قیدیوں کی کونسلنگ اور انہیں بظاہر بھلائی اور اچھائی کی طرف راغب کرنے اور مفید شہری بنانے کا دعوتی مواد ترتیب دیا گیا تھا لیکن اس پورے مواد میں کسی اسلامی اصطلاح، گناہ اور آخرت کی جوابدہی کا کوئی تذکرہ نہیں تھا۔ اس پورے مواد میں اگر کوئی اچھی بات بتائی بھی گئی تھی تو وہ سیکولرزم و لبرلزم کی حدود میں رہتے ہوئے۔ شراب نوشی کے متعلق یہ نہیں کہا گیا کہ یہ حرام ہے بلکہ بتایا گیا کہ اس کی بے اعتدالی سے بچیں۔ میاں بیوی اور ازدواجی تعلقات کے بجائے پارٹنر کا لفظ استعمال کیا گیا اور پارٹنر سے وفاداری کی ترغیب دی گئی۔ غرض پورا مواد سیکولر و لبرل پیمانے کے مطابق ایک اچھے شہری کا تربیتی کورس ہے۔ ان کتابچوں سے معلوم ہوتا ہے کہ اسے جیلوں کے علاوہ بھی مختلف جگہوں پر بانٹنے اور پھیلانے کی غرض سے تیار کیا گیا تھا۔

---

[40] مصنف ابن ابی شیبہ ۷/۵۰۴, الفتن ۱۳۶

[41] ابن ابی الدنیا فی کتاب الامر بالمعروف والنھی عن المنکر، کنزالعمال ۸۴۶۳

[42] الفتن ۱۳۰

[43] مصنف ابن ابی شیبہ ۷/۴۷۴ سنن ابوعمرودانی ۱/۲۶, مستدرک حاکم ۴/۴۶۷, حلیتہ الاولیاء ۲/۲۷۲

[44] مصنف ابن ابی شیبہ ، الفتن ۱۳۲

آج ہمیں پاکستانی معاشرے میں ایسے بہت سے افراد بکثرت نظر آتے ہیں جو انسانی حقوق کے نام پر کبھی قادیانیت کا مقدمہ لڑتے نظر آتے ہیں تو کبھی ٹرانس جینڈر اور عورت مارچ ٹائپ تحریکوں کا۔

ایک فتنہ بے حسی کا بھی ہے جس نے مسلمانوں کو پہلے مختلف لکیروں میں قید کر کے لفظ امت کے مفہوم سے ہی نا آشنا کر دیا تھا اور اب نوبت یہاں تک آپہنچی ہے کہ اپنے اطراف، اپنے ملک، اپنے شہر، اپنے پڑوس سے لاتعلق ہیں چہ جائیکہ وہ فلسطین، شام، عراق، یمن، صومالیہ، انڈیا و چین مین ظلم سہتے مسلمانوں کے متعلق خیر خواہی کی حسرت کریں۔

حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ دین تو سراسر خیر خواہی کا نام ہے، صحابہ رضی اللہ عنہم نے پوچھا یارسول اللہ! ﷺ کس کے لئے؟ نبی ﷺ نے فرمایا اللہ کے لئے، اس کی کتاب کے لئے، اس کے رسول کے لئے، مسلمانوں کے حکمرانوں کے لئے اور عام مسلمانوں کے لئے۔[45]

حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ قبول اسلام کے وقت میں نے بارگاہِ رسالت میں عرض کیا یارسول اللہ! کوئی شرط ہو تو وہ مجھے بتا دیجئے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا اللہ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ، فرض نماز پڑھو، فرض زکوٰۃ ادا کرو، ہر مسلمان کی خیر خواہی کرو اور کافر سے بیزاری ظاہر کرو۔[46]

ایک اور روایت میں ہے کہ مومن مومن کا بھائی ہے جو اس کی خیر خواہی سے کبھی نہیں اکتاتا۔[47]

> ”مومن آپس میں ایک دوسرے کے خیر خواہ اور ایک دوسرے کو چاہنے والے ہیں خواہ ان کے وطن اور جسم جدا جدا ہوں اور فاسق لوگ ایک دوسرے کو دھوکہ دینے والے ہیں ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کی فکر میں رہتے ہیں خواہ ان کی جائے سکونت اور جسم ایک جگہ ہوں۔“[48]

آج فقط اپنا گھر، کاروبار، نوکری، روزگار اور اپنے بچے، یہی کل دنیا ہے۔ کسی کو اس کے بوجھ نے ایسا مارا کہ اس کے پاس سر کھجانے اور کچھ سوچنے اور فکر کرنے کی ہی فرصت یا سکت ہی نہیں اور جنہیں آسودگی میسر آئی وہ سمجھتے ہیں کہ جو کچھ میسر ہے اسے ہی محفوظ بنایا جائے۔ لہٰذا ایسے لوگوں سے دور رہنے میں ہی وہ عافیت سمجھتے ہیں جو لوگ امت کے مسائل کی بات کرتے ہیں۔

اگر کوئی انہیں اس طرف توجہ دلانے کی کوشش بھی کرے تو وہ ایسا ردعمل دیں گے جیسے یہ بات کرنے والا احمق اور مجنون ہے۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میرے بعد میری امت کو ایسے فتنے ڈھانپ لیں گے کہ آدمی کا دل اسی طرح مردہ ہو جائے گا جیسے اسکا جسم۔[49]

فلسفہ عدم تشدد، اور پرامن جدوجہد جسے عالمی طاقتوں نے بڑی ہوشیاری کے ساتھ مسلم معاشروں میں اس طرح پھیلایا ہے کہ اب سیکولر و لبرل جماعتیں ہی نہیں مذہبی سیاسی جماعتیں، ان کی قیادتیں اور ان کے کارکنان اس فلسفے کے خلاف ایک لفظ سننا گوارا نہیں کرتے۔ اس فلسفے کی پیروی کرنے میں حقیقتاً سچائی ہوتی تو اس کی جھلک ان کی ذاتی زندگی میں بھی نظر آنی چاہیے تھی۔

وہ افراد جو نفاذ اسلام کی جدوجہد کے لیے ہتھیار اٹھانے والوں کو لعن طعن کا نشانہ بناتے ہیں اگر ان کی ذاتی زندگی میں کسی جائداد کا کوئی مسئلہ ہو جائے، کسی سے لین دین کا مسئلہ ہو جائے، وہاں انہیں ہتھیار اٹھاتے کوئی جھجک محسوس نہیں ہوگی۔ یعنی آپ کی ذات کا یا کسی دنیاوی فائدے کا کوئی مسئلہ ہو تو ہتھیار اٹھانا معیوب بات نہیں ہے لیکن اگر کوئی شخص اپنی ذات کی بجائے مسلمانوں کے اجتماعی معاملات کے لیے اور دینی فریضے کی ادائیگی کے لیے ہتھیار اٹھائے تو وہ قابل ملامت ہوا؟ ایک ایسے ہی صاحب نے ایک معمولی پراپرٹی کے لیے اپنے سگے بھائی کو قتل کیا۔ اور ایسی لاتعداد مثالیں ہیں کہ سگے خونی رشتہ دار ایک دوسرے کو قتل کر رہے ہیں۔

حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: اس وقت تمہاری کیا حالت ہوگی جب تمہاری عورتیں سرکش اور تمہارے نوجوان فاسق ہو جائیں گے اور تم جہاد چھوڑ بیٹھو گے؟ لوگوں نے عرض کیا یارسول اللہ! کیا یہ (واقعی) ہونے والا ہے؟ آپ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے ہاں ہونے والا ہے، بلکہ اس سے بھی زیادہ سخت، لوگوں نے عرض کیا یارسول اللہ! اس سے زیادہ سخت کیا ہے؟

آپ نے فرمایا: تمہاری اس وقت کیا حالت ہوگی، جب تم نیکی کا حکم نہیں دو گے اور برائی سے نہیں روکو گے؟ لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا یہ ہونے والا ہے آپ نے فرمایا: ہاں، جس ذات کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے اس سے بھی سخت چیز پیش آنے والی ہے؟ لوگوں نے کہا: یارسول اللہ! کیا ایسا ہونے والا ہے آپ نے فرمایا: ہاں، اس سے بھی سخت چیز

[45] مسند احمد ۱۶۳۳۴

[46] مسند احمد ۱۸۳۶۸

[47] ابن النجار، عن جابر۔ کنزالعمال۶۸۸

[48] عبدالرزاق الجیلی، فی الاربعین، بروایت انس، الفردوس للدیلمی (رح) بروایت علی۔ کنزالعمال ۷۵۹

[49] سنن ابی عمر والدوانی ۱/۸۰، الفتن ۱۱۱

پیش آنے والی ہے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: مجھے اپنی ذات کی قسم! میں ان کے لیے ضرور فتنہ پیدا کروں گا، جس میں بردبار شخص بھی حیران ہو جائے گا۔[50]

ایک بڑا فتنہ جس کا زہر ہم خود اپنے ہاتھ سے ہی نئی نسل کو منتقل کر رہے ہیں وہ موبائل کا فتنہ ہے۔ آج بچے ہوش سنبھالنے سے قبل موبائل اور انٹرنیٹ کی دنیا تک پہنچ رہے ہیں جہاں سب کچھ ان کی دسترس میں ہے۔ اگر اس فتنے سے انکو محفوظ رکھنے کے لیے ہم نے کوشش نہیں کی، اس کی تباہ کاریوں سے بچانے کی کوشش نہیں کی تو یہ بالکل ناممکن ہے کہ بچے انٹرنیٹ اور اس کی خرافات سے خود کو بچا سکیں۔ اسکے علاوہ کارٹونز اور ویڈیو گیمز بھی کم مصیبت نہیں۔

ایک رپورٹ کے مطابق ۲۰۲۰/۲۱ میں صرف لاہور شہر میں اٹھارہ ماہ کے دوران ۱۲ ہلاکتوں کا تعلق پب جی گیم سے تھا۔ لاہور پولیس کے ریکارڈ کے مطابق ۱۸ جنوری ۲۰۲۲ کو کاہنہ میں ایک لیڈی ہیلتھ ورکر کو ان کے تین بچوں سمیت قتل کرنے پر چھان بین کی تو مقتولہ کے ۱۴ سالہ بیٹے زین علی کو حراست میں لیا گیا جس نے مبینہ طور پر اس گیم سے متاثر ہو کر یہ واردات کی۔ اسکے علاوہ خودکشیوں کے کئی واقعات ہیں اور وجہ صرف یہی تھی کہ والدین نے پب جی گیم سے منع کیا۔ سیلفی اور ویڈیوز کے شوقین نوجوان خطرناک جگہوں اور کچھ منفرد کر دکھانے کے شوق میں بھی جان گنوا رہے ہیں۔ منشیات بچوں کے سکولوں تک پہنچ چکی ہے۔ کبھی خبر دیکھنے کو ملتی ہے کہ سکول وین کے ڈرائیور نے بچوں کو جنسی زیادتی کا نشانہ بنایا تو کبھی خبر ملتی ہے کہ گلی میں گھر کے سامنے کھیلتے بچے کو کسی شخص نے قریب ہی کسی جگہ لے جا کر زیادتی کا نشانہ بنایا۔ اکثر و بیشتر جرم چھپانے کی غرض سے ایسے بچے بچیوں کو قتل کر دیا جاتا ہے۔ کبھی لاش کچرے کے ڈھیر سے برآمد ہو جاتی ہے تو کبھی لاش بھی نہیں ملتی اور کچھ پتہ ہی نہیں چل پاتا کہ بچہ یا بچی کہاں گئی۔ قصور میں ہزاروں بچوں کے جنسی استحصال اور پھر ان کی ویڈیوز کی ڈارک ویب پر فروخت کا سکینڈل تو عالمی توجہ کا مرکز بنا اور ہمارے نظام انصاف اور سکیورٹی اداروں کے منہ پر کالک ملتا رہا۔

چند ماہ قبل کرم پولیس کی ایک بڑی کاروائی میں ہوشربا انکشافات سامنے آئے۔ ملزم سید طاہر قباد شاخیل ۳۷ بریگیڈ سمیت ایف سی، ایم آئی، وغیرہ کو معصوم بچے سپلائی کرتا تھا۔ گزشتہ پانچ سالوں میں پاراچنار کے درجنوں بچوں کو جنسی زیادتی / بد فعلی کا نشانہ بنایا گیا ہے جبکہ اس دوران ان کی ویڈیو بھی بنائی گئی۔ ان بچوں کی عمریں ۱۴ سال سے کم ہیں۔ ملزم کے لیپ ٹاپ سے ۶۰۰ سے زائد ویڈیوز برآمد ہوئی ہیں۔ مقامی ذرائع کے مطابق سینکڑوں بچے متاثر ہوئے ہیں۔ ملزم اس سے قبل بھی گرفتار ہوا تھا لیکن پاکستان آرمی کے ایک کیپٹن اور میجر کے دباؤ پر ملزم کو رہائی ملی۔ ملزم نے اعتراف کیا کہ بچوں سے زیادتی کی، ویڈیو کلپس بنائے اور والدین کو بلیک میل کر کے رقوم بھی حاصل کیں گئیں۔ اتنا بڑا کیس لیکن مکمل معلومات سوشل میڈیا پر ہی شئیر ہو سکیں جبکہ نیوز چینل پر چھوٹی سی خبر۔ ایسا معاشرہ جہاں آپ کو یہ معلوم نہیں کہ آپ کا بچہ کسی درندے کی ہوس کی بھینٹ چڑھ جائے گا یا معاشرہ اسے ہی درندہ بنا دے گا۔

غرض فتنوں کی ایسی بھرمار کہ انسان ان لوگوں پر رشک کرنے لگتا ہے جو پہلے گزر چکے۔ اب تو یوں معلوم ہوتا ہے کہ ہر آنے والا دن کیا خبر کیسا فتنہ لائے جو خدانخواستہ ہماری عقلوں کو اچک لے۔

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! قیامت قائم نہیں ہو گی حتیٰ کہ آدمی قبر کے پاس سے گزرے گا تو وہ اس پر لوٹ پوٹ ہو گا (لیٹے گا)، اور کہے گا: کاش کہ اس قبر والے کی جگہ میں ہوتا، اور وہ یہ بات دین کی وجہ سے نہیں بلکہ فتنوں اور آزمائشوں کی وجہ سے کہے گا۔“[51]

محمود بن لبید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو چیزیں ایسی ہیں جن کو آدمی ناپسند ہی کرتا ہے (حالانکہ ان میں اس کے لیے بڑی بہتری ہوتی ہے) ایک تو وہ موت کو پسند نہیں کرتا، حالانکہ موت اس کے لیے فتنہ سے بہتر ہے، اور دوسرے وہ مال کی کمی اور ناداری کو نہیں پسند کرتا، حالانکہ مال کی کمی آخرت کے حساب کو بہت مختصر اور ہلکا کرنے والی ہے۔[52]

سوال یہاں یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا ان فتنوں اور ان برائیوں سے دور رہنے پر ہی اکتفا کیا جائے یا ایسے حالات میں ہماری ذمہ داری بنتی ہے کہ کہ موجودہ نظام حکومت اور حکمران جو ان فتنوں اور برائیوں کی اصل وجہ ہیں، انہیں جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے اپنی زندگیاں کھپائیں۔ ہجرت و جہاد کی راہ اختیار کریں۔ ان فتنوں آزمائشوں سے بچنے کا اس سے بہتر بھی کیا کوئی راستہ ہو سکتا ہے؟

ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک زمانہ آئے گا جب مسلمان کا سب سے عمدہ مال اس کی وہ بکریاں ہوں گی جنہیں وہ پہاڑ کی چوٹیوں اور بارش کی وادیوں میں لے کر چلا جائے گا تاکہ اس طرح اپنے دین و ایمان کو فتنوں سے بچا لے۔[53]

مقداد بن اسود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ قسم اللہ کی میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے: نیک بخت وہ ہے جو فتنوں سے دور رہا، نیک بخت وہ ہے جو فتنوں سے دور رہا، اور جو اس میں پھنس گیا پھر اس نے صبر کیا تو پھر اس کا کیا کہنا۔[54]

☆☆☆☆☆

[50] ابن ابی الدنیا فی کتاب الامر بالمعروف والنھی عن المنکر، کنزالعمال ۸۸۷۰

[51] رواہ مسلم۔ مشکوٰۃ المصابیح: ۵۴۴۵

[52] مسند احمد، معارف الحدیث: ۱۹۲

[53] صحیح بخاری ۳۳۰۰

[54] سنن ابوداؤد ۴۲۶۳، تخریج دارالدعوہ: تفرد بہ أبو داود، (تحفۃ الأشراف: ۱۱۵۴۲) (صحیح)

آخر اب نہیں تو پھر کب؟!

راشد دہلوی

ایک لمبے انتظار اور تیاری کے بعد مودی، یوگی اینڈ کمپنی نے کھلم کھلا خونی کھیل کھیلنا شروع کر دیا ہے، منافقانہ جملوں کو طاق میں رکھ کر، سیدھے مسلمانوں پر حملے کیے جا رہے ہیں، چند سالوں پہلے بی بی سی ہندی ریڈیو اسٹیشن پر آر ایس ایس کے ایک کاریہ کرتا (کارکن) کا انٹرویو سنا، جس میں مہاشے فرما رہے تھے کہ آر ایس ایس دھیرے دھیرے بھارت میں اپنی جڑوں کو مزید مضبوط کر رہی ہے تاکہ وقت آنے پر وہ اپنے دشمن (مسلمان) کا خاتمہ کر سکے۔

ایک طرف آر ایس ایس کے یہ منصوبے رہے جبکہ دوسری طرف شروع سے ہی سیکولر مفاد پرست جماعتوں نے مسلمانوں کو ہندو مسلم بھائی چارے، گنگا جمنی تہذیب کا نشہ پلا کر گہری نیند سلائے رکھا۔ نتیجتاً آج ہندوستان میں مسلمانوں کے قتل عام میں تیزی آچکی ہے، مسجدوں اور مدرسوں کو شہید کیا جا رہا ہے، آئے روز قرآن پاک کی بے حرمتی کی جا رہی ہے، نبی کریم ﷺ کی شان میں گستاخانہ کلمات بکنے والے دندناتے پھر رہے ہیں۔

ہندو پوری کے ساتھ دھرم یدھ (مذہبی جنگ) لڑنے مسلمانوں کے علاقوں سے جان بوجھ کر گزرتے ہیں، پولیس و انتظامیہ سے بے خوف ہو کر، کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ پولیس و انتظامیہ بھی انہیں کی حمایتی ہیں۔ تیز آواز میں 'ڈی جے' پر انتہائی فحش، بھڑکانے والے اور گندے گانے بجائے جاتے ہیں، ہتھیاروں کی نمائش کی جاتی ہے، جے شری رام جیسے مذہبی نعرے لگائے جاتے ہیں۔ اکثر اوقات مسلمان بے بس و لاچار اپنی بربادی کا تماشہ دیکھتے ہی رہ جاتے ہیں۔

ظلم و ستم کے اس تسلسل میں 'بہرائچ، اتر پردیش' کا نام بھی درج کیا جاتا ہے، جہاں مسلمانوں کو ایک بار پھر اپنی نفرت کا نشانہ بنانے کی کوشش کی جاتی ہے۔

بہرائچ، اتر پردیش

۱۳ اکتوبر، ۲۰۲۴ء: درگا مورتی وسرجن کے موقع پر، ہندو شر پسند اپنے ناپاک مقاصد کو پورا کرنے کے لیے، ریاست اتر پردیش کے ضلع بہرائش کے علاقے مہاراج گنج پہنچتے ہیں تو اپنی حرکتوں سے مسلمانوں کو یہ پیغام دیتے ہیں کہ ہم تمہیں مسل کر رکھ دیں گے۔ مسلمان انتہائی خوف کے عالم میں غیبی مدد کے منتظر ہیں، جلوس علاقے کی مسجد کے قریب پہنچتا ہے۔ عبد الحمید جو ہندوؤں کی اس حرکت سے سخت ناراض ہے فسادیوں کو ڈی جے بند کرنے کے لئے کہتے ہیں۔ لیکن لاتوں کے بھوت باتوں سے کب مانا کرتے ہیں؟ نوبت ہاتھا پائی تک پہنچ جاتی ہے۔ ہندو بلوائی جیسے اسی موقع کی تلاش میں تھے، ہندو ہجوم آپے سے باہر ہو جاتا ہے، رہائشی علاقہ میدان جنگ میں بدل جاتا ہے، ۲۲ سالہ بھگوہ دہشت گرد 'گوپال' عبد الحمید کے گھر کی چھت پر چڑھ جاتا ہے اور وہاں لگے ہرے رنگ کے جھنڈے کو اتنی زور سے گراتا ہے کہ چھت کی گرل تک ٹوٹ جاتی ہے۔ ہندو خوشی اور جوش میں گلے پھاڑ پھاڑ کر نعرے لگانے لگتے ہیں، مانو کوئی بڑی فتح حاصل کر لی ہو۔ گوپال بے قابو ہو جاتا ہے اور بھگوہ رنگ کا جھنڈا لہرا دیتا ہے۔

